★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداداللہ قریشی

جلد نمبر 12 | پیر 3 صفر المظفر 1445ھ، 21 اگست 2023ء، 7 بھادوں 2080ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 335

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

صدر نے 10 دنوں میں بلز واپس نہیں بھجوائے تو خود بخود قانون بن گئے، نگران وزیر اطلاعات

صدر مملکت کے اسٹاف کا سامنے آکر وضاحت دینا نامناسب عمل ہوگا، ہمیں ایوان صدر سے بل واپس موصول ہوئے ہی نہیں تو ہمیں بلوں پر صدر کے اعتراض کا کیسے پتا چلے گا؟

نگراں حکومت کا سیاست سے کوئی لینا دینا نہیں اور ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں، ہم سیاسی گفتگو سے گریز کریں گے، نگران وزراء مرتضیٰ سولنگی اور عرفان اسلم کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک/نیوز ایجنسیاں) نگران حکومت نے کہا ہے کہ صدر مملکت کے پاس دو بلوں کی منظوری کیلئے دس دن موجود تھے، ان پر اعتراض عائد کرکے واپس کر سکتے تھے نہوں نے ایسا نہیں کیا، مدت پوری ہونے پر بل قانوناً منظور ہوگئے، تیسرا کوئی راستہ نہیں، صدر مملکت کے اسٹاف کا سامنے آکر وضاحت دینا نامناسب عمل ہوگا، ہمیں ایوان صدر سے بل واپس موصول ہوئے ہی (باقی صفحہ 7بقیہ 1)

سعودی وزیر حج وعمرہ 4 روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) سعودی وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ 4 روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ڈاکٹر توفیق الربیعہ حرمین الشریفین کے (باقی صفحہ 7بقیہ 2)

وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی اور وزیر قانون احمد عرفان اسلم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے بارے جان کر دل دہل گیا، نگران وزیراعظم

متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں، انوارالحق کاکڑ، حافظ آباد میں بس حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ شمالی وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے کے بارے میں جان کر دل دہل گیا ہے۔اپنے بیان میں نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے اتوار کو شمالی وزیرستان میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر وزیراعظم نے کہا کہ (باقی صفحہ 7بقیہ 3)

صدر مملکت نے ریاستی نظام میں پھیلے مہلک انفیکشن کو بے نقاب کردیا، تحریک انصاف

تحریک انصاف کا عدالت سے رجوع کرنے کا اعلان معاملے کو سپریم کورٹ کے سامنے رکھیں گے

چیف جسٹس سے ہر پہلو سے تحقیقات کے ذریعے ذمہ داروں کے تعین اور محاسبے کی استدعا کرینگے، ترجمان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے صدر مملکت کی چشم کشا ٹویٹ کی روشنی میں عدالتِ عظمیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ 4)

قلعہ سیف اللہ اور دیگر علاقوں کو ترقی دیکر روزگار کی فراہمی، امن وامان یقینی بنائیں گے

پسماندگی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، نگران وزیراعظم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران وزیراعظم نے کہا قلعہ سیف اللہ اور دیگر علاقوں کو ترقی دیکر روزگار کی فراہمی، امن و امان یقینی بنائیں گے۔انوارالحق کاکڑ (باقی صفحہ 7بقیہ 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سے سینیٹر ارباب عمر کاسی ملاقات کر رہے ہیں

خدا گواہ ہے، میں نے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہیں کیے کیونکہ میں ان قوانین سے متفق نہیں ہوں، ٹویٹ

صدر نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بل پر دستخط کی تردید

عارف علوی کا اقدام آئین کی روح کے منافی ہے

وزارت قانون و انصاف

میں نے عملے سے کئی بار تصدیق کی دستخط کے بغیر واپس بھجوائے جا چکے، تاہم مجھے آج پتا چلا کہ میرا عملہ میری مرضی اور حکم کے خلاف گیا، میں ان لوگوں سے معافی مانگتا ہوں جو اس سے متاثر ہوں گے، عارف علوی

صدر کے پاس دو اختیارات ہوتے ہیں، یا تو بل کی منظوری دیں یا پارلیمنٹ کو واپس بھیج دیں، آرٹیکل 75 کوئی تیسرا آپشن فراہم نہیں کرتا، وزارت قانون وانصاف کا ٹویٹ پر شدید تشویش کا اظہار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل اور پاکستان آرمی ترمیمی بل پر دستخط کی تردید کردی۔اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر جاری بیان میں عارف علوی نے کہا کہ خدا گواہ ہے، میں نے (باقی صفحہ 7بقیہ 7)

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت قانون و انصاف نے صدر مملکت کے حالیہ ٹویٹ پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں وزارت قانون وانصاف نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 75 کے مطابق جب کوئی بل منظوری کے لئے بھیجا جاتا ہے تو صدر مملکت کے (باقی صفحہ 7بقیہ 8)

صدر واضح کریں کہ عملے نے جعلی دستخط کیسے؟ سربراہ پلڈاٹ کا سوال

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو (باقی صفحہ 7بقیہ 15)

الیکشن کیلئے اعتماد کی بہتر فضا بنائی جائے گی، جسٹس (ر) مقبول باقر

اسلام آباد (آن لائن) جسٹس (ر) مقبول باقر نگران وزیر اعلیٰ سندھ (باقی صفحہ 7بقیہ 6)

آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان آرمی ایکٹ ترمیمی بل اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل کے باقاعدہ قانون بننے کا گزٹ نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 7بقیہ 11)

نگران وزیراعظم سے سینیٹر ارباب عمر کاسی کی ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سے سینیٹر ارباب عمر کاسی نے ملاقات کی ہے۔ملاقات میں سینیٹر ارباب عمر کاسی نے وزیراعظم کو وزارت (باقی صفحہ 7بقیہ 10)

استعفیٰ یا عدالتی دوا زہ؟ صدر مملکت نے مختلف آپشنز پر غور شروع کردیا

اسلام آباد (آن لائن) آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بلز پر دستخط کا معاملہ، صدر عارف علوی نے مختلف آپشنز پر غور شروع کردیا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ 9)

میرا دل پاکستان کی چوبیس کروڑ عوام کے ساتھ دھڑکتا ہے، نواز شریف

جلد پاکستان میں اپنی عوام کے درمیان موجود ہوں گا، لیگی رہنماؤں سے ملاقات میں گفتگو

مانانوالہ (آن لائن) قائد پاکستان مسلم لیگ ن سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا کہ میرا دل پاکستان کی چوبیس کروڑ عوام کے ساتھ دھڑکتا ہے میرا (باقی صفحہ 7بقیہ 14)

جڑانوالہ: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ریلیف کیمپ میں متاثرہ خاندان کی خواتین سے گفتگو کر رہے ہیں

نگران پنجاب حکومت کا متاثرین کیلئے 20 لاکھ فی گھر امداد کا اعلان

مسیحی برادری سے اظہار
یکجہتی کیلئے چرچ میں
صوبائی کابینہ کا اجلاس

اسلام اقلیتوں سے حسن سلوک کا درس دیتا، 72 گھنٹے میں دو چرچ بحال، دیگر تمام چرچوں کو جلد بحال کرینگے، متاثرہ خاندانوں میں 48 گھنٹے میں مالی امداد دی جائیگی

وزیراعلیٰ محسن نقوی کا زیر تعمیر اکبر چوک فلائی اوورز پراجیکٹ کا دورہ، تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا، تمام پائلیں اور پائل کیپس مکمل

فیصل آباد/جڑانوالہ (افشاں بتول/نامہ نگار) ”اس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں“ کے مصداق پنجاب حکومت کا مسیحی برادری سے بھرپور اظہار یکجہتی کیلئے نگران (باقی صفحہ 7بقیہ 12)

لاہور (خبرنگار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے زیر تعمیر اکبر چوک فلائی اوورز پراجیکٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔اکبر چوک فلائی (باقی صفحہ 7بقیہ 13)



کوئٹہ: نواب محمد اسلم خان رئیسانی سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

جوڈیشل تقرریوں میں پسند ناپسند چلتی ہے، راجہ پرویز اشرف

ہماری پارلیمانی کمیٹی کو زیادہ طاقتور ہونا چاہیے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے عدالتی تقرریوں کے طریقہ کار میں ترمیم کا مطالبہ کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ موجودہ نظام جانب داری کا شکار ہے۔ایک انٹرویو میں راجا پرویز اشرف نے کہا کہ یہ چیز سامنے آئی ہے کہ (باقی صفحہ 7بقیہ 16)

مسافر بس حادثہ: حمزہ شہباز کا انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

ڈیزل سے لدی پک اپ موٹروے پر کیسے چڑھی؟ سابق وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب و نائب صدر مسلم لیگ (ن) حمزہ شہباز شریف نے موٹروے پر مسافر بس میں آتشزدگی کے واقعہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع (باقی صفحہ 7بقیہ 17)

صدر کے ٹویٹ نے قانون کے مقابلہ میں زیادہ حقیقی سوالات کو جنم دیا، رضا ربانی

صدر کے بیان کی سینیٹ کمیٹی آف دی ہول، کے ذریعے تحقیقات کروائی جائے

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے کا ہے کہ صدر مملکت کے ٹویٹ نے قانون کے مقابلہ میں زیادہ حقیقی کے سوالات کو جنم دیا ہے، آئین 1973 (باقی صفحہ 7بقیہ 30)

اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جلانے کی مذمت کرتے ہیں، نیئر بخاری

عبادت گاہوں کی بحالی تک کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے



جڑانوالہ (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سینیئر بخاری نے کہا ہے کہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جلانے کی مذمت کرتے ہیں، عبادت گاہوں کی بحالی تک کوئی (باقی صفحہ 7بقیہ 39)

صدر کے بیان پر سیاستدانوں کی شدید تنقید فوری مستعفی ہونے کا مطالبہ

عارف علوی کھل کر بات کریں، اخلاقیات کا تقاضا ہے صدر مستعفی ہوں، معاملات پھر عدالتوں میں جائینگے، اسحٰق ڈار، شیری رحمن، سینیٹر مشتاق احمد

جس صدر کو نہیں پتہ کہ ایوان صدر میں کیا ہو رہا ہے وہ عہدے پر رہنے کا اہل ہی نہیں، فیصل کریم کنڈی، رانا ثنا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل سے متعلق صدر مملکت عارف علوی (باقی صفحہ 7بقیہ 18)

حافظ آباد: نگران وفاقی وزیر مواصلات شاہد اشرف تارڑ، آئی جی موٹروے پولیس سلطان علی خواجہ ودیگر کا جائے حادثہ کا دورہ، زخمی کی عیادت کی

روات: سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف گرڈ اسٹیشن میں فیڈر کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

سائفر کیس میں اسد عمر بھی گرفتار، شاہ محمود کا ایک روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

سابق وفاقی وزیر اسد عمر کو گرفتار کرلی، وکیل کا دعوی، صرف پوچھ گچھ کی گئی ایف آئی اے نے گرفتاری کی تصدیق سے انکار کردیا

جن وکلا کے وکالت نامے ہیں صرف وہ کمرہ عدالت میں رہیں، ڈیوٹی مجسٹریٹ احتشام عالم نے میڈیا کو کمرہ عدالت سے نکال دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شاہ محمود قریشی کے بعد اسد عمر کو بھی (باقی صفحہ 7بقیہ 31)

بہاولپور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن کو دریائی علاقے بارے بریفنگ دی جارہی ہے

سانحہ جڑانوالا کے ملزمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، عامر میر

20 لاکھ روپے فی کس معاوضہ اگلے 48 گھنٹوں میں ادا کردیا جائیگا، وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عامر میر نے کہا ہے کہ پنجاب کابینہ نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت ایک چرچ میں ہونے والے اجلاس کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات (باقی صفحہ 7بقیہ 29)

ایمان مزاری کا جوڈیشل ریمانڈ اور علی وزیر کا جسمانی ریمانڈ منظور

اہلکار ہمارے سیکیورٹی کیمرے اور ایمان کا لیپ ٹاپ اور فون بھی لے گئے، شیریں مزاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد پولیس نے سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری کی بیٹی ایمان مزاری او سابق رکن اسمبلی علی وزیر کو گرفتار کرلیا۔تھانہ ترنول پولیس ایمان مزاری کو ان کے گھر سے گرفتار کرکے اپنے ساتھ لے گئی۔سابق وفاقی وزیر شیریں (باقی صفحہ 7بقیہ 32)

پنڈی بھٹیاں جائے حادثہ کا دورہ) حادثے پر دلی دکھ ہوا، وفاقی وزیر مواصلات

مریضوں کی عیادت اور زخمیوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی

حافظ آباد (بیورو چیف) نگران وفاقی وزیر مواصلات شاہد اشرف تارڑ نے ٹی ایچ کیو ہسپتال پنڈی بھٹیاں اور موٹروے پر جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر عمر فاروق وڑائچ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر فہد احمد، اسسٹنٹ کمشنر راشد اقبال اور دیگر افسران بھی ان (باقی صفحہ 7بقیہ 19)

پنڈی بھٹیاں کے قریب بس کو حادثہ، آتشزدگی سے 20 مسافر جاں بحق، متعدد زخمی

سیاسی رہنماؤں کا اظہار افسوس
اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب
لاپرواہی پر 9 اہلکار معطل

مسافر بس کراچی سے اسلام آباد جارہی تھی، 4 زخمیوں کی حالت تشویشناک، معطل کئے گئے پولیس افسران میں ایک ڈی ایس پی، تین انسپکٹر، پانچ سب انسپکٹر پٹرولنگ آفیسر شامل

حادثے کی مکمل تحقیقات کی جائیں، صدر، نگران وزیراعظم، وفاقی کابینہ، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی، شہباز شریف، بلاول بھٹو زرداری و دیگر کا اظہار تعزیت

حافظ آباد (بیورو چیف/نمائندہ خصوصی) کراچی سے اسلام آباد جاتے ہوئے پنڈی بھٹیاں کے قریب مسافر بس کو حادثہ پیش آ گیا جس کے نتیجے میں آتشزدگی سے 16 افراد جھلس کر جاں بحق جبکہ 15 زخمی ہو گئے۔حادثے سے متعلق بات کرتے ہوئے ڈی پی او ڈاکٹر فہد نے بتایا کہ 18 لاشیں نکال لی گئی ہیں، حادثے میں بس اور پک اپ وین کا ڈرائیور بھی (باقی صفحہ 7بقیہ 38)

حافظ آباد: حادثے کا شکار ہونیوالے بس سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

بس حادثے کی وجوہات کا تعین ضروری ہے، مریم نواز

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر (باقی صفحہ 7بقیہ 23)

عمران خان کے گھر زمان پارک کے قریب سے مشکوک شخص گرفتار

لاہور (آن لائن) لاہور زمان پارک میں پاکستان تحریک انصاف (باقی صفحہ 7بقیہ 22)

امن امان کی بحالی و سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے موثر حکمت عملی اپنانا ہوگی، نگران وزیراعلیٰ بلوچستان

سبی (آن لائن) نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی (باقی صفحہ 7بقیہ 36)

کوئٹہ، کانگو وائرس کے 2 مریض فاطمہ جناح ہسپتال منتقل

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں کانگو وائرس کے 2 مریض فاطمہ جناح (باقی صفحہ 7بقیہ 37)

سابق وزیراعظم شہباز شریف پارٹی قائد سے ملاقات کیلئے لندن روانہ

غیر ملکی لائنز کی پرواز کیو آر 629 سے لاہور سے براستہ دوحہ لندن روانہ ہوئے

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف لندن روانہ ہو گئے۔شہباز شریف غیر ملکی لائنز کی پرواز کیو آر 629 سے لاہور سے براستہ دوحہ لندن روانہ ہوئے۔شہباز شریف کے صاحبزادے سلیمان شہباز بھی ان کے (باقی صفحہ 7بقیہ 33)

سائفر گمشدگی کی درج ایف آئی آر کی تفصیلات منظر عام پر آ گئیں

عمران اور شاہ محمود قریشی سمیت دیگر کے خلاف سخت سزائیں دینے کا فیصلہ بھی کرلیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کے خلاف سائفر گمشدگی کی درج ایف آئی آر کی تفصیلات منظر عام پر آ گئیں۔تفصیلات کے مطابق سائفر گمشدگی کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی (باقی صفحہ 7بقیہ 34)

پیپلز پارٹی کو چند نشستوں پر نقصان کے ڈر سے مردم شماری پر اعتراض ہے، رانا ثناء

مردم شماری پر پوری قوم کو اعتماد، عام انتخابات میں 90 دن کی تاخیر سے کوئی فرق نہیں پڑے گا

اسلام آباد (آن لائن) سابق وزیر داخلہ اور مسلم لیگ ن کے رہنما رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو چند نشستوں پر نقصان کے ڈر کے باعث مردم شماری پر اعتراض ہے، 90 دن کی تاخیر سے فرق نہیں پڑے گا۔نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7بقیہ 35)

تمام مذاہب کے علمائے دین پر مشتمل کمیشن تشکیل دیا جائے، البرٹ ڈیوڈ اشرف مل

سانحہ جڑانوالہ کی جوڈیشل انکوائری کروائی جائے اور ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

اسلام آباد (آن لائن) ممبر قومی اقلیتی کمیشن البرٹ ڈیوڈ اشرف مل نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ کی جوڈیشل انکوائری کروائی جائے اور ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، تمام مذاہب کے علمائے دین پر مشتمل ایک کمیشن تشکیل دیا جائے (باقی صفحہ 7بقیہ 20)

سی پیک پورے خطے کے لئے خوشحالی کا پیامبر ہے، احسن اقبال

پاکستان اور چین دوستی اور بھائی چارہ کے لازوال بندھن میں جڑے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین دوستی اور بھائی چارہ کے لازوال بندھن میں جڑے ہیں، سی پیک پورے خطے کے لئے خوشحالی کا پیامبر ہے، پاک چین بارڈر پر تجارتی مارکیٹ قائم کر کے تجارت کو فروغ (باقی صفحہ 7بقیہ 21)

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، گورنر پنجاب

ضلعی انتظامیہ بشمول تمام حکومتی ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں، بلیغ الرحمن

بہاول پور (آن لائن) گورنر پنجاب بلیغ الرحمن نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔دریائے ستلج میں ممکنہ سیلاب سے نبرد آزما ہونے کے لئے ضلعی انتظامیہ بشمول تمام حکومتی ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں۔ان خیالات کا (باقی صفحہ 7بقیہ 28)

الیکشن کمیشن مساوی آبادی پر مشتمل انتخابی حلقوں کی تشکیل یقینی بنائے، فافن

حلقہ بندیوں پر اعتراضات کی سماعت اسلام آباد کی بجائے صوبوں کی سطح پر کی جائے، تجاویز

اسلام آباد (آن لائن) فری اینڈ فئیر الیکشن نیٹ ورک (فافن) نے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر میں مساوی آبادی پر مشتمل انتخابی حلقوں (باقی صفحہ 7بقیہ 26)

نالہ ڈیک سے اینٹی ٹینک مائن برآمد، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنادیا

نارووال (این این آئی) نالہ ڈیک سے اینٹی ٹینک مائن برآمد ہوئی (باقی صفحہ 7بقیہ 27)

الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظرثانی، فوری انتخابات کا اعلان کرے، سراج الحق

پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی نے الیکشن کو ملتوی یا موخر کرنے کی سازش کی، الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظر ثانی اور فوری انتخابات کا اعلان کرے

صدر مملکت کی ٹوئٹ کے بعد نیا پنڈورا بکس کھل گیا، ادارے مذاق بن گئے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے قومی انتخابات کی تاریخ کا اعلان نہ کیا تو وکلا سے مشاورت کے بعد سپریم کورٹ جائیں (باقی صفحہ 7بقیہ 24)

لاہور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک بھر میں ایل پی جی گیس کی مہنگی اور بحران پیدا کرنے کا خدشہ

پاکستان میں ایل پی جی مافیا نگران حکومت کیلئے چیلنج بن گیا، رپورٹ

فیصل آباد (آن لائن) ملک بھر میں ایل پی جی گیس کی مہنگی اور بحران پیدا کرنے کا خدشہ ٭ پاکستان میں ایل پی جی مافیا نگران حکومت کیلئے چیلنج بن گیا، 2 ٹرمینلز اور (باقی صفحہ 7بقیہ 25)

سول لائنز پولیس کے کرپٹ رشوت خور اے ایس آئی اعجاز اور ندیم کیخلاف ہوٹل مالکان کا شدید احتجاج

رشوت نہ دینے پر مذکورہ اے ایس آئی جھوٹے، بے بنیاد مقدمات درج کرنے لگے، چھاپوں کے دوران مختلف قیمتی اشیا چوری ہونے کا انکشاف

مذکورہ اہلکاروں کیخلاف کارروائی اور بے گناہوں کے خلاف مقدمات کا سلسلہ ختم نہ ہونے تک احتجاج جاری رہے گا، ہوٹل مالکان



لاہور (کرائم رپورٹر) سول لائنز پولیس کے کرپٹ اور رشوت خور اے ایس آئی۔اعجاز۔اور ندیم۔کے۔خلاف ہوٹل مالکان کا شدید احتجاج جبکہ بے گناہوں کے خلاف مقدمات کا سلسلہ ختم نہ ہونے تک احتجاج جاری رہے گا مالکان ۔۔ بتایا گیا ہے کہ کئی ماہ سے (باقی صفحہ 7بقیہ 83)

مجھے حساس ادارے کی جانب سے 7 کے قریب ہوٹلوں کے خلاف آپریشن کا کہا گیا، ایس ایچ او سول لائنز

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایچ او سول لائنز نسیم خان نے اپنا موقف (باقی صفحہ 7بقیہ 85)

ایس پی سول لائنز حسن رضا کے آرڈر کے مطابق چھاپے مار رہے، اے ایس آئی

لاہور (کرائم رپورٹر) اے ایس آئی اعجاز اور ندیم نے بتایا کہ فحاشی پھیلانے والوں کے خلاف ایس پی سول (باقی صفحہ 7بقیہ 84)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

ہم نے پاکستان بنانے کے مقاصد کو بھلادیا: ہشام الٰہی ظہیر

ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ کی بجائے تجربات پہ تجربات کئے جارہے ہیں

لاہور (خبرنگار) جمعیت اہل حدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ ہم نے پاکستان بنانے کے مقاصد کو بھلادیا ہے جس کی وجہ سے آج ہم انتشار کا شکار ہیں، اور ذلت رسوائی ہمارا مقدر بن گئی ہے، ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ کی بجائے تجربات پہ تجربات کئے جارہے ہیں، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکامات نافذ نہ کرکے بربادی کا راستہ اختیار کیا ہے، ڈنمارک میں ایک بار پھر قرآن کی بے حرمتی کی گئی جس کی مذمت کرتے ہیں، یورپ کے ایسے رجحان سے عالمی امن خطرے میں پڑھ جائے گا۔ وہ گذشتہ روز گوجرانوالہ نوشہرہ ورکاں سے قاری عبدالرزاق ربانی، حافظ نوید الرحمن یزدانی، قاری ابوبکر خادم، میاں زاہد ظہیر قصور، پتوکی سے مولانا اعظم طارق، بشارت ڈوگر کوٹ رادھا کشن مولانا محمد اشرف نعیم، مولانا عبدالرزاق عابد بلوچ، قاری شفیق الرحمن ربانی، حکیم عبدالطیف مدنی، حافظ احمد اللہ حامد، شیخ فیاض، حافظ ارشد عمران ظہیر و دیگر سے ملاقات کے دوران گفتگو کررہے تھے۔

قرآن پاک کی توہین، دنیا میں بدامنی کو ہوا دی جارہی: حافظ عبدالوحید روپڑی

بھارت ہمارا ازلی دشمن اور کشمیر ہماری شہ رگ اسکو ابھی تک ہندو بنیے سے آزاد نہیں کرواسکے

لاہور (خبرنگار) جماعت اہلحدیث پنجاب کے امیر مولانا حافظ عبدالوحید روپڑی نے قرآن پاک کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سویڈن، ڈنمارک کے بعد ہالینڈ میں قرآن پاک کی توہین کرکے اربوں مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے ہیں اور دنیا میں بدامنی کو ہوا دی جارہی ہے، کلمہ طیبہ کے نام پر بننے والے وطن عزیز پاکستان کو مکمل اسلامی وفلاحی ریاست بنانے میں اپنا کردار ادا کیا جائے گا، ہم نے دوقومی نظریئے کو پس پشت ڈال انگریز کے بنائے ہوئے قانون کو اپنایا اور کلمہ طیبہ کے مطلب سے انحراف کیا جس کی وجہ سے آج ہم انتشار اور افتراق کا شکار ہیں۔ گذشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت ہمارا ازلی دشمن ہے اور کشمیر ہماری شہ رگ ہے اسکو ابھی تک ہندو بنیے سے آزاد نہیں کروا سکے حکمران قائداعظم محمد علی جناح کا فرمان بھول چکے ہیں جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے ہمیں آزادی کو قائم رکھنے کے لیے اور ملک کو مضبوط بنانے کے لئے کشمیر کو آزاد کروانا ہوگا انہوں نے کہا کہ پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں کے دہشت گردی کرنے والے اسلام اور ملک وملت کے دشمن ہیں۔

ناجائز شکار جنگلی بٹیر، تیتر اور طوطوں کی پاداش میں 10 شکاریوں کے چالان

محکمہ جنگلی حیات کی صوبہ بھر میں غیر قانونی شکار کی روک تھام کیلئے کارروائیاں جاری ہیں، حکام

لاہور (خبرنگار) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات وماہی پروری پنجاب مدثر وحید ملک کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات وپارکس پنجاب مبین الٰہی کی زیر قیادت محکمہ کی صوبہ بھر میں غیر قانونی شکار کی روک تھام کیلئے کارروائیاں جاری ہیں اور ایسی ہی متعدد کارروائیوں کے دوران صوبہ کے مختلف مقامات سے ناجائز شکار جنگلی بٹیر، تیتر اور طوطوں کی پاداش میں 10 غیر قانونی شکاریوں کے چالانات، تین کو محکمانہ معاوضہ کی مد میں پینتیس ہزار روپے جرمانہ جبکہ دیگر کیخلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ تفصیل کیمطابق ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف سرگودھا ریجن عروج ظہیر کی سربراہی میں وائلڈ لائف سٹاف سرگودھا نے ناجائز شکار جنگلی بٹیر کیلئے لگائے گئے سیٹ اپ گیئرز برآمد کرکے چار مقدمات درج کر لئے جبکہ ایسی دیگر کارروائیوں میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف لیہ/بھکر وسیم حیدر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناجائز شکار جنگلی بٹیر اور تیتر پر تین افراد کیخلاف مقدمات درج کرکے قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔ اسیطرح اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع بہاولنگر منور حسین نجمی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بہاولنگر ہارون آباد اور فورٹ عباس سے ناجائز شکار جنگلی بٹیر اور طوطوں کی پاداش میں تین شکاریوں کو گرفتار کرکے انہیں مبلغ پینتیس ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کرکے کیس نمٹادیئے۔

لاہور: صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی یوم آزادی کی مناسبت سے پنجاب یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر علی عظمت کے قائداعظم سے اظہار عقیدت پر مبنی فن پارے کی نمائش کا افتتاح کررہے ہیں

پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس کے زیر اہتمام یوم آزادی پر علی عظمت کے فن پاروں کی نمائش

قائداعظم نے ایک عظیم جدوجہد کے بعد ہمیں پاکستان کا تحفہ دیا: عارف علوی صدر

نمائش کا افتتاح صدر پاکستان عارف علوی اور ان کی اہلیہ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کیا

لاہور (خبرنگار) پاکستان کی 76 ویں جشن آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس کے زیر اہتمام فار آرٹ سیک کے اشتراک سے معروف مصور اور پنجاب یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر علی عظمت کی پینٹنگز اور ڈرائنگ کی سولو نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ نمائش کا افتتاح صدر پاکستان عارف علوی اور ان کی اہلیہ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عارف علوی نے کہا کہ قائداعظم نے ایک عظیم جدوجہد کے بعد ہمیں پاکستان کا تحفہ دیا جس کے لیے لوگوں نے بھاری قیمت ادا کی اور اپنی جانیں قربان کیں۔ انہوں ے کہا کہ ہم ان کامیابیوں پر فخر کرسکتے ہیں جو ہم نے بحیثیت قوم حاصل کی ہیں اور مجھے لگتا ہے کہ کچھ ایسے شعبے ہیں جہاں ہم مزید بہتر کرسکتے ہیں۔ خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی نے ملک میں فن اور ثقافت کے فروغ میں فنکاروں کے کردار کو سراہا۔ یہ سفری نمائش اس سے پہلے لاہور میں دکھائی گئی تھی اور آئندہ اسے گلگت لے جایا جائے گا۔ علی عظمت نے اپنے کام کے ذریعے رنگ وجمالیات میں اضافہ کرتے ہوئے ملک کے وسیع تر سیاسی منظر نامے میں وضاحت اور بیداری لانے کی ذمہ داری اٹھائی ہے۔ انہوں نے اپنی تخلیقات میں یہ کارنامہ نمایاں طور پر انجام دیا ہے۔ اگر علی عظمت کی ایک پینٹنگ سے دوسری پینٹنگ دیکھیں تو دیکھا جاسکتا ہے کہ انہوں نے قائداعظم کی شکل کے بدلتے ہوئے تاثرات کو کتنے شاندار طریقے سے قید کیا ہے۔ ایک میں نرم مسکراہٹ ہے تو دوسری میں ہلکی سی الجھن، کبھی کبھی اداسی نظر آتی ہے، تاثرات کا ذخیرہ فنکار کی صلاحیتوں کا عکاس ہے۔ علی عظمت منفرد انداز بنانے کے لیے مختلف ذرائع اور تکنیکوں کا استعمال کرتے ہیں جیسے تیل و پانی کے رنگ کولیج اور میڈیا وغیرہ۔ علی عظمت نے افتتاحی تقریب سے خطاب میں کہا کہ ان پینٹنگز میں دکھایا گیا پیار نہ صرف ہمارے قائد سے میری محبت کا اظہار ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے دلوں میں اس محبت کو زندہ رکھنے کی ایک عاجزانہ کوشش بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری کوششیں کتنی کامیاب ہوئیں، میں اس کا فیصلہ مبصرین پر چھوڑتا ہوں۔ نمائش کو شرکاء کی ایک بڑی تعداد نے دیکھا جن میں فنکاروں، طلباء، وی آئی پیز، سرکاری افسران، پریس اور میڈیا کے لوگ شامل تھے۔ طلباء کی ایک بڑی تعداد نے بھی شو کا دورہ کیا اور فنکار سے ان کی تکنیک اور فن کے طریقوں کے بارے میں دریافت کیا۔

اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں، سرمایہ کاری کو تحفظ دینے کیلئے موثر قانون سازی کی جائے' میاں عامر رزاق

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے کہا ہے کہ حکومت اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں اور سرمایہ کاری کو تحفظ دینے کیلئے موثر قانون سازی کرے، اوورسیز پاکستانیوں کی ترسیلات زر سے ملک کا نظام چلتا ہے لیکن بدقسمتی سے یہاں ان کی جائیدادوں پر قبضے اور سرمائے کو ہڑپ کرلیا جاتا ہے، بیرون ملک مقیم برکت مسیح کے گلکسو ٹاؤن فیروز پور روڈ پر واقعہ گھر کا قبضہ واگزار کرایا جائے۔ اہل علاقہ کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے میاں عامر رزاق نے کہا کہ حکومت اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے با اختیار کمیشن بنائے، بدقسمتی سے بہت سے اوورسیز پاکستانی انہی مسائل کی وجہ سے اپنی جائیدادیں فروخت کرکے بیرون ملک منتقل ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز محب وطن پاکستانی ہیں اور ترسیلات زر اور سرمایہ کاری کے ذریعے پاکستان کی معیشت کو چلانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، حکومت اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں اور سرمائے کو تحفظ دینے کے لئے موثر قانون سازی کرے۔

جڑانوالہ میں پیش آنے والے واقعات انتہائی دلخراش ہیں' پاکستان مسلم لیگ

اعلیٰ سطحی انکوائری کراکے ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے' جنرل سیکرٹری لاہور ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ جڑانوالہ میں پیش آنے والے واقعات انتہائی دلخراش ہیں، مشتعل افراد کی جانب سے مسیحیوں کی عبادتگاہیں اور گھروں کو جلانا اسلام اور نظریہ پاکستان کے خلاف ہے، اگر کسی بدبخت نے توہین قرآن پاک کی تھی تو اسے قانون کے حوالے کیا جانا چاہیے تھا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جڑانوالہ میں جو بھی واقعات پیش آئے ہیں ان کی اعلیٰ سطحی انکوائری کرائی جائے اور ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، اس واقعہ کی آڑ میں جن افراد نے شرپسندی کی ہے قانون کو ان کے خلاف سختی سے حرکت میں آنا چاہیے۔ اس واقعہ سے پوری دنیا میں پاکستان کی رسوائی اور بدنامی ہوئی ہے، یہ اتنا سادہ معاملہ نہیں ہے اس لئے اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوسکے۔ ندیم پہلوان نے کہا کہ وفاقی اور پنجاب حکومت متاثرین کی فوری امداد کریں، مسیحیوں کی نذر آتش کی گئی عبادتگاہوں اور گھروں کو ہنگامی بنیادوں پر دوبارہ تعمیر کیا جائے اور دیگر جو نقصان ہوا ہے اس کا بھی ازالہ کیا جانا چاہیے۔

چیف ایگزیکٹو لیسکو کا نیپرا ٹیم کے ہمراہ ساؤتھ ایسٹرن سرکل کا دورہ

دورے کے دوران انجینئر شاہد حیدر اور نیپرا ٹیم نے سرکل کے مختلف حصوں کا معائنہ بھی کیا

لاہور (خبرنگار) چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر کا نیپرا کی ٹیم کے ہمراہ ساؤتھ سرکل کا دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو اور نیپرا کی ٹیم نے دورے کے دوران مختلف تکنیکی امور خاص طور پر ارتھنگ کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر حفاظتی انتظامات کو مزید بہتر بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورے کے دوران انجینئر شاہد حیدر اور نیپرا ٹیم نے سرکل کے مختلف حصوں کا معائنہ بھی کیا۔

پاکستان میں نظام مصطفی ﷺ کا نفاذ وقت کا تقاضہ ہے' سنی علما کونسل

پاکستان کی غیور عوام ناموس صحابہؓ واہل بیتؓ وامہات المومنینؓ کے بل کو قانونی شکل میں دیکھنا چاہتی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر سنی علماء کونسل پنجاب مولانا اشرف طاہر، صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان میں نظام مصطفی ﷺ کا نفاذ وقت کا تقاضا ہے، صحابہؓ واہل بیتؓ وامہات المومنینؓ کی عزت وآبرو ہمیں اپنی جانوں اور بچوں سے زیادہ عزیز ہے، پاکستان کی غیور عوام ناموس صحابہؓ واہل بیتؓ وامہات المومنینؓ کے بل کو قانونی شکل میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل ہوا بدقسمتی سے آج یہاں اسلام ہی سب سے زیادہ مظلوم ہے جس کا دل کرتا ہے قرآن مجید کی بے حرمتی کرتا ہے جس کا دل کرتا کہ صحابہ اکرامؓ واہل بیتؓ اور امہات المومنینؓ کی شان میں گستاخی کرتا ہے اور اس طرح مسلمانوں کے جذبات سے کھیلا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناموس صحابہؓ واہل بیتؓ وامہات المومنینؓ کے بل کی منظوری کے بعد انتظامیہ کو فرقہ واریت کے واقعات کو کنٹرول کرنے میں یہ قانون مدد فراہم کرے گا اس لیے صدر مملکت سینٹ سے پاس ہونے والے ناموس صحابہؓ واہل بیتؓ اور امہات المومنینؓ بل پر فوری دستخط کریں تاکہ یہ ملک کا آئین اور قانون بن سکے۔

عوام نواز شریف کو چوتھی بار وزیراعظم بنانے کا فیصلہ کرچکے ہیں' میاں حسیب امجد

انتخابات کی تیاریاں کریں، بہت جلد نواز شریف ہمارے درمیان ہوں گے' رہنما (ن) لیگ

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں حسیب امجد نے کہا ہے کہ نواز شریف کی ملک وقوم کے لئے بڑی قربانیاں اور خدمات ہیں اور اسی وجہ سے عوام انہیں چوتھی بار وزیراعظم بنانے کا فیصلہ کرچکے ہیں، (ن) لیگ نے ہر دور میں پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ انہوں نے اپنے دفتر میں لیگی کارکنوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے لئے تیاریاں کریں، بہت جلد میرے اور آپ کے قائد نواز شریف ہمارے درمیان ہوں گے۔ نواز شریف نے ملک وقوم کی خدمت کے صلے میں کبھی جبری جلاوطنی، تو کبھی بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہلی کا سامنا کیا۔ میاں حسیب امجد نے کہا کہ نواز شریف کو عوام نے 3 مرتبہ اپنی خدمت کے لئے منتخب کیا ہر بار انہوں نے پہلے سے زیادہ تیز رفتاری سے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا، ملک میں آج تک جتنی بھی ترقی ہوئی وہ نواز شریف کے دور حکومت میں ہوئی۔

لاہور: انٹرنیشنل حجامہ سمپوزیم کے موقع پر مولانا طارق جمیل کو حکیم احمد سلیمی صدر نیشنل کونسل فارتب، حکیم عطاالرحمن صدیقی ودیگر شیلڈ دے رہے ہیں

شعبہ صحت ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے بغیر ادھورا ہے جاوید اکرم

دنیا بھر میں ہومیو پیتھک علاج کی افادیت کو تسلیم کیا جاتا ہے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) شعبہ صحت ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے بغیر ادھورا ہے۔ دنیا بھر میں ہومیو پیتھک علاج کی افادیت کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ پاکستانی ہومیو پیتھک فارماسیوٹیکل کی تیار کردہ ادویات دنیا کے کئی ممالک میں استعمال کی جاتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے زندگی ہومیو پیتھک کلینک ٹاؤن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر مسعود ہومیو پیتھک فارماسیوٹیکل کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد زبیر قریشی، فاران ہومیو پیتھک فارماسیوٹیکل کے چیف ایگزیکٹو خرم عظیم اور ڈائریکٹر ہومیو پیتھک ڈاکٹر طارق چوہدری، وارسن ہومیو پیتھک فارماسیوٹیکل کے چیف ایگزیکٹو انوار الٰہی، روٹس فارماسیوٹیکل کے چیف ایگزیکٹو سیف الرحمن سیفی، امثل فارما کے چیف ایگزیکٹو عمران رشید، سونیکسو لیبارٹریز کے چیف ایگزیکٹو عابد فاروق، چیئرمین نور ہومیو پیتھک گروپ آف کالجز ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد طاہر نظامی، ایچ ای سی اے کے سیکرٹری اطلاعات عون محمد چمن، ہمدرد کے علی بخاری، مہر عبدالروف، ہومیو پیتھک ڈاکٹر سلیمان، ہومیو پیتھک ڈاکٹر فاروق عنائیت، ہومیو پیتھک ڈاکٹر فضل، ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمد سلیم سمیت مختلف مکاتب فکر کی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔

دہشت گرد کبھی مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے، خالد مسعود سندھو

شمالی وزیرستان میں دھماکے اور پنڈی بھٹیاں حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر شدید دکھ ہوا

لاہور (خبرنگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو نے شمالی وزیرستان کے علاقہ وادی شوال میں دھماکہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد کبھی بھی اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ پوری قوم دہشتگردی کی اس جنگ میں سیسہ پلائی دیوار کی طرح اپنے سکیورٹی فورسز اور جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے، وادی شوال میں مزدوروں کی گاڑی پر ہونے والے دھماکے میں 11 قیمتی جانوں کے نقصان پر شدید دکھ اور افسوس ہوا ہے، دوسری جانب مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو کا پنڈی بھٹیاں مسافر بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر دل افسردہ ہے، بڑے پیمانے پر انسانی جانوں کے نقصان پر لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتا ہوں، مشکل کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اس موقع پر انہوں نے دعا کرتے ہوئے کہا اللہ پاک ملک میں ہونے والے دونوں حادثوں میں جان بحق افراد کے درجات کی بلند فرمائے، زخمیوں کی جلد صحتیاب اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے آمین۔

جڑانوالہ واقعہ کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کرائی جائیں' قاری عمران رحیمی

قرآن پاک کی توہین کرنے والے اور قانون ہاتھ میں لینے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام ضلع لاہور کے نائب امیر قاری عمران رحیمی نے کہا ہے کہ جڑانوالہ واقعہ کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کرائی جائیں، قرآن پاک وشان رسالتؐ کی بیحرمتی اور مسیحوں کی عبادت گاہوں کو جلانے کی مذمت کرتے ہیں، قرآن پاک کی توہین کرنے والے اور قانون ہاتھ میں لینے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جے یو آئی ضلع لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اجلاس میں سرپرست مولانا اصغر علی، مولانا اشرف علی خان، جنرل سیکرٹری قاری محمد زکریا، ترجمان قاری نعمت اللہ فاروقی، قاری محمد حیان، ڈاکٹر محمد حسین شاہد، ڈاکٹر افتخار گیلانی، مولانا رمضان شکیل، ادریس قاری، ابو الاحسان قاری، طارق احمد شاہ، مولانا حبیب اللہ فاروقی، حافظ جاوید معاویہ، چوہدری نصیر احمد، قاری غلام مصطفی معاویہ، عبیداللہ خان سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ اجلاس کے شرکاء نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعہ کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کرائے اور اصل مجرموں کو کٹہرے میں لائے قرآن پاک کی بے حرمتی کوئی بھی مسلمان برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں ہے اس شور شرابے میں اصل مجرموں کو محفوظ راستہ نہیں ملنا چاہیے جن بدبختوں نے قرآن پاک کو نذر آتش کیا ہے۔

جڑانوالہ سانحہ پر قانونی تقاضے پورے کیے جائیں' متحدہ علماء کونسل

جڑانوالہ واقعات کے پیچھے پاکستان دشمن قوتوں کی سازش کو بھی مدنظر رکھا جائے' علماء کا مشترکہ بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین مولانا عبدالروف ملک، مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی، مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جڑانوالہ سانحہ پر قانونی تقاضے پورے کیے جائیں، توہین قرآن کے مرتکب مجرم اور اشتعال دلانے والے افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، جڑانوالہ واقعات کے پیچھے پاکستان دشمن قوتوں کی سازش کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست انصاف سے کام لیتے ہوئے قرآن کی توہین اور اس کے ردعمل میں ہر نوع کا فساد پھیلانے شرانگیزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق اقدامات کرے توہین قرآن توہین مذہب اور مقدسات کی اہانت کرنے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، جڑانوالہ واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیق کروائی جائیں اور عدل و انصاف کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے ہر شہری کی جان ومال کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے احتجاج کی آڑ میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا اور اقلیتوں کے گھروں اور عبادگاہوں پر حملہ کرنا انتہائی افسوسناک عمل ہے۔ اسلام اور آئین پاکستان تمام اقلیتوں کی جان مال اور ان کی عبادت گاہوں کے احترام اور انہیں تحفظ فراہم کرنے کی ضمانت دیتا ہے۔

(ن) لیگ مستقبل میں منظم سیاسی قوت بن کر ابھرے گی' سلیم رضا

نواز شریف کی واپسی پر مشاورت مکمل ہوچکی، بہت جلد عوام میں ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ (ن) لیگ مستقبل میں منظم سیاسی قوت بن کر ابھرے گی، پنجاب میں احساس محرومی کے خاتمے کیلئے صوبے کے عوام کو مسلم لیگ (ن) کے ساتھ چلنا ہوگا، میاں نواز شریف کی واپسی پر مشاورت مکمل ہو چکی ہے میاں نواز شریف، بہت جلد عوام میں ہونگے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کی وطن واپسی جلد نظر آرہی ہے کیونکہ موجودہ معاشی حالات میاں محمد نواز شریف کے بغیر نہیں سنبھلیں گے (ن) لیگ نے اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھ کر ہمیشہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی یہی وجہ ہے۔

لاہور: مسیحی برادری کے افراد سانحہ جڑانوالہ کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاج کررہے ہیں

محتسب پنجاب کے حکم پر پی ایچ اے ملازم کی بیوہ خاتون کی دادرسی

لاہور (سٹاف رپورٹر) محتسب پنجاب میجر (ر) اعظم سلیمان خان کے حکم پر ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی گوجرانوالہ نے متوفی ملازم کی بیوہ کو واجبات مبلغ 974,01,24/- روپے کی ادائیگی کر دی۔ مذکورہ خاتون نے شکایت درج کروائی تھی کہ اس کا خاوند پی ایچ اے گوجرانوالہ میں بطور سپرے مین کام کرتے ہوئے، دوران ملازمت سال 2020 میں وفات پا گیا تھا لیکن ادارے نے تقرری وارثان کی ڈگری کے باوجود بار بار درخواست پر بھی واجبات ادا نہ کئے۔ سائلہ اور باقی وارثان متوفی کا کوئی روزگار نہ ہے شکایت کنندہ نے دفتر محتسب پنجاب میں واجبات دلوائے جانے کی بابت درخواست گزاری۔

ڈولفن ان ایکشن، چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 26 ملزمان گرفتار

منشیات کے خلاف کارروائی کے دوران شراب، بیئر کین، چرس وہیروئن برآمد کی گئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی ڈولفن زوہیب نصر اللہ رانجھا نے ڈولفن سکواڈ اور پی آر یو کی گزشتہ ہفتے کی کارکردگی رپورٹ سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہیلپ لائن پر موصول 1289 کالز پر فوری ریسپانس عمل میں لایا گیا۔ چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 26 ملزمان گرفتار کئے گئے۔ ملزمان کے قبضہ سے 181 موٹر سائیکلیں، 7 موبائل فون اور ہزاروں روپے نقدی برآمد کی گئی۔ اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 پستول، 2 رائفل، میگزین اور متعدد گولیاں قبضہ میں لی گئیں۔ منشیات کے خلاف کارروائی کے دوران شراب، بیئر کین، چرس وہیروئن برآمد کی گئیں۔ دوران پٹرولنگ 13 اشتہاری، 65 عادی مجرمان گرفتار جبکہ 9 عدالتی مفروران بھی حراست میں لئے گئے۔

سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز ایکسیڈنٹ فری سٹی کے لئے پرعزم

رواں سال بغیر ہیلمٹ 13 لاکھ 57 ہزار بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کی

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز ایکسیڈنٹ فری سٹی کے لئے پرعزم، رواں سال بغیر ہیلمٹ 13 لاکھ 57 ہزار بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کی۔ سی ٹی او لاہر مستنصر فیروز نے کہ ڈیڑھ ماہ میں 06 لاکھ 53 ہزار موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا 01 لاکھ سے موٹر سائیکلوں کو مختلف سیکٹرز میں بند کروایا گیا، 03 لاکھ 33 ہزار موٹر سائیکلوں کے کاغذات قبضہ میں لئے گئے ہیلمٹ انفورسمنٹ مہم میں 01 ہزار سے زائد سرکاری ملازمین کے خلاف بھی کارروائی کی گئی، ہیلمٹ انفورسمنٹ مہم سے 35 فیصد مہلک حادثات میں کمی آئی، ہیلمٹ انفورسمنٹ مہم سے ہسپتالوں میں ہیڈ انجری کیسز میں نمایاں کمی آئی کوئی بھی پولیس اہلکار، سرکاری وینیم سرکاری اداروں کے ملازمین پابندی سے مستثنی نہیں چالان کرنا مقصود نہیں، شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے ہیلمٹ بازو میں لٹکانے، ٹینکی پر رکھنے پر بھی۔

لاہور: پولیس اہلکاروں نے مسیحی برادری کے احتجاج کے پیش نظر پریس کلب کی طرف آنے ولی شاہراہ کو بند کررکھا ہے

پریم نگر سب ڈویژن میں جعلی میٹر انسپکٹر لیسکو اور صارفین کیلئے دردسر بن گیا

صارفین کو میٹر خراب ہونے کا نوٹس دے کر ہزاروں روپے اپنے اکاؤنٹ میں منگوانے کا انکشاف

لاہور (سٹاف رپورٹر) پریم نگر سب ڈویژن میں جعلی میٹر انسپکٹر لیسکو اور صارفین کے لئے درد سر بن گیا، صارفین کو میٹر خراب ہونے کی وجہ سے زیادہ بل بھجوانے کی دھمکی دے کر ہزاروں روپے اپنے موبائل اکاؤنٹ میں منگوانے کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پریم نگر سب ڈویژن میں طاہر شاہ نامی جعلی میٹر انسپکٹر کا انکشاف ہوا ہے جو گھروں میں یہ نوٹس بھجواتا ہے کہ آپ کا میٹر خرابی کی وجہ سے آہستہ چل رہا ہے جس کی وجہ سے آپ کو بھاری بھرکم بل بھجوایا جائے گا۔ نوٹس میں بھاری بل سے بچنے کے لئے رابطہ کرنے کیلئے نمبر بھی دیا جاتا ہے۔ صارفین کے مطابق جب موبائل نمبر پر رابطہ کیا جاتا ہے تو جعلی میٹر انسپکٹر جرمانے سے بچنے کے لئے اپنے موبائل اکاؤنٹ میں ہزاروں روپے منگواتا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ کئی صارفین نوٹس ملنے پر متعلقہ سب ڈویژن میں گئے جہاں انہیں بتایا گیا کہ محکمے کی جانب سے انہیں کوئی نوٹس جاری کیا گیا ہے اور نہ ہی متعلقہ سب ڈویژن میں اس نام کا کوئی میٹر انسپکٹر موجود ہے۔

ایس پی سول لائن حسن جاوید بھٹی کا مختلف گرجا گھروں کا دورہ

لاہور، (کرائم رپورٹر) ایس پی سول لائن حسن جاوید بھٹی کا مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ ایس پی سول لائن نے سکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا۔ ایس پی حسن جاوید بھٹی نے چرچ کتھیڈرل چرچ مال روڈ اور سول لائن ڈویژن کے گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ ایس پی سول لائن نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو الرٹ، سکیورٹی بارے بریف کیا۔ گرجا گھر کے باہر گاڑیوں کی پارکنگ پر بھی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور علی ناصر رضوی انسداد جرائم میٹنگ کے دوران سٹی ڈویژن کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

سابق صوبائی وزیر سید اختر حسین رضوی کے بڑے بھائی سید اعجاز حسین رضوی (ریٹائرڈ سیشن جج) وفات پا گئے

لاہور (خبرنگار) سابق صوبائی وزیر سید اختر حسین رضوی کے بڑے بھائی سید اعجاز حسین رضوی (ریٹائرڈ سیشن جج) وفات پا گئے۔ وہ سید تجمل حسین رضوی (سابقہ سیکرٹری فوڈ ڈیپارٹمنٹ) اور سید اختر حسین رضوی (سابقہ صوبائی وزیر) کے بڑے بھائی، سید علی عمران رضوی (سیکرٹری پنجاب اسمبلی)، سید علی رضوان رضوی (پرنسپل آفیسر ریلوے)، سید علی عرفان رضوی (سی-ای-او کنٹونمنٹ پشاور) کے والد اور سید علی ناصر رضوی (ڈی آئی جی آپریشنز لاہور) اور سید علی عون رضوی کے تایا تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ گزشتہ روز بعد نماز مغربین ٹھیک ساڑھے سات بجے شام قبرستان مومن پورہ میکلوڈ روڈ لاہور میں ادا کردی گی۔

شہریوں کی جان ومال اور عزت کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، سید علی ناصر رضوی

اشتہاری مجرمان کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے اور ان کی گرفتاری ہر صورت یقینی بنائی جائے

لاہور (خبرنگار) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ شہریوں کی جان ومال اور عزت کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔ افسران وجوان نیک نیتی سے فرائض انجام دیں، کرپشن وبدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ جرم سرزد ہونے کی صورت میں بعد تصدیق فوری مقدمہ درج کیا جائے۔ جرم کی نوعیت میں تخفیف پر متعلقہ افسر کی خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سٹی ڈویژن کی انسداد جرائم میٹنگ کے دوران کیا۔ ایس پی، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز میٹنگ میں موجود تھے۔ اجلاس میں سٹی ڈویژن کی اوورآل کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چہلم حضرت امام حسینؓ اور عرس مبارک داتا گنج بخشؒ کے سکیورٹی انتظامات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملک بھر سے آنے والے زائرین کی سکیورٹی کے لئے ابھی سے تیاری شروع کردی جائیں۔

فیکٹری ایریا پولیس کی بڑی کارروائی، پتنگوں کی سپلائی کو ناکام بنادیا

لاہور (کرائم رپورٹر) فیکٹری ایریا پولیس کی بڑی کارروائی، پتنگوں کی سپلائی کو ناکام بنادیا۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق نے بتایا کہ پتنگ فروش شیر علی لاکھوں روپے مالیت کی پتنگوں اور کیمیکل ڈور سمیت گرفتار کرلیا گیا ملزم شیر علی سے 2500 پتنگیں اور کیمیکل ڈور برآمد کی ملزم کا آن لائن آرڈر پتنگیں اور ڈور منگوا کر لاہور کے مختلف علاقوں میں سپلائی کرنے کا اعتراف، مقدمہ درج کرلیا والدین اپنے بچوں کو پتنگ بازی جیسے خونی کھیل سے دور رکھیں۔ ایس پی کینٹ کی پتنگ فروش کے خلاف کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او فیکٹری ایریا وجیہہ الحسن اور پولیس ٹیم کو شاباش پتنگ فروش، پتنگ ساز، پتنگ باز کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

جدید آلات کی مدد سے مسیحی عبادت گاہوں کی سیکورٹی کو یقینی بنایا جارہا ہے، سی سی پی او لاہور

مسیحی برادری کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، بیان

لاہور، کرائم رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس نے صوبائی دارالحکومت کے گرجا گھروں میں عبادت کیلئے آنے والے افراد کی حفاظت کے بہترین انتظامات کئے اور گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے اضافی پولیس نفری تعینات کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مسیحی برادری کی جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ لاہور پولیس مسیحی برادری کی عبادت گاہوں کیلئے بھرپور سکیورٹی مہیا کررہی ہے اور لاہور میں گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے پولیس ہائی الرٹ ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ حساس گرجا گھروں پر پولیس کی اضافی نفری سمیت اسنائپرز بھی تعینات کئے جاتے ہیں۔ شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ بلال صدیق کمیانہ نے ہدایت کی کہ لاہور پولیس کے افسران گرجا گھروں اور دیگر اہم مقامات پر سکیورٹی انتظامات خود چیک کریں۔ انہوں نے ڈولفن اسکواڈ، پی آر یو اور ایلیٹ فورس کی ٹیموں کو گرجا گھروں کے اطراف میں موثر پٹرولنگ کا حکم بھی دیا۔

لاہور: چھٹی کے روز چڑیا گھر کے داخلی راستے پر رش کا منظر

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	4:04
فجر	4:45
ظہر	1:30
عصر	5:10
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

سمبڑیال میں زیر تعمیر یونیورسٹی کو ستمبر 2024 کو مکمل کیا جائے گا

کمشنر گوجرانوالہ

ابتک 30 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا، منصوبے کو مکمل کرنے کیلئے ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد سے مطلوبہ فنڈز کے اجراء کیلئے درخواست کی، نوید حیدر شیرازی

گوجرانوالہ: کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی یونیورسٹی آف اپلائیڈ انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجی سمبڑیال کے منصوبے پر تعمیراتی کام کا جائزہ لینے کے سلسلے میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ 17 ارب روپے کی لاگت سے سمبڑیال میں زیر تعمیر یونیورسٹی آف اپلائیڈ انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجی کے منصوبے کو ستمبر 2024 میں مکمل کیا جائے گا، ابتک مجموعی طور پر 30 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے، منصوبے کی مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پنجاب نے ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد سے مطلوبہ فنڈز کے اجراء کیلئے درخواست کی ہے، تعلیم دوست میگا پراجیکٹ کی تکمیل سے نہ صرف گوجرانوالہ ڈویژن بلکہ اندرون اور بیرون ملک کے طلباء بھی یونیورسٹیز میں داخلہ لے سکیں گے اور یہ یونیورسٹی علاقے میں ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے فروغ کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ یہ بات انہوں نے کمشنر دفتر کے کمیٹی روم میں یونیورسٹی آف اپلائیڈ انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجی سیالکوٹ پر جاری تعمیراتی کام کی پراگریس کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالرؤف، کمشنر گوجرانولہ ڈویژن نے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پنجاب کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ منصوبے پر کام کی رفتار کو تیز کریں اور اس امر کو یقینی بنائے کہ منصوبہ مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبہ کی جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے تمام فنڈز سمیت تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا اور اس سلسلہ میں ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

جڑانوالہ واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، شہباز احمد قادری

جڑانوالہ واقعہ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا جاتا تو حالات خراب نہ ہوتے، نثار احمد گجر

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جڑانوالہ واقعے کی مذمت کرتے ہیں توہین رسالت اور قرآن مجید کو جلانے والے لعینوں کو فوری گرفتار کرلیا جاتا تو حالات خراب نہ ہوتے جن لوگوں نے مسیحی عبادت گاہ اور گھروں کو جلایا وہ بھی جرم میں برابر کے شریک ہیں ملک کو مذہبی فرقہ واریت کی آگ میں دھکیلنے کی سازش کی گئی توہین رسالت اور قرآن مجید کی توہین کسی صورت بھی قبول نہیں ہے واقعے کے اصل حقائق کا جائزہ لے کر ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے اور سخت سزا دی جائے ان خیالات کا اظہار پاکستان عوامی تحریک پی پی 135 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور تحریک منہاج القرآن کے رہنما شہباز احمد قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آئین پاکستان نے اقلیتوں کو حقوق دیے ہیں اور پاکستان نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے سنجیدگی دکھائی ہے اقلیتی برادری کو بھی چاہیے کہ اسلامی شعائر کا احترام کریں چند شر پسند عناصر کی وجہ ہے ملک کا امن خراب ہوا۔

ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر کے زیر اہتمام یو این ایف پی اے کے تعاون سے سیمینار

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس گوجرانوالہ کے زیر اہتمام UNFPA کے تعاون سے مقامی ہوٹل میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع بھر کے تمام مکاتب فکر کے جید علمائے کرام کے علاوہ نامور میڈیا پرسنز اور ممتاز ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ سیمینار کی صدارت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے کی۔ سیمینار میں مختلف اداروں کے سربراہان اور نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر گوجرانوالہ عدنان اشرف نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی ایک قومی المیہ کی صورت اختیار کرتی جا رہی ہے اس کا جلد از جلد تدارک نہ کیا گیا تو یہ گمبھیر مسئلہ بے قابو ہوجائے گا۔ انہوں نے تمام اداروں کے سربراہان، علمائے کرام، میڈیا پرسنز اور اہل علم و دانش سے درخواست کی کہ وہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا ساتھ دیں اور متوازن خاندان خوشحال پاکستان کے پیغام کو عام افراد تک پہنچائیں۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل نے اپنے خطاب میں بڑھتی ہوئی آبادی کو تمام مسائل کی جڑ قرار دیا۔ انہوں نے اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ پیداواری زمین کا حجم کم سے کم ہوتا جا رہا ہے اور اگر ہم نے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسئلے کو سنجیدہ نہ لیا تو یہ تمام وسائل کو ہڑپ کر جائے گا۔ انہوں نے علماء کرام پر زور دیا کہ وہ منبر و محراب سے عوام کی رہنمائی کیلئے آواز بلند کریں اور سکولوں اور کالجوں میں بھی ایسے سیمینارز کا انعقاد کیا جائے اور صحافی حضرات اپنے کالمز کے ذریعہ عوام میں شعور پیدا کریں انہوں نے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر گوجرانوالہ عدنان اشرف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے دیگر محکموں کو ہدایت دی۔

تمام مکاتب فکر کے علماء کا کیتھولک چرچ کسوکی روڈ کا دورہ

حافظ آباد (بیورو چیف) تمام مکاتب فکر کے علماء پر مشتمل اتحاد بین المسلمین کونسل کے راہنماؤں نے گذشتہ روز جماعت الصفہ پاکستان کے سربراہ اور مذہبی اسکالر بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی کی قیادت میں کیتھولک چرچ کسوکی روڈ کا دورہ کیا جہاں بیرسٹر سید وسیم الحسن نقوی نے کرسچین کمیونٹی اور انکے راہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جڑانوالہ کا واقعہ کی جسقدر بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ اور یہ اسلامی تعلیمات کے سراسر منافی ہے۔ اس سے پاکستان کے آئین اور قانون کو پامال کیا گیا اسلام اقلیتوں کو تحفظ دیتا ہے۔ اس واقعہ کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ملک پاکستان اور اسلام کے خلاف ایک سوچی سمجھی سازش ہے۔ تمام مکاتب فکر کے علماء کرسچین کمیونٹی کے ساتھ ہیں۔

قائد (ن) لیگ نواز شریف سے جہانزیب خان کی ملاقات

پی ڈی ایم کی 16 ماہ کی کارکردگی، شیخوپورہ کی سیاسی صورتحال پر گفتگو

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف سے سابق وائس چیئرمین ضلع کونسل وامیدوار حلقہ پی پی 142 خان جہانزیب خان نے معروف قانون دان خان اورنگزیب خان کے ہمراہ ملاقات کی اس دوران پی ڈی ایم کی 16 ماہ کے دور حکومت کی کارکردگی، ضلع شیخوپورہ کی سیاسی صورتحال، سانحہ 9 مئی کے بعد مسلم لیگ (ن) میں پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کی شمولیت، آئندہ انتخابات کی تیاریوں، سابق اراکین اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز کی کارکردگی سمیت دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی ملاقات کے بعد ٹیلی فونک گفتگو کے دوران خان جہانزیب خان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے کارکنان تیاریاں کریں نواز شریف بہت جلد واپس آرہے ہیں اور آئندہ انتخابات میاں نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) واضح اکثریت سے جیتے گی تحریک انصاف کے ساڑھے تین سالہ دور کے دوران ملک اور عوام دشمن پالیسیوں کی بدولت مسائل اور بحرانوں نے پاک وطن کو چاروں اطراف سے گھیر رکھا تھا پی ڈی ایم نے حکومت میں آکر سیاست کی بجائے ریاست کو مضبوط کیا۔

ممکنہ سیلابی صورتحال تمام ادارے ہائی الرٹ، انسانی جان قیمتی ہے

کمشنر ساہیوال

کمشنر ساہیوال نے ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر فلڈ ریلیف کیمپ دورہ کیا، دریائے ستلج سے ملحقہ آبادیوں کو فوری طور پر خالی کروایا جا رہا ہے، شعیب اقبال

اوکاڑہ: کمشنر شعیب اقبال سید دریائے ستلج ہیڈ سلیمان کے مقام پر قائم فلڈ کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف اور ڈی پی او کیپٹن ریٹائرڈ منصور امان کے ہمراہ دریائے ستلج کے مقام ہیڈ سلیمانکی کا دورہ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر قائم فلڈ ریلیف کیمپ کا دورہ کیا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر چوہدری ظفر اقبال نے کمشنر ساہیوال ڈویژن کو دریائی علاقوں سے لوگوں کے انخلاء سمیت ریسکیو آپریشن سے متعلق بریفنگ دی کمشنر ساہیوال نے فلڈ ریلیف کیمپس میں قائم ہیلتھ کاؤنٹر، لائیو سٹاک کاؤنٹر، ریسکیو 112 کاؤنٹر میں ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر تمام ادارے ہائی الرٹ ہیں دریائے ستلج سے ملحقہ آبادیوں کو فوری طور پر خالی کروایا جا رہا ہے انسانی جان بہت قیمتی ہے دریائی علاقوں میں رکنا خطرے سے خالی نہیں لوگ ہنگامی طور پر محفوظ مقامات پر منتقل ہوں آنے والے چند گھنٹوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو سکتا ہے انہوں نے ہدائیت کی کہ نمبردار حضرات لوگوں کے انخلا کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کریں کمشنر ساہیوال نے ہدائیت کی کہ دریائی علاقوں میں چلنے والے بیڑے ریسکیو 1122 کے عملہ کی نگرانی میں چلائے جائیں اور بیڑوں و کشتیوں میں سوار تمام افراد کو انخلاء کے وقت لائف جیکٹ لازمی پہنائی جائے تاکہ کسی بھی ناگہانی صورتحال سے بچا جا سکے کمشنر ساہیوال نے متاثرہ گاؤں سوجیکے اور وروازکے میں سیلابی آفت سے بچنے کے لیے اہلیان دیہہ کے ہمراہ مل کر دعا بھی کی۔

سانحہ جڑانوالہ میں مسیحیوں سے زیادتی پر پوری قوم شرمندہ ہے، ڈپٹی کمشنر

سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے کہا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ میں مسیحی کمیونٹی سے ہونے والی زیادتی پر پوری قوم شرمندہ ہے، اس المناک واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کی جا رہی ہے اور اب تک امن کے دشمن درجنوں شر پسند عناصر کو حراست میں لے لیا ہے، ریاست اس واقع میں ملوث تمام افراد کا کڑا محاسبہ کرے گی اور ان کو قرار واقعی سزا دی جائے گی جبکہ مسیحی کمیونٹی کے احساسات اور جذبات کو پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے ایسا لائحہ عمل تشکیل دیا جائے گا جس سے ان کے اعتماد کو بحال کرنے میں مدد مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج ڈی سی آفس کمیٹی روم مسیحی کمیونٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں بسنے والے تمام مذاہب کے ماننے والے تمام افراد ایک دوسرے کے عقائد کا احترام کرتے ہیں۔

کمشنر سرگودھا محمد اجمل کی زیر صدارت اجلاس

خالی سرکاری اراضی کو کمرشل استعمال میں لانے کیلئے تشکیل کردہ ڈرافٹ پیش

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت ایک اجلاس میں ڈویژن کے چاروں اضلاع میں خالی سرکاری اراضی کو کمرشل استعمال میں لانے کیلئے ابتدائی طور پر تشکیل کردہ ڈرافٹ پیش کیا گیا۔ اجلاس میں چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اور اے ڈی سی آرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سرکاری اراضی پر مزید پٹرول پمپس، شادی ہالز، کمرشل شاپنگ پلازہ، جوائے لینڈ، ہوٹلز، مارکی، ہاسٹلز، سولر پارک، انڈسٹریل زون، ریسٹ ہاؤس، منی ڈیم، بس اسٹینڈز، کوآپریٹو فارمنگ اور فوڈ سٹریٹ کے قیام کے منصوبے تشکیل دیئے گئے ہیں جن پر اخراجات اور حاصل آمدن کا بھی تعین کیا گیا ہے۔ ان منصوبوں کو شروع کرنے میں حائل ممکنہ رکاوٹوں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس طرح ان منصوبوں کے اجراء اور تکمیل تک کی ٹائم لائنز کیلئے بھی متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی گئیں ہیں۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے چاروں اے ڈی سی آرز کی بزنس پلان پر اب تک کی ورکنگ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے 24 اگست تک ڈرافٹ کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔ اگلے اجلاس میں ڈرافٹ کی منظوری کے بعد مزید کارروائی کیلئے بورڈ آف ریونیو کو بھجوایا جائیگا۔

ڈی پی او عبداللہ احمد کا تھانہ رجوعہ کا اچانک دورہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے تھانہ رجوعہ کا سرپرائز وزٹ کیا۔ ڈی پی او نے تھانہ رجوعہ کی عمارت، مختلف کمروں کا وزٹ کیا۔ ڈی پی او نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک کا وزٹ کیا، فرنٹ ڈیسک پر پول کام میں ریکارڈ کا جائزہ لیا، تھانہ کا کمپیوٹرائزڈ مینول ریکارڈ اپ ٹو ڈیٹ رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے SIPS ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے تھانہ کی حوالات کا وزٹ کیا، ملزمان سے استفسار کیا، ڈی پی او نے متعلقہ سٹاف کو سختی سے ہدایت کی کہ کوئی بھی شخص غیر قانونی حراست میں نہیں ہونا چاہیے۔ ڈی پی او نے رہائشی بارکوں کا وزٹ کیا، تھانہ میں صفائی کا معیار بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے تھانہ رجوعہ کے تفتیشی افسران سے میٹنگ کی۔

قران پاک کی بے حرمتی کسی صورت بھی قبول نہیں، شبیر حسن

مسیحیوں کی عبادتگاہوں اور املاک کو نقصان پہنچانے والے اسلام کو بدنام کر رہے ہیں

شرقپور شریف (نامہ نگار) قران پاک کی بے حرمتی کسی صورت بھی قبول نہیں لیکن قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے والے اور بے گناہ مسیحی لوگوں کی عبادت گاہوں اور املاک کو نقصان پہنچانے والے اسلام کو بدنام کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان جناب علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے امام بارگاہ بھکھی میں چوہدری غلام شبر گجر کی تیسری برسی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ قرآن مجید ہر مسلمان کی ریڈ لائن ہے قرآن مجید کی شان میں گستاخی کرنے والے کسی معافی کے حقدار نہیں مگر بے گناہ مسیحی لوگوں کی املاک جلانا اور ان کی عبادت گاہوں کو جلانے کی ہمارا مذہب اسلام قطعی اجازت نہیں دیتا بلکہ اسلام دیگر مذاہب کے ساتھ رواداری اور پیار کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ اپنی عدالت لگانے والوں کو آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت نے اس معاملہ میں جو بل پاس کیا ہے اس پر نظر ثانی کی جانی چاہیے ورنہ آنے والے دنوں میں جڑانوالہ جیسے مزید واقعات رونما ہو سکتے ہیں چوہدری غلام شبر گجر کی تیسری برسی کے موقع پر جن شخصیات نے خصوصی شرکت کی۔

عام انتخابات کے لئے چند ماہ باقی ہیں، اخواص قریشی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) مسلم لیگ ن کے رہنما اور یونین کونسل کے سابق چیئرمین اخواص قریشی نے مسلم لیگ ن کی قیادت اور خصوصی طور پر مسلم لیگ ن پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ خاں سے مطالبہ کیا ہے کہ عام انتخابات کے لئے چند ماہ باقی ہیں اس لئے اُمیدواروں کی نامزدگیوں کا فیصلہ کیا جائے تاکہ اُمیدوار انتخابی مہم شروع کر سکیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ وہ اور اُن کی پوری ٹیم پی پی 113 سے اُمیدوار چوہدری شفیق احمد گجر کے ساتھ ہے۔ 2008 میں اُنہوں نے اس وقت کامیابی حاصل کی جب ٹکٹ کے لئے اُن کے مقابل جوڈیشل بس میں سوار ہونے کا جواز بنا کر میدان سے بھاگ گئے تھے۔ 2018 میں اُنہیں آبائی حلقہ کی بجائے دوسرے حلقہ سے آخری دنوں میں ٹکٹ دیا گیا اس کے باوجود وہ کامیاب ہوئے جبکہ موجودہ حلقہ پی پی 113 کے پی ٹی آئی کے اُمیدوار واضح اکثریت کے کامیاب ہوگئے۔ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ پی پی 113 سے چوہدری شفیق گجر کو ٹکٹ جاری کیا گیا تو وہ پی ٹی آئی سمیت جو بھی اُمیدوار مقابلہ میں ہوگا اُسے بری طرح شکست دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ سیاسی اور معاشی حالات میں وقت کے مطابق عام انتخابات کی ضرورت ہے۔ میاں نواز شریف واحد لیڈر ہیں۔

نواز شریف وطن عزیز کا قیمتی اثاثہ اور مقبول ترین لیڈر ہیں، مظہر اقبال

ہارون آباد (شہزاد رضا تحصیل رپورٹر) میاں محمد نواز شریف وطن عزیز کا قیمتی اثاثہ اور مقبول ترین لیڈر ہیں پاکستان مسلم لیگ ن ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت ہے 2013 کے انتخابات کے بعد جب پاکستان مسلم ن کو مشکل ترین حالات میں اقتدار ملا ملک اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا کارخانے بند تھے اور ترقی کا پہیہ رکا ہوا تھا میاں محمد نواز شریف نے اپنی قابل ترین ٹیم کے ساتھ ملک وطن عزیز کو ترقی کے راستے پر گامزن کیا ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ ن کے رہنما ڈاکٹر مظہر اقبال چوہدری سابق ایم پی اے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا میرے والد مرحوم چوہدری عبدالغفور نے ضلع بھاول نگر کو بھوکاں پتن پل کے ذریعے ساہیوال سے ملایا پختہ نہروں کا تحفہ دیا پختہ کھالے بنائے رابطہ سڑکوں کا جال بچھایا پنجاب بھر میں صرف بھاول نگر کو ہر یونین کونسل میں بنیادی مرکز صحت کا تحفہ دیا۔

الکریم فلور اینڈ جنرل ملز بدوملہی کی افتتاحی تقریب اختتام پذیر

ملز بنانے کا مقصد علاقے کے لوگوں کو روزگار فراہم کرنا ہے، ظفر اقبال مغل

بدوملہی (نامہ نگار) الکریم فلور اینڈ جنرل ملز بدوملہی کی افتتاحی تقریب بڑی پُرمسرت طریقے سے اہتمام پذیر ہوئی۔ جس کا آغاز حافظ وقاری سلیمان رضوی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ نعت شریف کی سعادت مولانا محمد اشرف عطاری نے حاصل کی۔ فلور ملز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے الکریم فلور اینڈ جنرل ملز بدوملہی کے مینجنگ ڈائریکٹر الحاج ظفر اقبال مغل نے کہا کہ اللہ رب العزت کا خاص فضل و کرم ہے کہ ہم اس کی رحمت سے آج اپنے علاقہ بدوملہی میں فلور ملز کا آغاز کرنے کے قابل ہوئے۔ اس ملز کو بنانے کا مقصد اپنے علاقے کے لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کے ساتھ سستا اور معیاری آٹا فراہم کرنا ہے۔ جس سے کاشت کاروں اور زمینداروں کو بھی بڑی سہولت میسر ہوگی۔ اس موقع پر معززین علاقہ سجادہ نشین درگاہ عالیہ بدوملہی پیر سید فہد رضا کاظمی، سابق چیئرمین یوسی بدوملہی چوہدری امجد فاروق گجر، سابق چیئرمین یوسی گدیاں چوہدری عمران احمد سندھو ایڈووکیٹ، جی ایم رائس ملز بدوملہی کے ڈائریکٹر اور مسلم لیگ ن ضلع نارووال کے سینئر نائب صدر ملک محمد امتیاز، ایس ایچ او تھانہ بدوملہی ابرار پاشا، چوہدری ریاض ملہی، حسن اقبال مغل ایڈووکیٹ سمیت دیگر معززین نے اپنے خیالات اظہار کرتے ہوئے فلور ملز بدوملہی کے انر الحاج ظفر اقبال مغل کو مبارکباد پیش کی۔

سانحہ جڑانوالہ پر قانون اپنا راستہ خود بنائے، وحید طارق بلوچ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیاسی وسماجی شخصیت وحید طارق بلوچ نے کہا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ پر قانون اپنا راستہ خود بنائے، جن بدبختوں نے پاک کلام کی بے حرمتی کی وہ کسی معافی اور رعایت کے مستحق نہیں انہیں سزا دی جائے، احتجاج کی آڑ میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا توڑ پھوڑ کرنا اور کسی ناحق شخص کی جان لینا درست نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وحید طارق بلوچ نے کہا کہ اللہ کے پاک کلام سے محبت مسلمان کا اثاثہ ہے مسلمان سب کچھ برداشت کرتا ہے۔ مگر شعائر اسلام پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں۔

موسم گرما کی تعطیلات ختم تعلیمی ادارے کھل گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسم گرما کی اڑھائی کی تعطیلات آج ختم ہوگیس آج سے تعلیمی ادارے کھل جائیں گے اس موقع پر سرکاری سکولوں کے نئے اوقات کار بھی جاری کردیے جائیں گے۔ موسم گرما کی تعطیلات آج سے ختم ہوگیں ہیں، جس کیلئے سکولوں کے نئے اوقات کار جاری کر دیئے جائیں گے، جس کے مطابق گرلز سکول سوا سات بجے لگیں گے جبکہ ایک بجے چھٹی ہوگی، گرلز سکولز میں جمعہ کے روز سوا گیارہ بجے چھٹی ہوگی۔ بوائز سکول ساڑھے سات بجے لگیں گے، چھٹی ایک بجے ہوگی، بوائز سکول جمعہ کے روز ساڑھے گیارہ بجے چھٹی ہوگی۔ ڈبل شفٹ سکولوں میں گرلز سکول صبح پونے سات بجے اور بوائز سات بجے صبح کھلیں گے، سیکنڈ شفٹ میں گرلز سکولز دوپہر ساڑھے بارہ بجے اور بوائز سکولز اڑھائی بجے سہ پہر تک کھلیں گے۔

انسان کی صحت اور تندرستی کا دارومدار خوراک پر ہوتا ہے، ڈاکٹر توکل گل

سانگلاہل (تحصیل رپورٹر) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر توکل گل نے کہا ہے کہ انسانی بدن کی تندرستی، صحت و توانائی، خوبصورتی اور جسمانی نشوونما کا دارومدار خوراک پر ہوتا ہے، ہم جس قدر اعلیٰ، معیاری، متوازن اور غذائیت سے بھرپور غذا کا انتخاب کریں گے، اسی قدر ہمارا جسم زیادہ طاقت ور، توانا، صحت مند اور مضبوط ہوگا، خوراک کے جزو بدن بننے میں موسم کا کردار بھی اہم ہوتا ہے گرم و مرطوب موسم میں خوراک میں اعتدال کو مدنظر رکھنا چاہیے، موسم برسات میں سادہ غذا استعمال کرنی چاہیے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ انسانی جسم کی مضبوطی و توانائی اور صحت مندی کا تمام تر انحصار قوت مدافعت پر ہے جبکہ قوت مدافعت کا دارومدار معیاری اور متوازن غذا پر ہوتا ہے غذائیت سے بھرپور خوراک کے ماخذ اور ذرائع چند ایسے بنیادی غذائی اجزا ہیں جو جسم کی تعمیر و تشکیل اور نشوونما کے لیے بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔

جاوید قصوری کی کرسچن کمیونٹی کے ہمراہ جڑانوالہ آمد

جڑانوالہ واقعے پر غیر جانبدارانہ کمیشن کا مطالبہ کرتے ہیں، جاوید قصوری



جڑانوالہ (نامہ نگار) جماعت اسلامی وسطی پنجاب کے امیر جاوید قصوری نے الخدمت وسطی پنجاب کے صدر اکرام الحق پاسٹر اسلم آف لاہور اور کرسچن کمیونٹی کے ہمراہ جڑانوالہ آمد پر مسجد خضری کینال روڈ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی جڑانوالہ واقعہ پر غیر جانبدارانہ کمیشن کا مطالبہ کرتی ہے ریاست اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام دکھائی دے رہی ہے اگر انتظامیہ بروقت نوٹس لیتی تو سانحہ رونما نہ ہوتا، جاوید قصوری نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی قرآن پاک کی بحرمتی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اس اقدام سے مسلمانوں کے دل رنجیدہ ہے مگر فرد واحد کے اقدام کی سزا پوری مسیحی برادری کو نہیں دینی چاہیے اسلام اقلیتوں کے حقوق اور آزادی کا درس دیتا ہے واقعہ میں انتظامیہ کی بے حسی کھل کر سامنے آچکی ہے اور امن و امان کو قائم رکھنے میں ناکام ہو چکی ہے مذکور نے مزید کہا کہ سارے واقعات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات ہونی چاہیے اور قرآن پاک کی بحرمتی کے عزائم کو بے نقاب کیا جائے جبکہ جماعت اسلامی اقلیتوں کی مذہبی آزادی پر یقین رکھتی ہے 25 کروڑ ابادی والے ملک میں اقلیتوں کو برابری کے حقوق حاصل ہیں تمام مقدس کتابیں اور عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے جاوید قصوری نے پولیس کی جانب سے چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرنے اور بے گناہ افراد کی پکڑ دھکڑ پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

پیپلز پارٹی الیکشن کیلئے ہر طرح سے تیار ہے، ریاض علی قریشی

پاکستان نے بلاول بھٹو کی وزارت خارجہ سے خوب استفادہ حاصل کیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پیپلز پارٹی الیکشن کیلئے ہر طرح سے تیار ہے گزشتہ سالوں میں پیپلز پارٹی مضبوط ہوئی ہے ڈیڑھ سال میں پاکستان نے بلاول بھٹو کی وزارت خارجہ سے خوب استفادہ حاصل کیا ہے آصف علی زرداری دوراندیش سیاستدان ہیں وہ ملک کو آگے لے کر جائیں گے ان شاءاللہ پیپلز پارٹی آئندہ الیکشن میں کامیابی حاصل کر کے ملک کو بحرانوں سے نکالے گی ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ریاض علی قریشی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی والے ساڑھے تین سالہ دور اقتدار میں خود کو خدا سمجھتے رہے دوسروں پر عرصہ حیات تنگ کیا آج سب کچھ انہیں بھگتنا پڑ رہا ہے عمران خان نے ظلم و بربریت کی تاریخ رقم کی آج مکافات عمل کا شکار ہیں ان کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اس کے ذمہ دار وہ خود ہیں۔

رائے کلاں میں پنجاب کے روائتی کھیل تھپڑوں والی کبڈی کا اہتمام

سجادہ نشین الحاج صاحبزادہ پیر سکندر علی نوشاہی قادری مہمان خصوصی، سعد وسیم کی شرکت

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) رائے کلاں میں پنجاب کے روائتی کھیل تھپڑوں والی کبڈی کا اہتمام، سابقہ ایم این اے سعد وسیم شیخ نے خصوصی شرکت کی، سجادہ نشین الحاج صاحبزادہ پیر سکندر علی نوشاہی قادری نے مہمانوں کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے، کبڈی میچ دیکھنے کے لئے دور دراز سے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد کے نواحی گاؤں رائے کلاں میں حضرت پیر بابا عبداللہ شاہ نوشاہی قادری کے 35 ویں سالانہ جبکہ الحاج بابا پیر بابر علی قادری نوشاہی کا تیسرے سالانہ عرس کے موقع پر پنجاب کے روائتی کھیل تھپڑوں والی کبڈی کا اہتمام کیا گیا، کبڈی میچ میں سابقہ ایم این اے میاں سعد وسیم شیخ، ڈاکٹر عابد چوہدری سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن یوتھ ونگ قصور، یاسر سعید جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن یوتھ ونگ قصور سمیت دیگر مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، سجادہ نشین الحاج صاحبزادہ پیر سکندر علی نوشاہی قادری نے آنے والے مہمانوں کے ہمراہ جیتنے والی ٹیم کو 90 ہزار روپے جبکہ دوسرے نمبر پر آنے والی ٹیم کو 60 ہزار روپے نقد انعام اور ٹرافیاں دی۔

پاکستان ریسلنگ فیڈریشن، تحصیل چک جھمرہ ریسلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دنگل

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاکستان ریسلنگ فیڈریشن اور تحصیل چک جھمرہ ریسلنگ ایسوسی ایشن کے زیر انتظام بسلسلہ جشن آزادی فری دنگل کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجاب بھر سے پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا کے پہلوانوں نے حصہ لیا۔ دنگل میں 18 مقابلے ہوئے سب سے بڑی جوڑ عمر پہلوان رستم جڑانوالہ پٹھہ لنڈا پہلوان آرمی اور قمر پہلوان برادر محسن پہلوان واپڈا کے درمیان ہوئی دوسری بڑی جوڑ گھوڑا پہلوان پٹھہ خالد پہلوان واپڈا کا مقابلہ گونگا پہلوان پٹھہ امانتی لاہور یا آرمی سے ہوا عمر پہلوان رستم جڑانوالہ پٹھہ لنڈا پہلوان پاکستان آرمی نے قمر پہلوان پاکستان واپڈا کو چاروں شانے چت کر کے کامیابی حاصل کی جبکہ دوسرے جوڑ میں گھوڑا پہلوان واپڈا نے گونگا پہلوان پاکستان آرمی کو شکست دے دی۔ دنگل کے مہمان خصوصی چوہدری لیاقت علی چھہل، رانا فراز انیس اور میاں مبین تھے۔

جڑانوالہ میں قرآن مجید کی بے حرمتی دلخراش واقعہ ہے، بیگم طلعت شوکت

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کی رہنما و سابق ممبر صوبائی اسمبلی بیگم طلعت شوکت چیمہ نے کہا ہے کہ جڑانوالہ میں قرآن مجید کی بے حرمتی دلخراش واقعہ ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے لیکن اسکے ردعمل میں عبادت گاہوں، املاک اور گھروں کو جلانا اور تباہ کرنا بھی انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے اس پر دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔ اسلام اقلیتوں کے جان و مال اور انکی عبادت گاہوں کے تحفظ کا بھی حکم دیتا ہے۔ مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے سب کو آگے آنے ہوگا بین المذاہب، یگانگت کے فروغ اور باہمی رواداری کی ترویج اور انتہا پسندی کے تدارک کے لئے ہم سب کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہونا ہوگا۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاجی مظاہرہ

ہارون آباد (شہزاد رضا تحصیل رپورٹر) ہارون آباد میں پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاجی مظاہرہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے شرکاء کا مطالبہ ہارون آباد میں پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے میں جماعت اسلامی کے کارکنان اور شہریوں کی شرکت شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ نامنظور کے نعرے درج تھے۔

اسلام امن و آشتی کا مذہب ہے، ملک اکرام حسین

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن غلامان مصطفی ہاؤسنگ کالونی کے سرپرست اعلیٰ ملک اکرام حسین دمن ڈوگر نے کہا ہے کہ اسلام امن و آشتی کا مذہب ہے کسی انسان کی جان لینا تو دور کی بات ہے اسلام میں سایہ دار درخت کاٹنے کی اجازت نہیں ہے دین اسلام کی آڑ میں پرتشدد واقعات قابل مذمت عمل ہے سانحہ جڑانوالہ اسلام اور پاکستان کو بدنام کرنے کی سازش ہے الحمدللہ ہم سب مسلمان ہیں مگر اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو بھی مقدم رکھنا بہت ضروری ہے اگر کسی مسیحی فرد، گھر یا خاندان نے توہین قرآن کیا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی ہونی چاہیے مگر کسی سانحہ کو رونما کرنا بہت بڑا ظلم ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق ناظم الحاج ملک محمد بوٹا ڈوگر مرحوم کی رہائشگاہ پر صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا اس موقع پر معززین علاقہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

مصطفیٰ آباد: نگران اعلیٰ انسپکشن ٹیم احمد علی ظفر کی نقیب آباد آمد

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) نگران اعلیٰ انسپکشن ٹیم احمد علی ظفر کی نقیب آباد آمد، مزار پر حاضری و سجادہ نشین حضرت خواجہ صوفی اسد اللہ شاہ نقیبی سے ملاقات، محمد کاشف نجیب وٹو، منظور احمد ایڈووکیٹ اور منظور احمد خان بھی ہمراہ تھے، تفصیلات کے مطابق نگران اعلیٰ انسپکشن ٹیم پرائم منسٹر/ چیف منسٹر پنجاب احمد علی ظفر کی محمد کاشف نجیب وٹو، منظور احمد ایڈووکیٹ اور منظور احمد خان کے ہمراہ درگاہ نقیب الاولیاء شریف آمد، مزار پر حاضری کے بعد سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقیب آباد شریف حضرت خواجہ صوفی محمد اسد اللہ شاہ نقیبی سے خصوصی ملاقات کی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقیب آباد شریف حضرت خواجہ صوفی محمد اسد اللہ شاہ نقیبی نے آنے والے مہمانوں کی دستار بندی کی اور خصوصی دعا بھی کی، اس موقع پر محمود خان منتظم اعلیٰ درگاہ شریف و ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بھی ہمراہ تھے۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مہنگائی، بیروزگاری کے خلاف احتجاجی کیمپ

جماعت اسلامی کے عہدیداران، تاجران اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) پاکستان میں بیروزگاری، بڑھتی ہوئی مہنگائی، کرپٹ مافیا اور ناانصافی کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام دو روزہ احتجاجی کیمپ لگایا گیا۔ جس میں جماعت اسلامی کے عہدیداران، تاجران اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں بیروزگاری، بڑھتی ہوئی مہنگائی، کرپٹ مافیا اور ناانصافی کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام دو روزہ احتجاجی کیمپ لگایا گیا۔ جس میں جماعت اسلامی کے عہدیداران، تاجران اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، امیر جماعت اسلامی ضلع ننکانہ حافظ حبیب ضیاء کی قیادت میں احتجاجی کیمپ میلاد چوک گوٹچکر میں لگایا گیا۔ احتجاجی کیمپ میں ڈاکٹر راشد فاروق امیدوار NA110، ملک اسلم امیدوار PP133، میاں وسیم رمضان امیدوار PP132، ملک رشید انجم جنرل سیکرٹری سٹی ننکانہ، کارکنان جماعت اسلامی، دیگر سیاسی وسماجی شخصیات، تاجر برادری اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ جماعت اسلامی کے عہدیداران نے دوران کیمپ گفتگو کرتے ہوئے کہا حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے لوگ فاقوں سے مر رہے ہیں اور خودکشی کرنے پر مجبور ہیں۔

واٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے سرکاری آفیسران کی ٹریننگ کا اہتمام

شرقپور شریف (نامہ نگار) گزشتہ دنوں ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر واٹر مینجمنٹ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ پنجاب کے تحت صوبہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے واٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ترقی پانے والے سرکاری آفیسران کی خصوصی ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ سرکاری آفیسران، بیوروکریٹس اور ممتاز سکالرز نے مختلف موضوعات پر ٹریننگ میں شامل آفیسران سے خطاب کیا۔ اس خصوصی ٹریننگ میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر خصوصی خطاب کے لیے معروف علمی و ادبی اور روحانی شخصیت، مفکر ملت حضرت علامہ میاں نور محمد نصرت نوشاہی (سجادہ نشین ایوان فقر نشائیہ شرقپور شریف) کو سرکاری سطح پر مدعو کیا گیا۔ گفتگو کا موضوع حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا نمونہ سیرت اور ہماری زندگی تھا۔ آپ نے اپنے مخصوص انداز میں نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر سیر حاصل گفتگو فرمائی آپ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اسوۂ حسنہ بنی نوع انسان کے لیے مشعل راہ ہے پیغمبر انقلاب نے ہر شعبہ ہائے زندگی میں انسانیت کی رہنمائی فرمائی ہے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سراپا رشد و ہدایت اور قیامت تک آنے والے لوگوں کے لیے کامل نمونہ ہیں۔ ہماری کامیابی نبی دو جہاں صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہ اسوۂ حسنہ کی پیروی میں مضمر ہے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم حسن خلق، عدل و انصاف، جود و سخا، مساوات اور متعدد صفات میں بے مثل ہیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اخلاق حسنہ انسانیت کی فلاح اور کامیابی کے لیے راہ ہدایت ہے ہمیں چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت لیڈیز کلب کے نومنتخب بورڈ آف گورنرز کا اجلاس

لیڈیز کلب کا جدید سہولیات سے مزین کیا جائے گا، صفدر حسین ورک

گجرات (ابوزر عمر قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کی زیر صدارت لیڈیز کلب کے نو منتخب بورڈ آف گورنرز کے عہدیداران کا اجلاس منعقد ہوا، مس تشبیہ حسین سمیت دیگر عہدیداروں نے شرکت کی، مس تشبیہ حسین نے لیڈیز کلب میں پودا بھی لگایا، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور کہا کہ لیڈیز کلب کا جدید سہولیات سے مزین کیا جائے گا، لیڈیز کلب کو جدید اصولوں پر استوار کیا جائے گا، کلب کی تزئین و آرائش اور بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں گے، کلب کے ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ کلب میں ممبران کے لئے اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات فراہم کی جائیں تمام کلب ممبران اور عہدیداران کلب کی بہتری کے لیے محنت اور لگن سے کام کریں، کلب کے وسائل کو صرف اور صرف کلب ممبران کی سہولت کے لیے استعمال کیا جائے۔

احسن رفیق تبدیل، کرپٹ سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کا تبادلہ نہ ہوسکا



ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ احسن رفیق کا ننکانہ سے تبادلہ ہو گیا مگر کرپٹ سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کا تبادلہ نہ ہوسکا سی ای او ایجوکیشن ننکانہ نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے اور کرپشن ثابت ہوجانے کے باوجود اپنی سیٹ پر براجمان ہے اطلاعات کے مطابق سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کو بڑی سیاسی شخصیت کی پشت پناہی حاصل ہے جس کی بابت سی ای او ایجوکیشن ننکانہ بڑی دیدہ دلیری سے محکمہ کو چونا لگا رہا ہے ڈائریکٹر سکولز ایجوکیشن فیصل آباد نے انکوائری (4 مئی) کو مکمل کر کے واضح لکھا کہ احسن فرید کو عہدے سے ہٹا کر پیڈا ایکٹ کے تحت کاروائی کی جائے تاکہ محکمہ پر اثر انداز نہ ہو سکے۔ سماجی سیاسی حلقوں کی جانب سے شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری تعلیم سے مطالبہ کیا ہے کہ کرپٹ سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کو عہدے سے ہٹا کر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور لوٹی ہوئی رقم قومی خزانے میں جمع کروائی جائے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

نگراں کابینہ کا پہلا اجلاس

نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی سربراہی میں نگراں وفاقی کابینہ نے ایسے حالات میں اقتدار سنبھالا ہے جب ملک کو معیشت اور امن وامان سمیت کئی حوالوں سے بڑے دشوار چیلنج درپیش ہیں۔ آئین کی رو سے مرکز اور صوبوں میں قائم کی جانی والی نگراں حکومتوں کی ذمے داری پرامن اور شفاف انتخابات کے انعقاد میں الیکشن کمیشن کو مطلوبہ تعاون فراہم کرنے تک محدود ہوتی ہے لیکن موجودہ صورت حال میں نگراں وفاقی حکومت کو نظم ونسق قائم رکھنے کے بنیادی کام کے علاوہ معاشی بحالی کے خصوصی منصوبوں کی کامیابی کیلئے بھی پوری جاں فشانی سے کام کرنا ہوگا تاکہ ملک جلد از جلد معاشی بحران سے نجات پائے اور مہنگائی و بے روزگاری سے نیم جاں ملک کی بھاری اکثریت کے شب وروز کی تلخیاں کم ہونے کی راہ ہموار ہو۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ قومی اسمبلی نے اپنے آخری دنوں میں نگراں وفاقی کابینہ کو خصوصی اختیارات دینے کیلئے قانون سازی کی ضرورت محسوس کی۔ اس تناظر میں جمعہ کو نگراں وفاقی کابینہ کا پہلا اجلاس غیر معمولی اہمیت کا حامل تھا کیونکہ اس کی کارروائی سے واضح ہونا تھا کہ وہ اپنی ذمے داریوں اور درپیش چیلنجوں سے کس طور پر عہدہ برآ ہونے کا عزم رکھتی ہے اور کابینہ کے اجلاس سے نگراں وزیر اعظم کے خطاب اور اجلاس کے بعد نگراں وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس سے واضح ہے کہ حکومت حالات کے تقاضوں کے عین مطابق اپنے فرائض کی ادائیگی کا بھرپور شعور رکھتی ہے۔ وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے اپنے خطاب میں سرکاری اخراجات میں ہر ممکن کمی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ٹیکس دہندگان کے پیسے کی حرمت کا احساس ہے، ٹیکس دہندگان کا پیسہ ضائع نہ کرنا بھی ہماری کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان کے معاشی چیلنجز سنگین ہیں لہٰذا عبوری حکومت مالی نظم وضبط کو یقینی بنانے کی پوری کوشش کرے گی۔ انہوں نے صراحت کی کہ عبوری حکومت ایک متعین مدت کیلئے آئی ہے لیکن جب تک ہم حکومت میں ہیں ہمیں باتوں سے نہیں عمل سے قوم کی خدمت کا فریضہ انجام دینا ہے۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ نگراں سیٹ اپ ایسے اقدامات کرے گا جن کا مقصد پچھلی حکومتوں کے قومی اور بین الاقوامی معاہدوں کو جاری رکھنا ہے اور اس کے تسلسل میں ہم ایسے نئے اقدامات کی کوشش بھی کریں گے، جن کی اجازت آئین و قانون کے تحت ہمیں حاصل ہے۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے حوالے سے زرعی اصلاحات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان زرعی اور معدنی وسائل سے مالا مال ہے اور اب وقت آگیا ہے کہ تمام اداروں کی حمایت کے ساتھ جس میں پاک فوج پیش پیش ہے، قوم زرعی اور معدنی وسائل کے ذریعے ترقی و خوشحالی کے دیرینہ خواب کی تعبیر پائے۔ 9 مئی کے سنگین واقعات کے ضمن میں انہوں نے واضح کیا کہ کسی رعایت اور خوف کے بغیر پوری غیر جانبداری کے ساتھ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے گا۔ کابینہ کے اجلاس اور چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات کے بعد نگراں وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے نیوز کانفرنس میں وضاحت کی کہ عام انتخابات الیکشن کمیشن کی ذمے داری ہے اور حکومت کمیشن کو اس کے طے کردہ پروگرام کے مطابق مطلوبہ تعاون فراہم کرنے کی پابند ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے نئی مردم شماری کے تحت نئی حلقہ بندیوں کو لازمی آئینی تقاضا قرار دیا ہے جس کے بعد 90 دن میں انتخابات کا کوئی امکان نہیں۔ مرتضیٰ سولنگی کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف معاہدے کی وجہ سے کسی چیز پر سبسڈی دینا ممکن نہیں جبکہ انہوں نے میڈیا پر کوئی پابندی عائد نہ کرنے اور آزادی اظہار کو یقینی بنانے کا عزم بھی ظاہر کیا۔ اس تفصیل سے واضح ہے کہ نگراں حکومت کو قومی مسائل و معاملات کا مکمل ادراک ہے اور وہ اپنے فرائض بحسن وخوبی انجام دینے کا بھرپور عزم رکھتی ہے۔

ابن مریم کی حضورؐ سے شکایت!

تحریر: عطا الحق قاسمی

جڑانوالہ میں اسلام کے نام پر اسلام کی جو رسوائی کی گئی ہے اس پر دل بہت اداس ہے۔ کسی مسیحی پر یہ الزام لگایا گیا کہ اس نے قرآن کی بے حرمتی کی ہے اور اس کے بعد مسجدوں سے اعلانات کا سلسلہ شروع ہوگیا اور ایک ہجوم نے 13 کے قریب چرچز کو جزوی نقصان پہنچایا یا مکمل طور پر جلا دیئے گئے، غریب مسیحیوں کے گھروں کو بھی جلایا گیا اور ان میں لوٹ مار بھی کی گئی۔ اس تمام عرصے کے دوران انتظامیہ اور پولیس تماشائی بنی رہی۔ بلکہ پنجاب حکومت کے کسی نامعلوم ترجمان کے ٹکر ٹی وی چینل پر چلتے رہے کہ صورتحال پر قابو پالیا گیا ہے۔ صورتحال پر قابو کا ثبوت یہ ہے کہ ذیل میں درج ان چرچز کو جزوی نقصان پہنچایا، مسیحیوں کو خوفزدہ کرنے کیلئے وہاں ہجوم نے نعرہ بازی کی، چند چرچ مکمل طور پر جلا کر راکھ کردیئے گئے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر 1: پاسٹر سلیم عارف صاحب کا AEC چرچ عیسیٰ نگری۔ نمبر 2: پاسٹر رضوان صاحب کا چرچ مکمل جلا دیا گیا ہے پریسبیٹیرین چرچ عیسیٰ نگری۔ نمبر 3: پاسٹر عدنان مائیکل کنگ ڈم آف چرچ۔ نمبر 4: میجر معشوق صاحب کا چرچ مکمل طور پر جلا دیا گیا ہے۔ نمبر 5: کیتھولک چرچ ناصر کالونی۔ نمبر 6: پاسٹر عیسیٰ ایئل کا چرچ پریسبیٹیرین چرچ مہاڑ والا۔ نمبر 7: پریسبیٹیرین چرچ سہروان۔ نمبر 8: پاسٹر عامر پٹھان کا چرچ آف گارڈ کموانہ۔ نمبر 9: کیتھولک چرچ کرسچن کالونی۔ نمبر 10 کیپٹن ساجد صاحب کا چرچ ،سالویشن آرمی چرچ۔ نمبر FGA: 11 چرچ فاروق پارک میں مکمل طور پر جلا دیا گیا ہے۔ نمبر: 12 پاسٹر عمر شہزاد صاحب کا چرچ FGA یاسر ٹاؤن چرچ مکمل جلا دیا گیا۔ نمبر: 13 پاسٹر فلپس صاحب کا چرچ کلوری چرچ آف نورا کالونی۔ نمبر: 14 کلوری چرچ 240 چک والا بھی جلا دیا گیا ہے۔ نمبر: 15 میجر امجد صاحب سالویشن آرمی چرچ بھی جلایا گیا۔ نمبر: 16 کیتھولک چرچ بستی عیسیٰ نگری۔ نمبر: 17 پاک خوشخبری چرچ نورا کالونی میں، پاسٹر اشرف صاحب۔ نمبر: 18 امیزنگ ریس چرچ شہروان میں۔ نمبر: 19 پاسٹر نوید مختار بی ایم چرچ 120 بستی۔ نمبر: 20 سالویشن آرمی چرچ جلایا گیا اور پاسٹر ہاؤس بھی۔ نمبر: 21 نامعلوم ایک اور چرچ تصاویر جلایا گیا، پاسٹر ہاؤس بھی۔ بہت سارے گھر اور سینکڑوں کی تعداد میں بائبل مقدس کے نسخے بھی نذر آتش۔

خدائے قادر مطلق رحم کرے۔ آمین۔

اب ہر طرف سے اسلام کے نام پر کی گئی اس غلیظ حرکت کی مذمت کی جارہی ہے۔ اس طرح کی مذمت تو ہر دفعہ ایسے مواقع پر کی جاتی ہے۔ مگر کسی مجرم کو نشان عبرت نہیں بنایا جاتا۔ شرپسندوں کے چہرے ویڈیو کلپس میں نظر آرہے ہیں، جس طرح کور کمانڈر ہاؤس کو جلانے والے مجرموں کو گرفتار کیا گیا اور ان کے خلاف آرمی ایکٹ یا عدالتوں میں کیس چلانے کیلئے ہوم ورک کیا جارہا ہے، اس جرم کے منصوبہ سازوں، مسجدوں سے اعلانات کرنے والوں، چرچز اور گھروں کو آگ لگانے، لوٹ مار کرنے والوں کو بھی ایسا سبق سکھانا چاہیے کہ مستقبل میں کسی اندرونی یا بیرونی پاکستان دشمن کو ایسا کرنے کی جرأت نہ ہو۔ پولیس کے ایک اعلامیہ کے مطابق ایک سو افراد کو گرفتار کیا جاچکا ہے، یہ لوگ موقعہ واردات پر بھی گرفتار کئے جاسکتے تھے مگر پولیس ہجوم سے خوفزدہ تھی۔ اب یہی ہجوم کسی بھی وقت تھانوں پر حملہ آور ہوکر گرفتار ہونے والوں کو چھڑا کر لے جاسکتا ہے یا مذاکرات کے ذریعے ان کی رہائی ہوسکتی ہے اور یوں مجھے اس امر کے کوئی آثار نظر نہیں آتے کہ پاکستانی قوم اپنے مسیحی بھائیوں پر دھاوا بولنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچتا دیکھ سکے گی۔ ہمارے یہ مسیحی بھائی سچے پاکستانی ہیں اور پاکستان کی ہر خوشی اور ہر غمی میں شریک ہوتے ہیں کہ وہ اس ملک کو اپنا وطن سمجھتے ہیں اور اس کیلئے جیتے مرتے ہیں۔ حضور نبی اکرمؐ نے 628 عیسوی میں، سینٹ کیتھرین کی خانقاہ کا ایک وفد جو حضورؐ کے پاس آیا اور ان سے پناہ دینے کی درخواست کی، جس پر ہمارے نبی رحمتؐ نے انہیں حقوق کا پورا ضابطہ عطا کیا، جو ذیل میں من وعن درج ہے۔

یہ پیغام محمد ابن عبداللہ کی طرف سے عیسائیت قبول کرنے والوں کے ساتھ، چاہے وہ دور ہوں یا نزدیک ایک عہد ہے کہ ہم ان کے ساتھ ہیں بے شک میں، میرے خدمت گار، مددگار اور پیروکار ان کا تحفظ کریں گے کیونکہ عیسائی بھی میرے شہری ہیں اور خدا کی قسم میں ہر اس بات سے اجتناب کروں گا جو انہیں ناخوش کرے۔ ان پر کوئی جبر نہیں ہوگا نہ ان کے منصفوں کو ان کے عہدوں سے ہٹایا جائے گا اور نہ ہی ان کے راہبوں کو ان کی خانقاہوں سے، ان کی عبادت گاہوں کو کوئی بھی تباہ نہیں کرے گا، نقصان نہیں پہنچائے گا اور نہ وہاں سے کوئی شے مسلمانوں کی عبادت گاہوں میں لے جائی جائے گی۔ اگر کسی نے وہاں سے کوئی چیز لی تو وہ خدا کے عہد کو توڑنے اور اس کے نبی ﷺ کی نافرمانی کرنے کا مرتکب ہوگا۔ بے شک وہ میرے اتحادی ہیں اور انہیں ان تمام کے خلاف میری امان حاصل ہے جن سے وہ نفرت کرتے ہیں، کوئی بھی انہیں سفر کرنے یا جنگ پر مجبور نہیں کرے گا، ان کیلئے جنگ مسلمان کریں گے۔ اگر کوئی عیسائی عورت کسی مسلمان سے شادی کرے گی تو ایسا اس کی مرضی کے بغیر نہیں ہوگا۔ اس عورت کو عبادت کیلئے گرجا گھر جانے سے نہیں روکا جائے گا۔ انکے گرجا گھروں کا احترام کیا جائے گا۔ انہیں گرجا گھروں کی مرمت یا اپنے معاہدوں کا احترام کرنے سے منع نہیں کیا جائیگا (مسلمانوں کی) قوم کا کوئی فرد روز قیامت تک اس معاہدے سے روگردانی نہیں کریگا۔

آخر میں نگران وزیراعلیٰ پنجاب سے گزارش ہے کہ یہ سانحہ آپ کے دور حکومت میں ہوا ہے اب آپ کو اس کی بدنامی سے بچنے کیلئے کوئی مؤثر کارروائی کرنا ہوگی، نری اشک شوئی سے کام نہیں چلے گا۔

تیری امت نے میرے گھر کی اہانت کی ہے
ابن مریم نے محمدؐ سے شکایت کی ہے۔

بشریٰ بی بی کی ڈائری

تحریر: فجاوید چوہدری

پنجاب پولیس 5 اگست 2023 کو عمران خان کی گرفتاری کے لیے زمان پارک پہنچی یہ ان کے بلٹ پروف بیڈروم تک آئی خان کو گرفتار کیا اور ایس ایس پی کی نگرانی میں انہیں ایئرپورٹ بھجوا دیا گیا اس کے بعد خان صاحب کے بیڈروم کی تلاشی کا عمل شروع ہو گیا۔ تلاشی کی ذمے داری ڈی آئی جی عمران کشور کو سونپی گئی ڈی ایس پی ریس کورس دو ایس ایچ اوز اور 10 لیڈی کانسٹیبلز ان کے ساتھ تھیں۔ بشریٰ بی بی اس وقت کمرے میں موجود تھیں خان صاحب کے بیڈروم کے دو حصے ہیں ایک حصہ سٹنگ ایریا ہے جس میں بڑے سائز کا صوفہ اور ایک ٹریڈ مل رکھی ہوئی ہے۔

دوسرے حصے میں بیڈ سائیڈ ٹیبلز اور کنسول ہیں بشریٰ بی بی نے پولیس ٹیم کو دیکھ کر کہا آپ لوگ پولیس ہیں اور پولیس کو صرف پیسوں میں دل چسپی ہوتی ہے میں خود بتا دیتی ہوں ہماری رقم سامنے الماری میں پڑی ہے آپ بے شک وہ لے لیں۔ ڈی آئی جی نے ہنس کر جواب دیا میڈم پیسوں کی ضرورت ہم سے زیادہ آپ کو ہوتی ہے۔ آپ ہمیں حکم کریں ہم آپ کی کتنی مالی مدد کریں؟ بشریٰ بی بی خاموش ہوگئیں وہ اس وقت بااعتماد تھیں پولیس کو وہ اعصابی لحاظ سے خان صاحب سے زیادہ مضبوط پراعتماد اور کمانڈنگ محسوس ہوئیں بشریٰ بی بی کی نشان دہی پر الماری سے رقم نکالی گئی۔ یہ گیارہ لاکھ اور چند ہزار روپے تھی نوٹ گن کر بی بی کے حوالے کردیے گئے اور ان سے ریسیونگ لے لی گئی۔ ڈی آئی جی کو صوفے کے ساتھ سائیڈ ٹیبل پر چاندی کا ایک پیالہ دکھائی دیا عمران کشور اس کی طرف بڑھے تو بی بی نے یہ کہہ کر انھیں روک دیا تم باوضو نہیں ہو تم اسے ہاتھ نہیں لگا سکتے۔ عمران کشور نے ہنس کر کہا بی بی آپ کو کیا پتا میں باوضو ہوں یا نہیں؟ اور اس کے ساتھ ہی انھوں نے پیالہ اٹھا لیا پیالے میں کپڑے کی ایک پوٹلی تھی۔ اسے کھولا گیا تو اس میں سے سیاہ سخت راکھ نکلی یہ ہڈیوں کی راکھ تھی اور اس کے ساتھ ایک تعویز رکھا تھا پیالے میں حروف مقطعات کی ایک لوح اور چھوٹی سی تسبیح بھی تھی۔ پولیس نے تصویریں کھینچ کر یہ اشیا واپس رکھ دیں پولیس کو بعدازاں بیڈ کی سائیڈ ٹیبل سے ایک سیٹلائٹ فون اور سبز رنگ کی ایک ڈائری ملی پولیس کو کمرے سے دو آئی فون بھی ملے ایک فون خان صاحب کا تھا اور دوسرا بشریٰ بی بی کا تصدیق کے بعد یہ تینوں فون تحویل میں لے لیے گئے اور فرانزک لیب بھجوا دیے گئے۔

پولیس نے بی بی سے پوچھا کمرے کی بلٹ پروفنگ پر دس پندرہ کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں (کمرے کی کھڑکیاں تک بلٹ پروف تھیں) یہ رقم کہاں سے آئی؟ بی بی کا جواب تھا میں نہیں جانتی یہ خان صاحب نے کرائی تھی کمرے سے چیک بکس کاغذات اور گولیوں کے خول بھی ملے یہ خول غالباً ڈیکوریشن پیس تھے۔ خان صاحب کے بیڈروم سے ملنے والی ڈائری منزل مقصود تک پہنچی اور اس کا جائزہ لیا گیا تو پتا چلا یہ وہی سبز رنگ کی ڈائری ہے جو اکثر خان صاحب کے ہاتھ میں ہوتی تھی اور وزارت عظمیٰ سے فراغت کے بعد خان صاحب یہی ڈائری لے کر وزیراعظم ہاؤس سے نکلے تھے۔ ڈائری کے طرز تحریر کا خان صاحب کی ہینڈ رائٹنگ سے موازنہ کیا گیا تو دونوں میں فرق تھا جس کے بعد یہ سوال پیدا ہوگیا یہ ڈائری اگر عمران خان کی ہے تو پھر اس میں تحریر کس کی ہے؟ اس سوال کا جواب چند منٹوں میں مل گیا ڈائری اور بشریٰ بی بی کی ہینڈ رائٹنگ میچ کر گئی ڈائری کا نئے سرے سے تجزیہ کیا گیا پتا چلا بشریٰ بی بی روزانہ عمران خان کے لیے ڈائری میں ہدایات لکھتی تھیں اور خان صاحب ڈائری کے مطابق ان پر عمل کرتے تھے۔

اب سوال یہ تھا یہ ہدایات کس نوعیت کی ہوتی تھیں پتا چلا وزیراعظم کے جاگنے سے لے کر سونے تک تمام معاملات ڈائری میں لکھے جاتے تھے اور خان صاحب ان پر من وعن عمل کرتے تھے یہ ایک حیران کن انکشاف تھا ڈائری کے آدھے صفحات پھٹے ہوئے تھے یوں محسوس ہوتا تھا یہ صفحے جلدی میں پھاڑے گئے ہیں بہرحال ڈائری کا تیسری مرتبہ تجزیہ ہوا پھٹے ہوئے اوراق جوڑنے کا کام بھی شروع ہوگیا اور یوں انکشافات کا نیا سلسلہ شروع ہو گیا۔ مجھے چند دن قبل یہ ڈائری دیکھنے اور پڑھنے کا اتفاق ہوا میں نے اس ڈائری میں کیا دیکھا میں اس طرف آنے سے پہلے آپ کو خان صاحب اور بشریٰ بی بی کے تعلقات کے بارے میں بھی بتاتا چلوں عمران خان اپنی بیگم بشریٰ بی بی کو اپنا مرشد سمجھتے ہیں اور یہ اس کا سرعام اعتراف بھی کرتے ہیں خان صاحب کے مطابق یہ مذہبی اور روحانی شخصیت ہیں جب کہ جہانگیر ترین انھیں جادوگرنی کہا کرتے تھے خان صاحب کا بی بی پر مکمل اعتقاد ہے۔ مجھے چند دن قبل علیم خان نے بتایا کہ بشریٰ بی بی نے وزیراعظم کو حکم دے رکھا تھا آپ نے مغرب سے پہلے ہر صورت گھر واپس آنا ہے چناں چہ وزیراعظم شام پانچ بجے بنی گالا میں ہوتے تھے بی بی نے انھیں لندن جانے سے بھی روک دیا تھا لہٰذا یہ ساڑھے تین سال لندن نہیں گئے اسٹیبلشمنٹ نے بڑی مشکل سے ان کے ایک دورے کا اہتمام کیا تھا۔ امریکی صدر بھی وہاں آ رہے تھے اور ان کی وہاں ان سے ملاقات طے تھی لیکن خان صاحب نے دورے سے ایک دن پہلے جانے سے انکار کردیا جنرل باجوہ اور جنرل فیض حمید نے بھی سمجھانے کی کوشش کی لیکن یہ نہیں مانے اور اس انکار کی وجہ سے برطانیہ اور امریکا دونوں سے سفارتی تعلقات مزید خراب ہوگئے۔

بشریٰ بی بی کے حکم پر خان صاحب نے بابا فرید کی چوکھٹ پر ماتھا بھی ٹیکا تھا اور یہ مدینہ میں بھی ننگے پاؤں اترے تھے۔ جنرل باجوہ نے ایک دن ان سے کہا وزیراعظم آپ ضعیف الاعتقادی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا ہے وزیراعظم کا جواب تھا جنرل صاحب میری بیوی ریڈ لائن ہے جنرل باجوہ کا جواب تھا سر ہر عزت دار شخص کی بیوی اس کی ریڈ لائن ہوتی ہے لیکن یہ اس کی مرشد اور عقیدہ نہیں ہوتی آپ ریڈ لائن میں تک چلے گئے ہیں۔ خان صاحب کا جواب تھا بشریٰ بی بی 36 گھنٹے کا روزہ رکھتی ہیں اور انھیں کیا کیا دکھائی دیتا ہے آپ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد گفتگو ختم ہوگئی۔ میری چھ ماہ قبل بشریٰ بی بی اور خان صاحب کے ایک قریبی ساتھی سے گفتگو ہوئی میں نے خان کی اندھی عقیدت کے بارے میں پوچھا تو اس کا جواب تھا بشریٰ بی بی نے 2016 میں عمران خان سے کہا آپ 2018 میں وزیراعظم ہوں گے اور یہ وزیراعظم بن گئے انھوں نے کہا جب تک فیض حمید ڈی جی آئی ایس آئی رہیں گے اس وقت تک حکومت محفوظ رہے گی۔

آپ دیکھ لیں جس دن جنرل فیض حمید کا تبادلہ ہوا حکومت اس دن گرنا شروع ہوگئی۔ بشریٰ بی بی نے کہا عثمان بزدار وزیراعلیٰ ہیں تو پنجاب اور وفاق آپ کے ہاتھ میں ہیں آپ دیکھ لیں وزیراعظم نے جس دن عثمان بزدار سے استعفیٰ لیا اس دن پنجاب اور وفاق دونوں خان کے ہاتھ سے نکل گئے۔ بشریٰ بی بی نے کہا آپ جیسے جیسے مارچ گزار جائیں اپریل میں آپ اپنی پاپولیرٹی کی پیک پر ہوں گے۔ آپ اپریل کے بعد عمران خان کی شہرت کا لیول دیکھ لیں بشریٰ بی بی نے بتایا حکومت ایڑی چوٹی کا زور لگا کر بھی آپ کو گرفتار نہیں کر سکے گی ریاست اور حکومت 15 ماہ کی کوشش اور 182 مقدموں کے باوجود خان کو گرفتار نہیں کر سکی۔ 9 مئی کو گرفتاری ہوئی تو ایک رات بعد قید خانہ ان کا مہمان خانہ بن گیا بشریٰ بی بی نے کہا آپ پر جب بھی ہاتھ ڈالا جائے گا ملک میں خانہ جنگی ہوجائے گی آپ 9 اور 10 مئی کے واقعات دیکھ لیں بی بی نے کہا عدلیہ آپ کی سب سے بڑی محافظ ہوگی۔ آپ آج تک عدلیہ کا رویہ دیکھ لیں اور بی بی نے کہا تھا آپ پر قاتلانہ حملہ ہوگا لیکن دشمن ناکام ہوگا۔

افغان طالبان کے دو سال

تحریر: مزمل سہروردی

افغانستان کی طالبان حکومت کے دو سال مکمل ہو گئے ہیں۔ افغانستان میں طالبان کی حکومت امریکی فوجوں کے انخلا کے بعد قائم ہوئی تھی۔ گو کہ اس حکومت کو عبوری حکومت کہا گیا تھا۔ لیکن جب یہ قائم ہوئی تھی تب ہی سب کو اندازہ تھا کہ یہی مستقل حکومت ہے۔ نہ طالبان نے کبھی انتخابات کروانے ہیں اور نہ ہی کسی اور کے ساتھ شراکت اقتدار کرنی ہے۔ شراکت داری کی ساری بات بھی جھوٹ تھی اور عبوری حکومت والا بھی ڈرامہ ہی تھا۔ طالبان کے یہ دو سال ان کے پہلے دور اقتدار سے کچھ خاص مختلف نہیں ہیں۔ ان کی پہلی حکومت کو بھی دنیا میں کسی نے تسلیم نہیں کیا تھا۔ ان کی اس موجودہ حکومت کو بھی دنیا میں تسلیم نہیں کیا گیا۔ پہلی حکومت کو بھی اقوام متحدہ میں ممبر شپ حاصل نہیں تھی۔ موجودہ حکومت کو بھی حاصل نہیں۔ فرق یہی ہے کہ پہلی حکومت کو پاکستان اور سعودی عرب نے تسلیم کیا ہوا تھا۔

لیکن موجودہ حکومت کو سرکاری طور پر پاکستان اور سعودی عرب نے بھی تسلیم نہیں کیا۔ بہر حال طالبان کی پہلی حکومت سے بھی پاکستان نے مکمل تعاون کیا تھا۔ موجودہ حکومت کے ساتھ بھی تعاون کیا جا رہا ہے۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس بار افغان طالبان کی سفارکاری پہلے سے بہتر ہے۔ چین سے اچھے تعلقات بنائے گئے ہیں۔ روس اور وسطی ایشیا ریاستوں سے پہلے سے بہتر تعلقات ہیں۔ یہ درست ہے کہ امریکا نے طالبان حکومت کے آنے کے بعد افغانستان کے اثاثے ضبط کر لیے تھے۔ ان کی مالیت نو بلین ڈالر ہے۔ لیکن پھر بھی پہلے کی نسبت اس بار امریکا سے مذاکرات ہو رہے ہیں۔ بات چیت ہو رہی ہے۔ محدود تعاون بھی ہو رہا ہے۔ دو سال میں امریکا نے این جی اوز کے ذریعے افغانستان میں دو بلین ڈالر بھی خرچ کیا ہے۔

اس لیے خارجہ محاذ پر جہاں بڑی کامیابیاں نہیں ملی ہیں۔ وہاں رویہ میں بہتری ضرور ہے۔ جب افغانستان میں طالبان کی موجودہ عبوری حکومت قائم ہوئی تو پاکستان میں یہ بیانیہ بنایا گیا کہ اشرف غنی کی حکومت بھارت نواز حکومت تھی۔ اشرف غنی کی حکومت میں بھارت نے افغانستان میں دہشت گردی کے اڈے بنائے ہوئے تھے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی کا نیٹ ورک چلایا جا رہا تھا۔ ہمیں بتایا جاتا تھا کہ بھارت نے افغانستان میں پاکستان کی سرحد کے ساتھ شہروں میں بھارتی قونصلیٹ بنوالیے ہیں۔ جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی کروائی جاتی ہے۔ اشرف غنی را کا نیٹ ورک چلا رہے ہیں۔ اشرف غنی کا بھارت کی طرف جھکاؤ نظر بھی آتا ہے۔ اس لیے بتایا گیا کہ طالبان کی حکومت آنے سے پاکستان کے لیے بہتری ہوگی۔ افغانستان میں بھارت کی بالادستی کم ہوگی۔ لیکن آج دو سال بعد دیکھیں تو طالبان کی موجودہ عبوری حکومت اور پاکستان کے تعلقات کہاں کھڑے ہیں۔ دیکھا جائے تو دہشت گردی بڑھی ہے اور آج ہم یہ الزام لگانے کی پوزیشن میں بھی نہیں ہیں کہ طالبان حکومت کا جھکاؤ بھارت کی طرف ہے۔ جن دہشت گرد گروپوں پر بھارت کی سرپرستی کا الزام لگاتے تھے اب وہ طالبان کی سرپرستی میں زیادہ فعال نظر آرہے ہیں۔ ان کی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔ ان کی کارروائیاں بڑھ گئی ہیں۔

اگر دیکھا جائے تو طالبان کی موجودہ عبوری حکومت پاکستان کے لیے کوئی خاص فائدہ مند ثابت نہیں ہوئی ہے۔ ہم نے خواب تو بہت دیکھے تھے لیکن سارے خواب چکنا چور ہو گئے۔ ہم طالبان کی موجودہ عبوری حکومت کے آنے پر خوش بہت تھے لیکن آج خون کے آنسو رو رہے ہیں۔ پاکستان میں دہشت گردی میں ان دو سالوں میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔ آج دیکھا جائے تو دو سال قبل افغان طالبان کو پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کی جتنی حمایت حاصل تھی آج اتنی ہی مخالفت کا سامنا ہے۔ آج کھلے عام ایک دوسرے کے خلاف بیانات دیے جارہے ہیں۔ اس کا دو سال پہلے تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ آج دوستی کم اور محاذ آرائی زیادہ نظر آرہی ہے۔

دو سال پہلے کابل میں چائے کی پیالی کی تصویر بتا رہی تھی کہ پاکستان افغان طالبان کی اس عبوری حکومت کے ساتھ ہے۔ بلکہ دنیا کو یہ تاثر بھی دیا جا رہا تھا کہ ہم ہی لانے والے ہیں۔ آج آرمی چیف کے بیانات اور پاک فوج کے بیانات سامنے ہیں۔ آج ہم افغان طالبان کو پاکستان میں دہشت گردی کا براہ راست ذمے دار ٹھہرا رہے ہیں۔ دوسری طرف افغان طالبان بھی پاک فوج اور پاکستان کے خلاف کھلے بیانات دے رہے ہیں۔ جواب الجواب کا ایک سلسلہ جاری ہے۔ جس سے دونوں ملکوں کے درمیان کشیدہ تعلقات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ان دو سالوں میں پاک افغان سرحدی جھڑپیں بھی ہوئی ہیں۔ افغانستان کی طرف سے جارحیت بھی دکھائی گئی ہے۔ بلکہ پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا ہے۔

قوت
SHOWBIZ

بھارتی فلمساز کا شاہ رخ خان پر بالی وڈ انڈسٹری کو تباہ کرنے کا الزام

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بھارتی فلمساز وویک اگنی ہوتری نے بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان پر الزام لگایا ہے کہ وہ انڈسٹری کو تباہ کر رہے ہیں۔ ایک تازہ انٹرویو میں متنازعہ فلم 'کشمیر فائلز' کے ڈائریکٹر نے کہا کہ شاہ رخ خان صرف باکس آفس پر کامیابی کیلئے فلم بنا رہے ہیں اس میں عام لوگوں کیلئے کچھ نہیں ہے۔ وویک اگنی ہوتری کا کہنا تھا اگرچہ وہ بالی وڈ کنگ کے بہت بڑے فین ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ان کی کرشماتی شخصیت کا کوئی مقابل نہیں ہے لیکن انہیں اداکار کی سیاست پسند نہیں ہے۔ فلمساز نے بتایا کہ اب بالی وڈ میں صرف پبلک ریلیشنز، سنسنی خیزی، گلیمر اور سپر اسٹار ہی رہ گئے ہیں اور جو سپر اسٹار نہ ہو تو اسے قبول نہیں کیا جاتا۔ شاہ رخ خان کے ساتھ کام کرنے کے متعلق ان کا کہنا تھا کہ اداکار ان کے ساتھ کام نہیں کریں گے کیوں وہاں انہیں پس منظر میں رہنا پڑے گا اور وہ یہ نہیں کرسکتے۔ واضح رہے کہ شاہ رخ خان نے رواں برس اپنی فلم 'پٹھان' کے ساتھ باکس آفس پر نئے ریکارڈ قائم کیے اور اب ان کی فلم 'جوان' بھی نئے سنگ میل قائم کرنے جارہی ہے۔

ہریتھک روشن کی نئی فٹنس تصویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی وڈ سپر اسٹار ہریتھک روشن کی نئی فٹنس تصویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ اداکار نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنی باڈی ٹرانسفورمیشن کی تصاویر شیئر کی ہیں جس پر پوری دنیا میں ان کی تعریف کی جارہی ہے۔ ہریتھک روشن نے اپنی پوسٹ کے ساتھ لکھا کہ اب چھٹیاں ختم ہوگئی ہیں، آپ کیلئے ٹرانسفورمیشن سے قبل اور بعد کی تصاویر پیش خدمت ہیں، جم میں ملاقات ہوگی۔ بالی وڈ سپر اسٹار کی پوسٹ پر جہاں مداح خوشی کا اظہار کررہے ہیں وہیں اداکار کی گرل فرینڈ صبا آزاد نے ہریتھک کو زیادہ پنیر کھانے کا مشورہ دیا ہے۔ اداکار اپنی اگلی فلم 'فائٹر' میں نظر آئیں گے جس میں وہ پہلی مرتبہ دیپیکا پڈوکون کے ساتھ اسکرین شیئر کریں گے۔

سنی دیول کی فلم 'غدر 2' چلانے والے سینما پر بموں سے حملہ

بہار (شوبز ڈیسک، قوت) بھارتی ریاست بہار کے شہر پٹنہ کے ایک سینما ہال پر بموں سے حملہ کیا گیا ہے اور اس میں سنی دیول کی بلاک بسٹر 'غدر 2' کی اسکریننگ جاری تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شرپسندوں نے سینما ہال کے باہر ہنگامہ آرائی کی اور دو کم شدت کے بم بھی پھینکے جس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس ذرائع کے مطابق سینما کے باہر ہنگامہ کرنے والوں میں سے دو افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور ان سے تفتیش جاری ہے۔ تھیٹر ہال کے مالک سمن سنہا نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ شرپسند 'غدر 2' کے ٹکٹ بلیک میں فروخت کرنے کیلئے سینما انتظامیہ پر دباؤ ڈال رہے تھے۔

پرینیتی چوپڑا کی شادی کب ہوگی؟ تاریخ سامنے آگئی

(شوبز ڈیسک، قوت) بالی ووڈ اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی منگیتر راگھو چڈھا کی شادی کی تاریخ سامنے آگئی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق پرینیتی چوپڑا آئندہ ماہ ستمبر کی 25 تاریخ کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہوجائیں گی، شادی کی تقریب راجستھان میں ہوگی جبکہ ولیمے گروگرام میں منعقد ہوگا۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ بالی ووڈ اداکارہ اور سیاستدان راگھو چڈھا کی شادی میں بالی ووڈ ستاروں سمیت رشتہ داروں اور دوست احباب شرکت کریں گے۔ جوڑے کی شادی کی تقریبات کا آغاز ستمبر کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے کا امکان ہے تاہم اس حوالے سے کوئی باضابطہ تاریخ نہیں دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پرینیتی چوپڑا اور عام آدمی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ راگھو چڈھا کی منگنی کی تقریب 13 مئی کو نئی دلی میں ہوئی تھی جس میں کئی معروف بھارتی شخصیات نے شرکت کی تھی۔

شاہ رخ خان کی ٹرولنگ، مداح دفاع کے لیے میدان میں آگئے

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی ووڈ کے میگا اسٹار کو نئی فلم 'جوان' کی ریلیز سے قبل سوشل میڈیا پر شدید ٹرولنگ کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا پر شاہ رخ خان کے فینز اور مخالفین آمنے سامنے آگئے جس کی وجہ شاہ رخ خان کی اپنی بیٹی کے ساتھ سامنے آنے والی ویڈیو ہے۔ وائرل ویڈیو میں شاہ رخ خان کسی تفریحی مقام پر سمندر کنارے سوئمنگ پول میں اپنی بیٹی سہانا خان کے ساتھ تیراکی کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ویڈیو میں سہانا خان تیراکی کے مختصر لباس میں ہیں جس پر شاہ رخ خان کو تنقید کا سامنا ہے۔ شاہ رخ خان کو ایک سوشل میڈیا نے بیٹی کے لباس کے حوالے سے شرم دلائی تو ان کے مداح دفاع کے لیے میدان میں آگئے۔ ایک مداح نے کہا کہ اپنے بچوں کے ساتھ تفریح کرنا کیا جرم ہے۔ ایک اور سوشل میڈیا صارف نے تنقید کرنے والوں سے پوچھا کہ بغیر اجازت کسی کی ویڈیو بنانا کیا اخلاقی کام ہے؟ شاہ رخ خان سے تیراکی کی ویڈیو بنانے کی اجازت لی گئی تھی۔ ویڈیو میں شاہ رخ خان اپنے بچوں آریان اور سہانا خان کو سوئمنگ پول میں بلا رہے ہیں اور اس دوران اپنے چھوٹے بیٹے کی تصاویر کھینچتے دکھائی دے رہے ہیں۔ شاہ رخ خان کے فینز کی جانب سے شدید تنقید کے بعد ویڈیو سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کرنے والے صارف نے ویڈیو ڈیلیٹ کردی۔

ہانیہ عامر سے ملاقات کی بے انتہا خوشی، مداح کے آنسو چھلک پڑے

لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) ڈمپل کوئین کے نام سے مشہور پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ ہانیہ عامر سے ملاقات کے دوران مداح اپنے آنسوؤں پر قابو نہ رکھ سکی۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو گردش کر رہی ہے جس میں معروف پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کو ایک مداح سے گرمجوشی کے ساتھ گلے ملتے اور تسلی دیتے دیکھا گیا۔ دوران ملاقات مداح کو اپنی پسندیدہ اداکارہ کو سامنے دیکھ کر قسمت پر یقین نہ آیا اور مارے خوشی کے اس کا آنسوؤں پر کنٹرول نہ رہا اور وہ رو پڑی، اس پر ہانیہ عامر نے اسے فوری گلے لگا کر تسلی دی۔ ہانیہ عامر کے اس عمل کی ویڈیو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہے، مداحوں کی جانب سے ہانیہ کے اپنے پرستاروں سے اظہار ہمدردی کے اس عمل کو خوب سراہا جا رہا ہے۔

کامیابیوں کے باوجود میرے خاندان کو بالی وڈ میں جائز مقام نہ مل سکا، دھرمیندر

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی وڈ کے نامور اداکار دھرمیندر نے کہا ہے کہ انڈسٹری میں ان کے خاندان کو متعدد کامیابیوں کے باوجود ان کا جائز مقام نہیں مل سکا۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکار کا کہنا تھا کہ ان کی فیملی اپنی تشہیر خود نہیں کرتی اور وہ یقین رکھتے ہیں کہ ان کے کام کو بولنا چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے بیٹے سنی دیول انڈسٹری کی دو بلاک بسٹر کا حصہ رہے لیکن اس نے کبھی اس پر فخر نہیں کیا۔ دھرمیندر کا کہنا تھا کہ ان کو 1969 کی فلم 'ستیہ کام' پر کوئی ایوارڈ نہیں ملا جس فلم میں شرمیلا ٹیگو، اشوک کمار سنجیو کمار بھی موجود تھے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ اپنے مداحوں کی محبت کی وجہ سے انڈسٹری میں ترقی کر رہے ہیں جبکہ انڈسٹری میں ان کی خدمات کا کبھی اعتراف نہیں کیا گیا۔ واضح رہے کہ سنی دیول کی نئی فلم 'غدر 2' حال ہی میں ریلیز ہوئی ہے اور وہ کامیابی کے ساتھ 300 کروڑ کا بزنس کرچکی ہے جبکہ اس کی پیش قدمی جاری ہے۔

شاہ رخ اور سلمان کیساتھ فلموں کی آفر ٹھکرانے پر افسوس نہیں، ایشا پٹیل

ممبئی (شوبز ڈیسک، قوت) بالی ووڈ اداکارہ ایشا پٹیل کا کہنا ہے کہ سپر اسٹارز شاہ رخ خان اور سلمان خان کے ساتھ فلموں کی آفر ٹھکرانے پر افسوس نہیں۔ اداکارہ ایشا پٹیل نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں کہا کہ انہیں شاہ رخ خان کی فلم 'چلتے چلتے'، سلمان کی 'تیرے نام' اور سنجے دت کی بلاک بسٹر فلم 'منا بھائی ایم بی بی ایس' میں کام کی آفر ہوئی تھی تاہم دیگر پروجیکٹس میں مصروفیت کے باعث انہوں نے منع کر دیا۔ ایشا پٹیل کا مزید کہنا تھا کہ ان فلموں میں کام کے لیے میرے پاس وقت نہیں تھا اور یہ آفرز ٹھکرانے پر کوئی افسوس بھی نہیں ہے۔ اپنی پہلی ہٹ فلم 'کہونا پیار ہے' کے ہیرو ہریتھک روشن کے ساتھ کسی فلم میں کام کرنے کی منتظر ہوں۔ سنی دیول اور ایشا پٹیل کی ہٹ فلم 'غدر' کا سیکوئل 'غدر 2' حال ہی میں ریلیز ہونے کے بعد ہٹ ہوگیا ہے اور فلم اب تک کروڑوں کی کمائی کرچکی ہے۔

مرضی کا فیشن کر کے نکلوں تو 'لاہور' مجھے قتل کردے، عفت عمر

لاہور (شوبز ڈیسک، قوت) معروف پاکستانی اداکارہ عفت عمر نے کہا ہے کہ اگر میں اپنی مرضی کا فیشن کر کے نکلوں تو 'لاہور' مجھے قتل کر دے گا۔ عفت عمر حال ہی میں ایک شو میں شریک ہوئیں جس میں میزبان نے ان سے بھارتی ماڈل عرفی جاوید کے فیشن سینس سے متعلق سوال کیا۔ میزبان کے سوال پر عفت عمر کا کہنا تھا کہ عرفی کا فیشن ان کی اپنی مرضی ہے لیکن یہ میرے طرز کا فیشن نہیں ہے اس لیے میں اس فیشن کو نہیں قبول کروں گی لیکن میں ان کے فیشن سینس کی برائی بھی کیوں کروں؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ فیشن کیلئے کوئی بھی باؤنڈری عام انسان منتخب نہیں کرسکتا۔

ورلڈکپ کون جیتے گا! گنگولی نے 5 ٹیموں کی پیشگوئی کردی

(سپورٹس ڈیسک، قوت) سابق بھارتی کپتان اور اوپنر سارو گنگولی نے بھارت میں شیڈول ورلڈکپ جیتنے والی پانچ ٹیموں کے ناموں کا اعلان کردیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سابق بھارتی کپتان سے صحافیوں نے سوال کیا کہ ورلڈکپ کے ناک آؤٹ مرحلے تک کون سی چار ٹیموں کو فیورٹ سمجھتے ہیں؟ جس پر دادا نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ میگا ایونٹ جیتنے والی ٹیموں میں سب سے اُوپر بھارت کو رکھتا ہوں، کیونکہ ہمیں ہوم ایڈوانٹیج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا، انگلینڈ، پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں ورلڈکپ جیتنے کی صلاحیت رکھتی ہیں جبکہ جنوبی افریقی ٹیم بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرسکتی ہے۔ قبل ازیں ایک انٹرویو میں سابق آسٹریلوی کرکٹر گریگ چیپل نے 4 ٹیموں کو سیمی فائنل تک کوالیفائی کرنے کی لئے فیورٹ قرار دیا تھا جس میں پاکستان، آسٹریلیا، انگلینڈ اور میزبان بھارت شامل تھے۔ ان کے علاوہ گلین میک گرا، انگلش کپتان آئن مورگن نے بھی پاکستان، آسٹریلیا، انگلینڈ اور بھارت کو سیمی فائنلسٹ ٹیموں کے حوالے سے پیشگوئی کی تھی جبکہ مسٹر 360 اے بی ڈی ویلیئرز نے جنوبی افریقہ کو فہرست میں جگہ دی تھی۔ واضح رہے کہ ون ڈے ورلڈکپ 2023 اکتوبر اور نومبر میں بھارت میں کھیلا جائے گا، جس میں 10 ٹیمیں حصہ لیں گی جبکہ میگا ایونٹ کا آغاز 5 اکتوبر سے ہوگا اور فائنل 19 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

ایشیا کپ، ورلڈکپ سے قبل بھارتی ٹیم میں نائب کپتانی کی جنگ چھڑ گئی



(سپورٹس ڈیسک، قوت) بھارتی کرکٹ ٹیم فاسٹ بولر جسپریت بمراہ نے دھماکے دار واپسی نے ایشیا کپ، ورلڈکپ سے قبل بھارتی ٹیم میں نائب کپتانی کی جنگ چھیڑ دی ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس میں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ سنیارٹی کے لحاظ سے دیکھیں تو جسپریت بمرا آل راؤنڈر ہارڈک پانڈیا سے آگے ہیں، انہوں نے سال 2022 میں ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی کی تھی جبکہ ایشیا کپ اور ورلڈکپ میں بمرا کو روہت شرما کے نائب کے طور پر بھی میدان میں اُتارا جاسکتا ہے۔ انجری سے واپسی پر جسپریت بمراہ آئرلینڈ کے خلاف ٹی 20 مقابلے میں بھرپور ردھم میں نظر آئے انہوں نے 4 اوورز میں 24 رنز کے عوض 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ دوسری جانب ہارڈک پانڈیا بطور کپتان ویسٹ انڈیز کے خلاف اپنی پہلی دوطرفہ سیریز ہارے جس میں انکی کپتانی پر کئی سوالات بھی اُٹھے، جس پر انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ بھارتی آل راؤنڈر ہارڈک پانڈیا کی کپتانی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف تین میچوں کی ون ڈے سیریز میں 1-2 سے کامیابی سمیٹی جبکہ پانچ میچوں کی ٹی 20 سیریز میں 2-3 سے عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا، جس کے بعد انہیں آئرلینڈ کے خلاف سیریز کیلئے کپتانی سے ہٹادیا گیا۔ دورہ آئرلینڈ کے دوران بھارتی ٹیم میں ایک سال بعد انجری سے واپسی کرنے والے جسپریت بمراہ کو ٹیم کی کپتانی سونپی گئی پہلے میچ میں بھارت ڈک ورتھ لوئس سسٹم کے تحت 2 رنز سے کامیابی سمیٹی تھی۔

اسکواش چیمپئن شپ: انڈر 13 مقابلے میں پاکستان 6 سال بعد چیمپئن بن گیا

(سپورٹس ڈیسک، قوت) ایشین جونیئر سنگلز اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان نے تین میڈل اپنے نام کر لیے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق چین کے شہر ڈالیان میں کھیلی گئی ایشین جونیئر سنگلز اسکواش چیمپئن کے انڈر 13 فائنل میں دونوں پاکستانی مدمقابل تھے، نعمان خان نے احمد ریان خلیل کو ہرا کر گولڈ میڈل جیت جیتا جبکہ احمد ریان سلور میڈل کے حقدار ٹھہرے۔ انڈر 17 کیٹیگری میں پاکستان کے عبداللہ نواز کو ملائیشیا کے "لو واسیم" سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

ذہنی مضبوطی کیلیے بنگلہ دیشی کرکٹر آگ پر بے خوفی سے چلنے لگے

(سپورٹس ڈیسک، قوت) سوشل میڈیا منیجر نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں اوپنر محمد نائم آگ پر بے خوفی سے چلتے نظر آرہے ہیں۔ سوشل میڈیا منیجر نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں اوپنر محمد نائم آگ پر بے خوفی سے چلتے نظر آرہے ہیں۔ لاہور: بنگلہ دیشی ٹیم نے ذہنی مضبوطی کیلیے انوکھا طریقہ اپنا لیا۔ محمد نائم میدان میں آگ پر بے خوفی سے چلتے دکھائی دیے، ٹیم ایشیا کپ کی تیاریوں میں مصروف ہے، ذہنی مضبوطی کیلیے بھی مشقیں کرائی جارہی ہیں۔ یہ بھی پڑھیں: افغانستان نے تاریخ رقم کرتے ہوئے بنگلہ دیش میں سیریز جیت لی۔

ورلڈکپ شیڈول؛ بھارتی بورڈ نے مذاق بنالیا، دوبارہ تبدیلی کا امکان



(سپورٹس ڈیسک، قوت) بھارت میں شیڈول آئی سی سی ورلڈکپ میں بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کی نااہلی کے باعث ایک بار پھر شیڈول میں تبدیلی کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق مقامی پولیس نے سیکیورٹی تحفظات کے باعث ہاتھ کھڑے کرتے ہوئے کہا ہے کہ میچز کے دوران وقفہ نہ ہونے پر لگاتار 2 دن سکیورٹی نہیں دے سکتے، اس حوالے سے حیدرآباد کرکٹ ایسوسی ایشن اور بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کو آگاہ کردیا گیا ہے۔ احمد آباد کے نریندر مودی کرکٹ اسٹیڈیم میں 9 اکتوبر کو نیوزی لینڈ اور نیدرلینڈز کے درمیان میچ شیڈول ہے جبکہ 10 اکتوبر کو پاکستانی ٹیم سری لنکا کے مدمقابل آئے گی۔ مقامی پولیس نے پاکستان اور سری لنکا کے درمیان میچ پر خاص پر سیکیورٹی کے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ قبل ازیں ورلڈکپ شیڈول میں تبدیلی کرتے ہوئے قومی ٹیم کو ورلڈکپ میں اپنا دوسرا میچ سری لنکا کے ساتھ جو پہلے 12 اکتوبر کو کھیلنا تھا وہ اب 10 اکتوبر کو شیڈول تھا تاہم اب سیکیورٹی مسائل کے باعث تبدیلی کا امکان زور پکڑ رہا ہے۔

لنکن پریمیئر لیگ؛ بیٹنگ اسپانسرز کی بھرمار پر خدشات ظاہر

کولمبو (سپورٹس ڈیسک، قوت) لنکا لیگ میں بیٹنگ اسپانسرز کی بھرمار پر خدشات ظاہر ہونے لگے، تقریباً تمام شریک ٹیموں کی جرسیوں پر جوا کھلانے والی فرمز کے لوگو موجود ہیں۔ لنکا لیگ میں بیٹنگ فرمز کی جانب سے اسپانسر شپ کی بھرمار ہے، سری لنکن میڈیا کے مطابق اس وقت ایونٹ میں شریک تمام ہی ٹیموں کی جرسیوں پر بیٹنگ فرمز اور آن لائن فاریکس کمپنیز کے لوگو لگے ہوئے ہیں، آدھا درجن کے قریب بیٹنگ فرمز ہیں، کرپٹو کرنسی کی جانب سے بھی اسپانسر کیا جارہا ہے، سری لنکا کے مرکزی بینک کی جانب سے یہ پہلے ہی واضح ہوچکا کہ ملک میں کرپٹو کرنسی کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ مشکوک اسپانسر شپس سے فکسنگ کا خطرہ بڑھنے کا بھی امکان ہے، سری لنکن کرکٹرز پہلے ہی اس حوالے سے کافی بدنام ہیں، کئی سابق کرکٹرز کو فکسنگ کی وجہ سے سزائیں بھی ہوچکی ہیں، ایل پی ایل کے منتظمین ان اسپانسر شپ کو بے ضرر قرار دیتے ہیں۔ ٹورنامنٹ ڈائریکٹر سامنتھا ڈوڈنویلا نے کہا کہ ایونٹ کے تمام اسپانسرز کی آئی سی سی سے منظوری لی گئی تھی، اینٹی کرپشن یونٹ کی اجازت کے بعد ہی ٹیموں کو اپنی جرسیوں پر لوگو لگانے کی اجازت دی گئی، آئی سی سی اینٹی کرپشن یونٹ کے 3 آفیسرز بھی کام کررہے ہیں، جس سے ہمارے ٹورنامنٹ کی ساکھ بڑھی ہے، جافنا کنگز نے اپنی جرسی پر ایک غیر منظور شدہ لوگو لگایا جس کو ہم نے چھپانے کو کہا، اے سی ایس یو کی اجازت کے بعد ہی اس کو ظاہر کرنے دیا جائے گا۔

ورلڈکپ؛ گریگ چیپل نے بھی 4 سیمی فائنلسٹ ٹیموں کا نام بتادیا

(سپورٹس ڈیسک، قوت) سابق آسٹریلوی کرکٹر اور بھارتی ٹیم کے ہیڈکوچ گریگ چیپل نے بھارت میں شیڈول ورلڈکپ کیلئے اپنی ٹاپ چار ٹیموں کی پیشگوئی کردی۔ ایک انٹرویو میں سابق آسٹریلوی کرکٹر گریگ چیپل سوال کیا گیا کہ کون سی 4 ٹیموں کو آپ ورلڈکپ سیمی فائنل میں جگہ بناتا دیکھ رہے ہیں جس پر انہوں نے جواب دیا کہ پاکستان، آسٹریلیا، انگلینڈ اور میزبان بھارت ٹاپ فور میں کوالیفائی کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میگا ایونٹ بھارت میں شیڈول ہے جبکہ ایشیائی ٹیمیں ان کنڈیشنز میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں تاہم آسٹریلیا اور انگلینڈ کو مضبوط ٹیم ہونے کی وجہ سے فہرست میں جگہ دے رہا ہوں۔

دوسرا ٹی 20: یو اے ای کی نیوزی لینڈ کیخلاف تاریخی کامیابی

(سپورٹس ڈیسک، قوت) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے نیوزی لینڈ کے خلاف تاریخی کامیابی سمیٹ لی۔ دبئی میں کھیلے جارہے سیریز کے دوسرے ٹی 20 میچ میں متحدہ عرب امارات کی ٹیم نے نیوزی لینڈ کو پہلی بار کسی انٹرنیشنل مقابلے میں شکست دی۔ نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 142 رنز بنائے، مارک چیپمین 63 جبکہ چاڈ بووئیز اور جیمز نیشام 21،21 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ میزبان ٹیم نے ہدف 15.4 اوورز میں 3 وکٹ پر حاصل کرلیا، کپتان محمد وسیم 55، آصف خان 48 اور ویریتیا اروند 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

روزنامہ
قوت

اشاعت خاص

ترتیب واہتمام
عمیر صداقت



تحریر۔۔ ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب لاہور

وزیر اعلیٰ کا اولین مشن، عوام کو صحت مندانہ سرگرمیاں ان کی دہلیز پر پہنچانا

محسن نقوی صوبہ پنجاب کے تابناک مستقبل کے علمبردار

صوبہ کی ترقیاتی کاموں سے قسمت بدلنے کی تاریخ رقم کرنے میں ان کا کوئی ثانی نہیں

نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہماری نوجوان نسل پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، نوجوانوں نے ہی پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے۔ میرا صرف ایک ہی پیغام ہے آپ نے مایوس نہیں ہونا کیونکہ مایوسی گناہ ہے۔ قرآن مجید میں مایوسی کو گناہ قرار دیا گیا ہے، قائد اعظمؒ نے بھی تقاریر میں بھی مایوس نہ ہونے اور امید کا پیغام دیا ہے۔ ہم تھوڑے عرصے کے لئے آئے ہیں لیکن اس ملک کا مستقبل بہت روشن ہے۔ ملک اب درست سمت کی طرف گامزن ہے، انشاء اللہ پاکستان میں مثبت تبدیلیوں کے اثرات جلد نظر آئیں گے۔ سرکاری افسران، اساتذہ کرام اور ڈاکٹرز اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کریں اور وقت کی پابندی کریں ۔ ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کو اپنے اوقات کار کی پابندی کرنی چاہیے۔ اگر تمام ملازمین ڈیوٹی کا وقت پورا کریں اور ایمانداری سے کام کریں تو اس ملک کو کوئی ترقی کرنے سے روک نہیں سکتا۔ جب بھی ہسپتالوں کے دورے کرتا ہوں تو ڈاکٹرز کو ڈیوٹی کے اوقات کو پورا کرنے اور ایمانداری سے کام کرنے کی تلقین کرتا ہوں۔ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرتی رہے گی، ہم بھی کر رہے ہیں اور آنے والی حکومت بھی کرے گی۔ سب لوگ ایمانداری سے محنت کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ بہتری نہ آئے۔ اساتذہ کرام اگر دیانتداری کے ساتھ بچوں کو پڑھائیں تو بچوں کا مستقبل تابناک ہوگا۔ اتحاد اور اتفاق کی طاقت سے ہی ہم آگے بڑھ سکتے ہیں۔ اتحاد کا پیغام ہمیں قائد اعظمؒ نے دیا ہے اور عوام کو اسی اتحاد کا پیغام دینا ہے۔ پاکستان کا مستقبل بہت روشن ہے، ہمیں جستجو اور ایمان کے جذبے کے ساتھ تجدید عہد کرنا ہے۔ اگر ہم سب اپنے اپنے دائرہ اختیار میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں تو ہمیں آگے بڑھنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ محسن نقوی نے خاص طور پر ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کے اپنے مقررہ کام کے اوقات کی پابندی کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر تمام ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے ادا کریں تو ملک کی ترقی ناگزیر ہے۔ انہوں نے ڈاکٹروں کے لیے اپنی مستقل وکالت کا انکشاف کیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی کے اوقات کو برقرار رکھیں اور ہسپتال کے دوروں کے دوران ایمانداری سے کام کریں۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے فرائض سے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا اور اس بات پر زور دیا ہے کہ یہ ذمہ داری آنے والی حکومت کے ساتھ جاری رہے گی۔ اگر ایمانداری تمام کوششوں کا سنگ بنیاد بن جائے۔ دیانتداری کے ساتھ علم کی فراہمی میں اساتذہ کی لگن بچوں کے لیے امید افزا مستقبل کا باعث بنے گی۔

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی صوبہ بھر کے عوام کو صحت مندانہ سرگرمیوں کی فراہمی میں تیزی سے کوشاں ہیں اس سلسلہ میں انہوں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ پنجاب بھر کے سرکاری ہسپتالوں کے سرپرائزڈ دورے کر کے فراہم کی جانے والی سہولیات کا لمحہ بہ لمحہ جائزہ لے رہے ہیں۔ عوام کو ہسپتالوں میں ڈاکٹروں، پیرا میڈیکل سٹاف، ادویات کی عدم ستیابی اور ٹیسٹ لیبارٹری کی ناپید سہولیات کی شکایات کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے تمام ہسپتالوں کی انتظامیہ کو پابند کر کے عوام کی خدمت کا پابند کیا اور ان کی مانیٹرنگ کے لئے ڈیش بورڈ زاور بائیو میٹرک حاضری لگانے کا سختی سے کاربند عمل کیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب چھوٹے بڑے شہروں میں واقع تمام ہسپتالوں میں علاج ومعالجہ کے لئے آئے لوگوں سے مل کر مہیا کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے کر جزا وسزا کا نظام لاگو کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں انہوں نے جنرل ہسپتال اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کا تین گھنٹے کا دورہ کیا۔ اس گرم ترین موسم میں جنرل ہسپتال کے کئی وارڈز میں ایئر کنڈیشننگ یونٹ کام نہیں کر رہے تھے جس کے باعث مریضوں اور ڈاکٹروں کو پریشانی اور تھکن کا سامنا تھا۔ اسپتال کے بعض علاقوں میں اینٹوں پر بستر بھی رکھے گئے تھے۔ آپریشن میں تاخیر پر مریضوں نے مایوسی کا اظہار کیا، آرتھوپیڈک وارڈ میں دو بزرگ خواتین کے بیٹوں نے بروقت سرجری نہ ہونے پر وزیر اعلیٰ محسن نقوی کے سامنے احتجاج کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے احتجاج کرنے والے افراد کو تسلی دیتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ کو مطلوبہ سرجری کے لیے فوری ہدایات جاری کیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے جنرل ہسپتال کی انتظامیہ کو مریضوں کی خراب حالت اور شکایات کے پیش نظر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) اور اسسٹنٹ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (اے ایم ایس) ورکس کو تبدیل کرنے کے احکامات دیئے۔ انہوں نے مختلف شکایات، غیر ضروری ٹیسٹوں کے چکر اور پارکنگ فیس کے زیادہ چارجز لینے پر بھی برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے دورے کے دوران بچوں کے وارڈ، آرتھوپیڈک وارڈ اور میڈیکل وارڈ اور دیگر ایریا سمیت کئی جگہوں پر ایئر کنڈیشننگ یونٹ غیر فعال ہونے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف سخت ایکشن لینے کے احکامات دیئے۔ انہوں نے اپنے معائنہ کے دوران اے سی کی دیکھ بھال کا ٹھیکہ طلب کیا اور اس حقیقت پر تنقید کی کہ کافی ماہانہ اخراجات کے باوجود، زیادہ تر اے سی یونٹ غیر فعال تھے۔ اینٹوں پر لگے بستروں کو دیکھ کر وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے انہیں فوری طور پر تبدیل کرنے کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے نیوروانجیوگرافی کنٹرول روم کو دو دن میں فعال کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے نرسوں سے بات چیت کی اور ان کی پریشانیوں کے بارے میں دریافت کیا، زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور مختلف میڈیکل یونٹس میں سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کے تیز آپریشنز کی ضرورت پر زور دیا اور آپریشن کے بیک لاگز کو ختم کرنے پر زور دیا۔ علاج کی سہولیات کو بڑھانے کے لئے جنرل ہسپتال کی بہتری کے لیے سیکریٹری صحت سے پلان کی درخواست کی۔ جنرل ہسپتال لاہور میں فوری طور پر نئے اے سی لگادیے گئے ہیں۔

سرکاری ہسپتال دردمندی کے ساتھ عوام کی خدمت کریں

سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لیے ماسٹر پلان تیار

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے دل کے مریضوں کے لیے طبی سہولیات کا معائنہ کرنے کے لیے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کا دورہ کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی وارڈز اور دیگر حصوں کا معائنہ کیا، مریضوں کی دیکھ بھال کے بارے میں دریافت کیا اور پی آئی سی میں فراہم کی جانے والی خدمات کا جائزہ لے کر مریضوں سے انجیوگرافی کی بنیادی سہولیات کی دستیابی کے بارے بھی دریافت کیا۔ اوزیراعلیٰ نے صحت یاب ہونے والے مریضوں کو ایمرجنسی سے وارڈ میں منتقل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے ڈاکٹروں اور نرسوں کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کی جامع نگہداشت کو یقینی بنائیں اور بیمار انسانیت کی خدمت میں ان کی سرشار کاوشوں کو سراہا۔ مریضوں کے بوجھ کو دیکھتے ہوئے انہوں نے پی آئی سی میں نئے بیڈز شامل کرنے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نے استقبالیہ کاؤنٹر کا بھی دورہ کیا، مریضوں کی سہولت کے لیے نظام کا جائزہ لیا۔ نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے گنگا رام ہسپتال کے آپریشن تھیٹر میں بجلی کی بندش کا نوٹس لیتے ہوئے آپریشن تھیٹر میں بجلی کی بندش کے دوران متبادل نظام کے کام نہ کرنے کی رپورٹ پیش کی جائے اور غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ اپنے غیر ملکی ازبک کے دورے کے دوران امام بخاری کے مزار پر وفد کے ہمراہ فاتحہ خوانی کی اور ملک وقوم کے لیے دعا کی۔ وفد نے امام بخاری میموریل کمپلیکس کے بارے، اس کی تعمیراتی خوبیوں بارے تفصیلات حاصل کیں۔ محسن نقوی نے امام بخاری اور ازبکستان کے دیگر صوفیاء اور علماء کی مشترکہ میراث بارے معلومات لیں۔ وزیر اعلیٰ نے امام بخاری میموریل کمپلیکس میں نمائش اور ازبک طرز تعمیر اور پیچیدہ ٹائل ورک کی تعریف کی۔ بخارا کے ہسپتالوں کے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے مریضوں کے لیے دستیاب صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا اور پنجاب میں مثالی طبی خدمات فراہم کرنے کے تعریف کی۔ انہوں نے ازبک ہسپتالوں میں ریسپشن ڈیسک، ریفرل سسٹم اور دیگر شعبہ جات کا بھی معائنہ کیا جن میں چائلڈ ایمرجنسی، ڈائیگناسٹک، میڈیکل وارڈز اور آئی سی یو شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ڈاکٹروں اور طبی پیشہ ور افراد کے ساتھ بات چیت کی، انسانیت کی خدمت کے لیے ان کی لگن کا اعتراف کیا۔ وزیر اعلیٰ نے ازبک ہسپتالوں میں مریضوں کو دی جانے والی اعلیٰ معیار کی صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ نے کارڈیک اور آئی سی یو سمیت مختلف شعبوں میں جدید آلات کا معائنہ کیا اور علاج کے طریقہ کار سراہا۔ انہوں نے جدید طبی ٹیکنالوجی، ڈاکٹروں کے تربیتی سیمینارز اور طبی پریکٹیشنرز کے لیے لائبریری کے نظام میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔ وزیر اعلیٰ کو بخارا میں ٹورسٹ پولیس اسٹیشن کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وفد نے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور سیاحوں کی سہولت کے لیے قائم کیے گئے نظام کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کا بھی معائنہ کیا اور اس کی تاثیر کو سراہا۔ مزید برآں، محسن نقوی اور ان کی ٹیم نے سیاحوں کی امداد اور استقبالیہ ڈیسک کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ انہیں نقشے کے ذریعے سیاحتی مقامات اور زائرین کو دستیاب خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں۔ ازبک ٹورسٹ پولیس کے سینئر حکام نے وزیر اعلیٰ محسن نقوی اور ان کے وفد کے ارکان کو سیاحوں کی مدد کے طریقہ کار اور شاہراہ ریشم کے بارے میں آگاہ کیا۔

نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لیے اگلے 10 سے 20 سال کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ماسٹر پلان مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ اس سلسلہ میں انتظامی بلاک کی جگہ میڈیکل ٹاور بنانے، ہسپتال کی عمارت کی چھتوں کو واٹر پروف بنایا جائے گا۔ سروسز ہسپتال میں اس وقت 1460 بیڈز، 1390 ڈاکٹرز اور 751 نرسیں ہیں۔ ہسپتال کے سیوریج سسٹم اور الیکٹریفکیشن کو بھی از سر نو بنایا جائے گا۔ ہسپتال کے لیے نئے اے سی، بیڈ، بیڈ شیٹس، پنکھے اور دیگر سامان فراہم کیا جائے گا۔ مزید برآں، 42 واش رومز کی بھی تعمیر نو کی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ صوبے کے ڈسٹرکٹ اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں میں طبی سہولیات کے زیادہ سے زیادہ استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے جہاں ایسی سہولیات وافر مقدار میں موجود تھیں لیکن ان کا استعمال بہت کم ہے۔ اس موقع پر پنجاب کے 36 اضلاع کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کی ماہانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں وسائل کی کوئی کمی نہیں، حکومت کے زیر انتظام صحت کی سہولیات میں خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے صرف ڈاکٹروں کی قوت ارادی اور عزم کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ڈاکٹروں پر زور دیا کہ وہ مریضوں کا ان ہسپتالوں پر اعتماد بحال کرنے کے لیے دردمندی کے ساتھ ان کی خدمت کریں تا کہ وہ سرکاری ہسپتالوں سے علاج کروانے کو ترجیح دیں۔ اب یہ ڈاکٹروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کریں۔ وزیر اعلیٰ خود ذاتی طور پر تمام اداروں کے کام کی نگرانی کر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا پنجاب کے 36 اضلاع کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کی ماہانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سروسز ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے لیے اگلے 10 سے 20 سال کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ماسٹر پلان طلب کیا جس کا مقصد اسے پنجاب کا بہترین ہسپتال بنانا ہے۔ انتظامی بلاک کی جگہ میڈیکل ٹاور بنانے کی تجویز پر غور کیا گیا، ہسپتال کی عمارت کی چھتوں کو واٹر پروف کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ نگراں وزیر اعلیٰ کو بریفنگ دی گئی کہ سروسز ہسپتال میں اس وقت 1460 بیڈز، 1390 ڈاکٹرز اور 751 نرسیں ہیں۔ ہسپتال کے سیوریج سسٹم اور الیکٹریفکیشن کو بھی از سر نو بنایا جائے گا۔ ہسپتال کے لیے نئے اے سی، بیڈ، بیڈ شیٹس، پنکھے اور دیگر سامان فراہم کیا جائے گا۔ مزید برآں، 42 واش رومز کی بھی تعمیر نو کی جائے گی۔

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں آنے والے ہر مریض کا محفوظ علاج ہماری اولین ترجیح ہے اور ہر مریض ہمارے لیے وی وی آئی پی ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں آنے والے ہر مریض کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ پی آئی سی صوبے کا سب سے بڑا دل کا ہسپتال ہے اور دل کا سب سے بڑا ہسپتال ہونے کے ناطے یہاں آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے تمام آپریشن تھیٹرز کا سرکاری اور نجی سطح پر فوری انفیکشن آڈٹ کرایا جا رہا ہے۔ دنیا بھر کے کارڈیالوجی ہسپتال مریضوں کے محفوظ علاج کو یقینی بنانے کے لیے انفیکشن آڈٹ کرواتے ہیں۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے تمام آپریشن تھیٹرز کا انفیکشن آڈٹ بھی کر رہے ہیں۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے آپریشن تھیٹرز کے انفیکشن آڈٹ کے حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی کو آن بورڈ لایا گیا ہے۔ جناح ہسپتال میں 2 آپریشن تھیٹرز کو فعال کر دیا گیا ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے آپریشن تھیٹرز کی انفیکشن آڈٹ کلیئرنس رپورٹ منفی آنے تک ہم آپریشن تھیٹرز نہیں کھولیں گے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں سرجری لسٹ میں میرٹ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبہ بھر میں پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے سیٹلائٹ فلٹر کلینک کھولے جا رہے ہیں۔ پی آئی سی میں ڈاکٹرز آپریشن تھیٹرز کے فعال ہونے کے بعد مریضوں کی اوور ٹائم سرجری کریں گے۔

لاہور کے قلب میں واقع سروسز ہسپتال محکمہ صحت کے دائرہ کار میں آتا ہے اور ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ حکومت جب بھی نئے ہسپتال بناتی ہے تو پرانے ہسپتالوں پر اکثر توجہ نہیں دی جاتی۔ انہوں نے ڈاکٹروں کو مناسب سہولیات فراہم کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی تا کہ وہ اپنے فرائض احسن طریقے سے انجام دے سکیں۔ محسن نقوی نے بغیر کسی پابندی کے سروسز ہسپتال کو بہتر بنانے کے لیے آنے والے مہینوں میں اربوں کی سرمایہ کاری کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ سروسز ہسپتال کو بہت کم وقت میں بالکل نئی سہولت میں تبدیل کر دیا جائے گا، بشرطیکہ ملکیت اور ذمہ داری کو یقینی بنایا جائے۔ سرکاری ہسپتال بہترین پرائیویٹ ہسپتالوں کے معیار سے کیوں مطابقت نہیں رکھتے۔ اگر سینئر ڈاکٹر اپنی ڈیوٹی کے اوقات پورے نہیں کرتے تو یہ نچلے عملے کے لیے منفی مثال قائم کرتا ہے۔ اگر ہر کوئی اپنی ذمہ داریاں پوری کرے تو مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس کو اپنی ڈیوٹی کے اوقات کا خیال رکھنا ہوگا۔

پنجاب حکومت کی مریضوں کا سرکاری ہسپتالوں پر اعتماد بحال کرنے کے لیے تیز ترین حکمت عملی

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا اور دل کے مریضوں کے علاج معالجے کی سہولتوں کا جائزہ لیا اور صفائی کے انتظامات کا بھی مشاہدہ کیا۔ محسن نقوی نے ایمرجنسی وارڈ، سی ٹی سکین، ایکسرے روم، فلوروسکوپی اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے مریضوں کی عیادت کی اور علاج معالجے کی سہولتوں کے بارے استفسار کیا اور مریضوں اور تیمارداروں سے انجیوگرافی اور انجیو پلاسٹی کی سہولت کے بارے دریافت کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے مریضوں سے پرائمری انجیوگرافی کی سہولت کا بھی پوچھا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے ہسپتال میں فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور بتایا کہ ڈاکٹرز اور عملہ خیال رکھتا ہے اور ادویات بھی ہسپتال سے ملتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے وی آئی پی وارڈ کو عام مریضوں کے لئے کھولنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں علاج معالجے کی معیاری سہولتیں دیکھ کر خوشی ہوئی۔ یہ ہسپتال دل کے مریضوں کے لئے اچھی علاج گاہ ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو سراہتا ہوں۔ ہسپتال کے لئے فنڈز اور دیگر درکار ضرورتوں کو پورا کیا جائے گا۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی سے متعلق اجلاس

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو)ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے اجلاس، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ناقص کارکردگی پر ڈپٹی کمشنر نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز کو روزانہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی مانیٹر کرنے کی ہدایت کردی اورانہوں نے یہ بھی کہا کہ کارکردگی نہ دکھانے والے مجسٹریٹس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی عوام کو معاشی ریلیف کی فراہمی میں غفلت برتنے والوں کی ضلع میں کوئی گنجائش نہیں، انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنی ذمہ داریوں کاادارک کریں۔جائزہ اجلاس میں موجودہ صورتحال کے مطابق پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا اطمینان بخش نہیں۔ انہوں نے سوموار کو دوبارہ اجلاس طلب کرلیا۔ انہوں نے کہاکہ ضلع گوجرانوالہ کی کارکردگی پنجاب میں پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی دیگر بڑے اضلاع لحاظ سے بہت ناقص ہے،اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کارروائیاں مزید تیز کریں اور سرکاری/ونجی سبزی وپھل منڈی میں بولی کے عمل کا جائزہ لیں اور قیمت پنجاب ایپ پر کارروائیاں اپلوڈ کریں۔ انہوں نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہاہے کہ ذخیرہ اندوزی اورناجائز منافع خوری والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے، ڈپٹی کمشنر نے مزید کہاکہ صارفین کوریلیف کی فراہمی کے لئے مجسٹریٹس کو چھاپہ مار کارروائیاں بڑھانے کی ہدایت کی مجسٹریٹس مارکیٹوں و بازاروں میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور ہر دکان/ریڑھی پر نرخ نامے ہرصورت آویزاں کرائیں جائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ اسسٹنٹ کمشنرز اپنی تحصیلوں میں پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد کرائیں اور ذخیرہ اندوزوں کا سراغ لگا کر ان کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا مسلسل جائزہ لیا جائے گا اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پرائس کنٹرول کا موثر نظام نہ ہونے کے باعث دکانداروں کی من مانیاں جاری

لاہور(کامرس ڈیسک) پرائس کنٹرول کا موثر نظام نہ ہونے کے باعث پرچون سطح پر دکانداروں نے سرکاری نرخنامے کوکسی خاطر میں نہ لاتے ہوئے مرضی کے نرخ وصول کئے، کسی بھی علاقے میں خریداروں کو پھل اور سبزیاں سرکاری نرخنامے کے مطابق دستیاب نہ ہوسکے، دکانداروں کا موقف ہے کہ سرکاری نرخنامے میں جو قیمتیں مقرر کی گئی ہیں اس پر منڈی میں بھی دستیاب نہیں، ٹرانسپورٹیشن، دکانوں کے کرائے اور دیگر اخراجات اس کے علاوہ ہیں۔سرکاری نرخنامے میں آلو شوگر فری درجہ اول کی قیمت 73روپے مقرر کی گئی تاہم پرچون سطح پر دکانداروں نے 90 سے 100 روپے فروخت جاری رکھی، آلو شوگر فری درجہ دوم 65 کی بجائے 80، آلو شوگر فری درجہ سوم 55 کی بجائے 65 سے 70، پیاز درجہ اول 73 کی بجائے 90، پیاز درجہ دوم 65 کی بجائے 80، پیاز درجہ سوم 58 کی بجائے 65 سے 70،ٹماٹر درجہ اول 85 کی بجائے 100،ٹماٹر درجہ دوم 75 کی بجائے 90، ٹماٹر درجہ سوم 65 کی بجائے 70،لہسن دیسی 265 کی بجائے 300 سے 320،لہسن ہرنائی 400 کی بجائے 470 سے 480،ادرک تھائی لینڈ 900 کی بجائے 1150 سے 1200 روپے میں فروخت ہورہا ہے

ایم ڈی واسا عامر عزیز نے شہر بھر میں غیر قانونی کنکشن منقطع کرنے کے احکامات جاری کردیئے

فیصل آباد(میاں محمد ساجد) مینجنگ ڈائریکٹر واسا عامر عزیز نے شہر بھر میں غیر قانونی کنکشن منقطع کرنے کے احکامات جاری کردیئے ہیں جس کے تحت صنعتی، کمرشل اور گھریلو غیر قانونی کنکشن منقطع کرنے کیلئے ایسٹ اور ویسٹ زون میں خصوصی سکواڈز تشکیل دیدیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایسے صارفین جو کہ واسا کے پاس رجسٹرڈ نہیں ہیں لیکن وہ واسا کی نکاسی وفراہمی آب کی سروسز استعمال کر رہے ہیں ایسے غیر قانونی کنکشن رکھنے والے صارفین کے خلاف کارروائی کرنے کا پلان تشکیل دیا گیا ہے جس کے تحت غیر قانونی کنکشن منقطع کرنے کے لئے خصوصی سکواڈز قائم کئے گئے ہیں۔اسسٹنٹ ڈائریکٹر عرفان یونس کو ویسٹ ایریا اور سب انجینئر علی حسن کو ایسٹ ایریا میں انچارج مقرر کیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ دونوں خصوصی سکواڈز روزانہ کی بنیاد پر 20-20 غیر قانونی کنکشن منقطع کریں گے۔اس ضمن میں ایم ڈی واسا عامر عزیز نے واضح کیا کہ ریونیو ریکوری مہم میں بھی تیزی لانے کے لیے جامع اقدامات کئے جا رہے ہیں جس کے تحت کسی کو بھی غیر قانونی طریقے سے واسا سروسز استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے صارفین جو اپنا ماہانہ بل جمع نہیں کرواتے ان کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ناقابل برداشت مہنگائی، بیروزگاری نے عام آدمی کو ذہنی مریض بنادیا

کمر توڑ مہنگائی سے لوگوں میں مایوسی، عدم برداشت اورنفرت کا رجحان پروان چڑھ رہا ہے جو معاشرے کے لئے زہر قاتل ہے،افتخار احمد

شیر گڑھ(نمائندہ سٹی) پاکستان میں نگران حکومت نے اپنے قیام کے پہلے ہی ہفتے میں ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بالترتیب ساڑھے سترہ اوربیس روپے اضافے کا اعلان کرتے ہوئے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو ملکی تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچادیا ہے۔رواں ماہ یعنی اگست کے آغاز کے بعد سے اب تک مجموعی طور پر پیٹرول کی قیمت میں 37روپے 45پیسے جبکہ ڈیزل کی قیمت میں لگ بھگ 40 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔حالیہ اضافے سے قبل یکم اگست کوکیا جانے والا اضافہ ن لیگ کی سربراہی میں قائم مخلوط حکومت نے کیا تھا۔حکومت کی جانب سے کیے جانے والے اضافے کے بعد ملک میں ایک لیٹر پیٹرول کی قیمت 95.272 سے 45.290 روپے ہوگئی ہے جبکہ ڈیزل کی قیمت 40.273 سے بڑھ کر 40.293 روپے فی لیٹر تک پہنچ گئی ہے۔رواں ماہ دواقساط میں ہونے والے اس بڑے اضافے کے بعد جہاں ورکنگ کلاس پر ایندھن کی مد میں مزید بوجھ پڑنے اور مہنگائی میں اضافے کے حوالے سے بحث ہورہی ہے وہیں یہ سوال بھی کیا جارہا ہے کہ اس اضافے کی وجوہات کیا ہیں؟

بدترین مہنگائی سے عوام کا جینا دشوار ہوچکا،ضرغام احمد گورائیہ

عام آدمی کی کوئی زندگی نہیں، گزر بسر کرنا مشکل ہے، صہیب احمد گورائیہ



نارنگ منڈی(میاں معظم سے) بدترین مہنگائی سے عوام کا جینا دشوار ہوچکا ہے بجلی وگیس کے بھاری بلز بچوں کے تعلیمی اخراجات و اشیائے ضروریہ کی خرید وفروخت نے گھیر رکھا ہے غریب آدمی کی کوئی زندگی نہیں ہے مہنگائی میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے جبکہ لوگوں کے وسائل وہی کئی سال پرانے ہیں ایسے میں گزر بسر کرنا انتہائی مشکل ہے حکومت مہنگائی سے ستائی عوام کو ریلیف دے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری صہیب احمد گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی عوام کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے تھوڑے سے عرصے میں مہنگائی میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے عوام کا معیار زندگی پست ہوتا جارہا ہے حکومتیں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہوتی ہیں نا کہ مشکلات بڑھانے کیلئے خدارا عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے تا کہ وہ بچوں کو دو وقت کا کھانا کھلا سکیں۔

راولپنڈی: کمیٹی چوک اتوار سے شہری سبزی خرید رہے ہیں

ریلوے کرایوں میں اضافہ، ملازمت پیشہ طبقہ شدید پریشان

نارنگ سے لاہور روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں ملازمت پیشہ افراد کا احتجاجی مظاہرہ

نارنگ منڈی(میاں معظم سے) ریلوے کرایوں میں اضافہ ملازمت پیشہ طبقہ شدید پریشان نارنگ سے لاہور روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں ملازمت پیشہ افراد کا احتجاجی مظاہرہ کرایو میں کمی کا مطالبہ کردیا تفصیل کے مطابق پاکستان ریلوے نے کرایوں میں اضافہ کردیا ہے جس سے کاروبار اور ملازمت سے منسلک ہزاروں شہری جو نارنگ نارووال بدوملہی کالاخطائی سے بذریعہ ٹرین لاہور کا سفر کرتے ہیں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں نارنگ سے لاہور کا ٹکٹ 130 جبکہ شاہدرہ کا 110 روپے کردیا گیا بدوملہی سے لاہور 210 اور نارووال سے لاہور 260 روپے کردیا گیا ہے جس سے روزانہ کی بنیاد پر سفر کرنے والے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے مسافروں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے نگران وزیراعظم سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے مسافروں کا کہنا تھا کہ شدید مہنگائی میں دو وقت کی روٹی کھانا مشکل ہے ایسے میں ریلوے کے کرایوں میں اضافہ کرکے زہنی مریض بنادیا گیا ہے خدارا ہمارے حال پررحم کھائیں۔

جہلم شہر وگردونواح میں مرغی کی قیمتوں کو پر لگ گئے

انتظامیہ خاموش، شہریوں کا نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم(بیورورپورٹ)جہلم شہر و گردونواح میں مرغی کی قیمتوں کو پر لگ گئے، انتظامیہ خاموش ،شہریوں کا نگران وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق شہر وگردونواح میں برائلر مرغی کے گوشت میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہورہا ہے ،مختلف علاقوں میں مرغی کا گوشت 580 سے 620 روپے تک فروخت ہورہا ہے،شہریوں کا کہنا ہے کہ پولٹری انتظامیہ نے شادیوں کا سیزن شروع ہونے کے ساتھ ہی مرغی کے نرخوں میں اضافہ کردیا ہے،جس کے باعث غریب طبقہ شدید پریشانی میں مبتلا ہے،مرغی کا گوشت بھی ان کی پہنچ سے دور ہوتا جارہا ہے، مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے نرخ چیک کرنے والی کوئی اتھارٹی موجود نہیں، جس کیوجہ سے دکاندار وں نے من مرضی کے نرخ وصول کرنے شروع کر رکھے ہیں ،عوامی، سماجی ، رفاعی ، فلاحی تنظیموں کے عمائدین نے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ مرغی کے گوشت کے نرخ مقرر کرنے کے بعد اس پر عملدرآمد کروایا جائے اور ضلع بھر میں مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائے تا کہ مرغی کا گوشت غریب سفید پوش طبقہ کی پہنچ میں آسکے۔

ضلع بھر کے کھاد ڈیلروں نے یوریا کھاد خفیہ گوداموں میں چھپالی

جہلم(بیورورپورٹ)جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے کھاد ڈیلروں نے یوریا کھاد خفیہ گوداموں میں چھپالی، یوریا کھاد کی مصنوعی قلت پیدا کر کے ڈیلرز بلیک میں من مرضی کے نرخوں 3950 سے 4300 سو روپے تک فروخت کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے، جس کے باعث کسان حکومت کے مقررہ نرخوں پر کھاد کے حصول کے لئے مارے مارے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہے، کھادیں بروقت نہ ملنے سے فصلوں کی کاشت متاثر ہونے کا اندیشہ بھی لاحق ہوچکا ہے، زمینداروں نے کہا ہے کہ کھاد ڈیلروں نے جان بوجھ کر کھاد گوداموں میں محفوظ کرلی ہے تا کہ قلت پیدا کر کے کھاد کے خود ساختہ نرخ وصول کرسکیں کسانوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کسانوں کے مسائل پر توجہ دینے کی بجائے اپنے دفاتر میں بیٹھ کر سب اچھا ہے کی کاغذی کارروائیاں کر کے حکومت کو مطمئن کر رہی ہے۔

اوکاڑہ: پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ملاوٹی مرچوں کی بڑی کھیپ پکڑلی

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ملاوٹی مرچوں کی بڑی کھیپ پکڑلی،فوڈ سیفٹی ٹیم کا پاکپتن روڈ پر سپائسز یونٹ پر چھاپہ، 405 کلو ملاوٹی مرچیں، 5 کلو جعلی لیبلنگ میٹریل ضبط، بتایا گیا ھے کہ ہائی سکول سٹاپ پاکپتن روڈ پر ایک مصالحہ جات یونٹ پر چیکنگ کے دوران مرچوں میں ڈائی کلر کی ملاوٹ پائی گئی۔ پیکنگ کیلیے معروف برانڈز کے جعلی ریپرز استعمال کیے جارہے تھے۔ فوڈ اتھارٹی ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملاوٹی مرچیں اور پیکنگ میٹریل ضبط کرلیا بتایا گیا ھے۔

بدوملہی ٹاؤن میں سوئی گیس پائپ لائن بچھانے کا کام عوام کے لیے عذاب بن گیا

بدوملہی (نامہ نگار) بدوملہی ٹاؤن میں سوئی گیس پائپ لائن بچھانے کا کام عوام کے لیے عذاب بن گیا۔گلیوں سے گزرنا محال ہوگیا انتظامیہ خاموش شہری رل گئے۔تفصیلات کے مطابق تقریباً 2 ماہ سے شروع سوئی گیس کے پائپ بچھانے کے منصوبے سے بدوملہی کے عوام کی زندگی مفلوج ہوکر رہ گ ءکوئی پرسان حال نہیں عوام نے ضلعی انتظامیہ اور حکمران بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا۔شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں سوئی گیس کے پائپ ڈالنے کے لیے گلیوں میں کھدائی جاری ہے۔

یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے کی قیمتوں میں اضافہ

جہلم(بیورورپورٹ)جہلم سمیت ضلع بھر کے یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ یوٹیلیٹی اسٹورز پر عام صارف کے لئے آٹے کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 648 روپے والا 10 کلو آٹے کا تھیلا 1280 روپے کا کردیا گیا ہے لیکن 40 ہزار سے کم تنخواہ لینے والے افراد کو آٹے کا تھیلا 648 روپے کا ملے گا۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں رجسٹرڈ افراد کو بھی آٹا سبسڈائز نرخوں پر ملے گا۔15 کروڑ 32 لاکھ سے زائد افراد کی تنخواہ 40 ہزار سے کم ہے۔

راولپنڈی: مری روڈ کے فٹ پاتھ پر محنت کش عینکوں کے سٹالز لگائے گاہکوں کا انتظار کررہے ہیں

حکومت کاروبار کیلئے سازگار حالات پیدا کرے، طارق محمود گجر

حکومت بزنس سیکٹر کو سازگار حالات دینے کے لیے بزنس فرینڈلی پالیسی کا اعلان کرے

شیخوپورہ (بیورورپورٹ) مرکزی مسلم لیگ کے رہنما وحلقہ پی پی 140 کے ٹکٹ ہولڈر چودھری طارق محمود گجر نے کہا ہے کہ حکومت تمام شعبہ ہائے کاروبار کے لیے مناسب، متوازن اور سازگار حالات پیدا کرے، مہنگائی اور بحران زدہ حالات کی وجہ سے ملکی معیشت کمزور ہورہی ہے، حکومت بزنس سیکٹر کو سازگار حالات دینے کے لیے بزنس فرینڈلی پالیسی کا اعلان کرے، تیل کی قیمتوں میں اضافے اور نئے ٹیکس لگانے سے مہنگائی بڑھے گی پٹرولیم مصنوعات، بجلی، گیس کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کی ایک نئی لہر آگئی ہے اسلام کے نام پر بننے والی اس مملکت پاکستان کو خاص قیادت کی ضرورت ہے جو اپنے اسلاف کے اصولوں کو اپنائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز خالد بن ولید میں اجلاس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر لیاقت علی میر سمیت دیگر بھی موجود تھے چودھری طارق محمود گجر نے کہا کہ مہنگائی کے نئے طوفان نے غریب کو زندہ درگور کر کے رکھ دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافہ کو فوری طور پر واپس لے اور پٹرول کے نرخوں میں عالمی مارکیٹ کے مطابق کمی لائی جائے گی بصورت دیگر مرکزی مسلم لیگ بھرپور طاقت سے احتجاجی راستہ اختیار کریگی۔

بزنس ایسوسی ایشن اوورسیز پاکستانیز کے زیر اہتمام ہمیٹن میں تقریب

طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی اور ملی نغمے بھی گائے

شیخوپورہ (بیورورپورٹ) جشن آزادی کے سلسلہ میں بزنس ایسوسی ایشن اوورسیز پاکستانیز کے زیر اہتمام کینیڈا کے ہمیٹن میں تقریب کا انعقاد کیا گیا یہاں طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی اور ملی نغمے بھی گائے انہیں آزادی کے بارے میں تاریخی حوالہ سے آگاہی بھی دی گئی تقریب میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض نعیم ملک ، ملک محمد ارشد ، ملک بابر علی، رانا محمد اکرم، مبشر رفیق، ملک صفدر علی، ملک زین، ڈاکٹر مظہر بھٹہ مرید کے، معروف بزنس مین عبدالرحمن اختر سمیت پارلیمنٹ ممبران ، کونسلرز سمیت پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بڑی جدوجہد، لاکھوں قربانیوں کے بعد ایک آزاد، خود مختار ریاست معرض وجود میں آئی تھی ہمیں اپنے اباؤ اجداد کی قربانیوں کا احساس ہے نوجوان نسل کو چاہیے کہ پاک وطن اور دھرتی ماں کی حفاظت ،اس کے اغراض مقاصد، ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کریں کیونکہ ہمارا دشمن بڑا مکار، عیار ہے انہوں نے کہا کہ ہم اوورسیز پاکستانیز بھی پاک وطن کی ترقی کیلئے ہمہ تن گوش سرگرم عمل ہیں۔

شیخوپورہ: جشن آزادی میں بزنس ایسوسی ایشن اوورسیز کے زیر اہتمام کینیڈا کے شہر ہمیٹن میں نعیم ملک ودیگر کیک کاٹ رہے ہیں

CRIME
& COURT
جرم وسزا

پتوکی پرانی غلہ منڈی میں آتشزدگی، 50 سے زائد دکانیں جل کر خاکستر

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی پرانی غلہ منڈی میں رات اچانک آگ بھڑک اٹھی۔آگ لگنے سے 50 سے زائد دکانیں اور کھوکھے جل کر خاکستر ہوگے۔ پرانی غلہ منڈی پتوکی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی ، آگ لگنے سے 50 سے زائد دکانیں اور کھوکھے جل گئے عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت پانی ڈال کر آگ پر قابو پانے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے، اور ریسکیو 1122 کی فائر فائٹر گاڑیوں نے بروقت آپریشن کر کے پوری مارکیٹ کو بچالیا جبکہ آپریشن میں پتوکی و دیگر علاقوں کی فائر فائٹر گاڑیوں نے حصہ لیا۔

پٹواری طاہر نے سرکاری پٹوار خانوں کو ٹھیکہ پر دے دیا

عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا،عوامی حلقوں کا اعلیٰ حکام نوٹس کا مطالبہ

فیروزوالہ(سپیشل رپورٹر)رشوت وصولی، اختیارات کا ناجائز استعمال، موضع کالر، بھلے بانیوال، بھلے ڈسنوال موضع جات کا سرکاری ریکارڈ پرائیویٹ افراد نے ٹھیکہ پر سنبھال لیا عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ھے باوثوق ذرائع کے مطابق پٹواری طاہر بشیر پراپرٹی کے کاروبار میں مگن رہتا ھے اور لاکھوں روپے ٹھیکہ کی مد میں پرائیویٹ افراد سے وصول کررہا ھے عرصہ دارز سے انہی موضع جات میں تعینات ھے اور سارا نظام ایسے ہی ٹھیکہ پر چلا رہا ھے جیسے کوئی پوچھنے والا نہیں ھے عوامی شکایات پر جب میڈیا نے طاہر بشیر پٹواری سے پرائیویٹ افراد کی پٹوارخانہ میں موجودگی اور کرپشن بارے سوال کیا تو ان کا کہنا تھا کہ موضع جات بھلے بانیوال بھلے ڈسنوال، کالر، چک نمبر 39 سیاسی رہنما کے پرائیویٹ افراد چلا رہے ہیں میں خود مجبور ھوں اور افسران کو اس بارے سب علم ھے عوامی حلقوں کا احتجاج کرتے ہوئے نگراں وزیراعلی سید محسن رضا نقوی سیکٹرٹری ریونیو بورڈ پنجاب ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سرمد تیمور، اے ڈی سی آر شیخوپورہ میڈیم تہنیت بخاری اور اسسٹنٹ کمشنر فیروزوالہ محمد جمیل سے مطالبہ ھے۔

میڈیا معاشرے کی آنکھ ہے، ڈی پی او فیصل کامران

کیمرہ مین کیساتھ تھانہ اربن میں پیش آنے والا واقعہ افسوسناک ہے

سرگودھا(عبدالمنان چوہدری سے)میڈیا معاشرہ کی آنکھ ہے جس نے ہر دور میں عوامی مسائل کو اجاگر کر کے حکمرانوں اور افسران کو رہنمائی فراہم کی۔نجی ٹی وی کے کیمرہ مین کے ساتھ تھانہ اربن ایریا میں پیش آنے والا واقعہ افسوسناک ہے بدتمیزی کرنے پر اے ایس ائی عبدالرشید گجر کو معطل کر دیا گیا ہے۔ کسی پولیس اہلکار کو کسی بھی شہری کی تضحیک یا توہین کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ان خیالات کا اظہار ڈی پی او فیصل کامران نے صحافیوں سے ملاقات میں کیا۔انہوں نے کہا کہ سرگودھا کے میڈیا نے ہمیشہ مثبت رپورٹنگ کی ہے اور ہمیشہ پولیس اور اداروں کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ پولیس بھی ہمیشہ پیشہ ورانہ معاملات میں میڈیا کے ساتھ بھرپور تعاون کرتی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ ناخوشگوار واقعہ پیش آیا جس پر میں نے اے ایس ائی عبدالرشید گجر کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس اور میڈیا پہلے بھی مل کر معاشرے کی خدمت کرتے رہے ہیں انشاء اللہ آئندہ بھی یہ سفر جاری رہے گا۔ یاد رہے کہ رشید گجر اے ایس آئی کے خلاف اس سے قبل بھی شہریوں سے بدتمیزی کی متعدد شکایات وصول ہوچکی ہیں۔

ندیم افضل چن اور مختار احمد گروپ میں مبینہ تصادم

مبینہ تصادم کے خوف سے میونسپل کمیٹی انتظامیہ نے پولیس طلب کر لی

بھلوال (تحصیل رپورٹر) پیپلز پارٹی ندیم افضل چن اور مسلم لیگ ن ایم این اے ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ گروپ میں مبینہ تصادم کے خوف سے میونسپل کمیٹی انتظامیہ نے پولیس طلب کر لی پولیس کی بھاری نفری تعینات ہوتے ہی اسسٹنٹ کمشنر بھلوال اور چیف آفیسر اپنے آفس سے غائب گیٹ بند کر دیا گیا پیپلز پارٹی ندیم افضل چن کے کارکنان میونسپل کمیٹی کے سامنے اکٹھے ہوگئے جبکہ ن لیگ کا ایک بھی ورکر نہ پہنچ سکا میونسپل کمیٹی کے گیٹ بند ہونے کی وجہ سے متعدد سائلوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ذرائع کے مطابق بھلوال میونسپل کمیٹی میں سابق ایم این اے ڈاکٹر مختار بھرتھ کی پریس کانفرنس رکھی گئی جس میں ندیم افضل چن نے بھی میونسپل کمیٹی میں پریس کانفرنس کرنے کا اعلان کر دیا مبینہ تصادم ہونے کے ڈر سے انتظامیہ نے پولیس طلب کرلی کہ امن و ایمان خراب نہ ہو سب انسپکٹر محمد اشرف کی قیادت میں بھاری نفری ڈیوٹی سرانجام دینے کیلئے پہنچی تو اسسٹنٹ کمشنر بھلوال اور چیف آفیسر بھلوال نے بھاگنے میں ایک منٹ نہ لگایا اور میونسپل کمیٹی سے غائب ہوگئے بھاری پولیس تعینات کی گئی تا کہ ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ اور ندیم افضل چن گروپ میں کوئی تصادم نہ ہوسکے میونسپل کمیٹی بھلوال کی چیف آفیسر علی فرقان اور اسسٹنٹ کمشنر نے میونسپل کمیٹی کا گیٹ بند کروا کر خود غائب ہوگئے بتایا گیا ہے کہ آزادی کے دن ندیم افضل چن کو میونسپل کمیٹی میں کیک کاٹنے سے منع کیا گیا تھا۔

بھلوال: پیپلز پارٹی رکن ندیم افضل چن اور رہنما(ن) لیگ مختار احمد گروپ میں مبینہ کے خوف سے میونسپل کمیٹی میں پولیس نفری طلب

موضع کروال میں پسند کی شادی کرنے پر لڑکی کے ورثاء نے پٹرول چھڑک کر لڑکے کے گھر کو آگ لگادی

شکر گڑھ(نامہ نگار)شکر گڑھ تھانہ کوٹ نیناں کی حدود موضع کروال میں پسند کی شادی کرنے پر لڑکی کے ورثاء نے پٹرول چھڑک کر لڑکے کے والوں کے گھر کو آگ لگادی۔ اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سونیا نے اپنے ہی گاؤں کے طلحہ سے بھاگ کر پسند کی شادی کی تھی۔ جس کی وجہ سے سونیا کے اہل خانہ کو لڑکے کے والوں پر رنج تھا۔ پولیس تھانہ کوٹ نیناں کے مطابق سونیا کے والدین نے پہلے طلحہ اور اسکے والدین پر اغواء کا مقدمہ درج کرایا۔ جب انہیں نکاح کا علم ہوا تو سونیا کے کے ورثاء نے طلحہ کے گھر پر دھاوا بول دیا اسکی کی بہن پر تشدد کیا اور پٹرول چھڑک کر گھر کو آگ لگادی جس سے انکے گھر کا سارا سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ پولیس نے 14 نامزد ملزمان سمیت 24 کے خلاف مقدمہ درج کرلیا تاہم کوئی ملزم گرفتار نہ ہوسکا۔ پولیس کا کہنا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں، ملزمان جلد قانون کی گرفت میں ہوں گے۔

شراب پی کر غل غپاڑہ، خاتون کیساتھ زیادتی کرنیوالا سینٹری انسپکٹر تعینات

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ نے شراب پی کر غل غپاڑہ اور خاتون کیساتھ زیادتی کرنیوالے کو سینٹری انسپکٹر تعینات کردیا شہری سراپا احتجاج بن گئے اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ فیصل احمد نے میونسپل کمیٹی ڈسکہ میں تبدیلیاں کرتے ہوئے چیف سینٹری انسپکٹر چوہدری محمد یوسف کو عہدے سے ہٹا کر ان کی جگہ شراب پی کر غل غپاڑہ اور خاتون کیساتھ زیادتی کرنیوالے چوہدری منور حسین کو سینٹری انسپکٹر تعینات کردیا ہے نئے تعینات ہونیوالے سینٹری انسپکٹر چوہدری منور حسین کیخلاف تھانہ سٹی ڈسکہ میں دو ایف آئی آر شراب پی کر غل غپاڑہ کرنے اور ساتھیوں کیساتھ ملکر خاتون کیساتھ زیادتی کرنے کی درج ہیں ایسے انسان کو سینٹری انسپکٹر لگانے پر شہری اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ فیصل احمد کیخلاف سراپا احتجاج بن گئے ہیں۔

تیز رفتار دو موٹر سائیکلوں کی ٹکر سے بیٹا جاں بحق

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے بیٹا جاں بحق جبکہ باپ شدید زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق کلری روڈ نزد عنایت پور بھٹیاں کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجہ میں اٹھارہ سالہ ندیم عباس زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا جبکہ بات ممتاز شدید زخمی ہوگیا جس کو ریسکیو 1122 کے عملہ نے طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کردیا۔

عوامی سماجی حلقوں کا انچارج آئی ٹی ونگ ندیم اقبال کی خدمات پر خراج تحسین

SYED NADEEM
SUB-INSPECTOR

گجرات(بیورورپورٹ) انچارج آئی ٹی ونگ سید ندیم اقبال انتہائی شریف ایماندار و محنتی پولیس آفیسر ہیں، اپنے آفس میں آنے والے ہر سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں، اور میرٹ پر انصاف کی فراہمی کیلئے اپنی بھرپور کوششیں اور بروقت اقدامات کرتے نظر آتے ہیں، سید ندیم اقبال کی شاندار کارکردگی اور خدمات پر محکمہ پولیس کوان پر فخر ہے، عوامی سماجی کاروباری حلقوں نے سید ندیم اقبال کی پنجاب پولیس میں گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کیا، اور کہا کہ ڈی پی او گجرات سید احمد نواز شاہ کے زیر سایہ اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں۔

نواحی گاؤں میں 10 سالہ بچی سے اغوا کے بعد زیادتی

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت)اوکاڑہ کے نواح میں 10 سالہ بچی کو اغواء کے بعد بد اخلاقی کا نشانہ بنا دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے علاقہ بستی نور الٰہی کی رہائشی خاتون نذیراں زوجہ شفیع اپنے اہلخانہ کے ھمراہ اپنے گھر میں سوئی تھی کہ ملزم محمد خان۔ ارشاد احمد اور محمد عرفان اسکے گھر میں داخل ہو گئے ملزمان اسلحہ کے زور پر خاتون نذیراں بی بی کی 10 سالہ بیٹی (م) کو اسلحہ کے زور پر زبردستی اغواء کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے اور اسے ایک کمرہ میں بند کر دیا ایک ملزم محمد خان بچی کو زبردستی بداخلاقی کا نشانہ بنا ڈالا جبکہ اس کے دو ساتھی پہرہ دیتے رہے پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی درخواست پر 3 نامزد ملزمان کے خلاف تھانہ حجرہ شاہ مقیم میں مقدمہ نمبر 1101/23 درج رجسٹرڈ کرلیا ھے پولیس نے وقوعہ کی تفتیش شروع کردی ھے اور ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کردیئے ھیں۔

تھانہ سٹی پولیس کی ڈکیت گینگ کیخلاف کارروائی

ڈکیتی، راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب 4رکنی گینگ گرفتار

پتوکی(تحصیل رپورٹر)پتوکی تھانہ سٹی پولیس کی ڈکیت گینگ کے خلاف کامیاب کارروائی ڈکیتی، راہزنی اور شاپ رابری کی وارداتوں میں ملوث جو کہ پندرہ سے زیادہ مقدمات میں مطلوب تھا۔ بلا ڈکیت گینگ کے چار ارکان سرغنہ سمیت گرفتار جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف کارروائی میری اولین ترجیح ہے۔ایس ایچ او سٹی عبداللہ امین اور ٹی ایس آئی عامر کی سینئر صحافیوں امتیاز احمد چوہدری ملک محمد اعظم سے گفتگو پتوکی تھانہ سٹی پولیس کی کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے چار ملزمان سرغنہ بلا گینگ سمیت گرفتار کر لیے ملزمان کے قبضہ سے دو لاکھ پانچ ہزار سے زائد نقدی، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد ملزمان موٹر سائیکل پر سوار ہو کر شاپ رابری اور ناکہ بندی کر کے راہزنی کی وارداتیں کرتے تھے ملزمان نے دوران تفتیش پتوکی کے مختلف علاقوں میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔

4 افراد کو قتل کرنیوالا خطرناک مجرم اشتہاری ملزم گرفتار

گجرات(ابوزرعمر قوت بیورو) زمین کے تنازعہ پر 4 افراد کو قتل کرنے والا انتہائی خطرناک "مجرم اشتہاری اجمل تاج سکنہ بٹر" گرفتار کرلیا گیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ ککرالی کے علاقہ موضع بٹر میں زمین کے معمولی تنازعہ سے شروع ہونے والی دشمنی نے چار انسانی جانوں کو نگل لیا، سال 2020 میں اللہ دتہ اور محمد تاج کے درمیان زمین کا تنازعہ شروع ہوا، جس میں مسلح ہو کر دھمکیاں دینے کا پہلا مقدمہ اجمل تاج اور اس کے والد محمد تاج ولد عبدالغنی اقوام راجپوت سکنائے بٹر کے خلاف درج کروایا گیا۔مقدمہ درج کروانے کی رنجش میں ملزمان اجمل تاج اور محمد تاج نے 4 افراد کو مختلف مواقع پر فائرنگ کر کے قتل کیا، موضع بٹر کے رہائشی مقتولین 1۔محمد یونس کو سال 2020۔محمد بشیر کو سال 2020۔ صابر حسین کو 2022 اور محمد اعظم کو سال 2023 میں قتل کیا گیا۔جن کے مقدمات تھانہ ککرالی میں درج ہیں۔

دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مسلح ڈاکوؤں نے نقدی اور موبائل فون چھین لیا نواحی گاؤں میترانوالی کا قیصر اپنی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس کو راستے میں ناکہ لگائے کھڑے دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی تیس ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

مکان کا جعلی اقرارنامہ تیار کرنے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مکان کا جعلی اقرارنامہ تیار کرنے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ڈسکہ کے آفتاب نے سرفراز سے مکان ساڑھے پانچ مرلہ خرید کیا اور اپنے جاننے والے آصف کو رہنے کیلئے دے دیا تو آصف نے افضل، حسن، عاشق اور ارشد کیساتھ ملکر اس کے مکان کا جعلی اور بوگس اقرارنامہ تیار کرلیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

موٹر سائیکل کے مختلف حادثات میں دوخواتین سمیت 11 افراد زخمی

وزیرآباد(نامہ نگار) موٹر سائیکل کے مختلف حادثات میں دوخواتین سمیت 11 افراد زخمی ۔موٹر سائیکلز کے مختلف حادثات میں 40 سالہ نوشین، 23 سالہ صباح، 29 سالہ ابوبکر، 21 سالہ بلال، 14 سالہ الیاس، 19 سالہ علیم، 43 سالہ نواز، 14 سالہ احمد، 31 سالہ حسنین، 25 سالہ انضمام، 13 سالہ مظہر شدید زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کی خاطر ریسکیو 1122 کے عملہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال وزیر منتقل کردیا گیا۔ پانچ زخمیوں کو تشویشناک حالت کے پیش نظر گوجرانوالہ ریفر کردیا گیا۔

قرآن پاک کی بے حرمتی کی جھوٹی کال چلانے والی خاتون گرفتار

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) قرآن پاک کی بے حرمتی کی جھوٹی کال چلانے والی خاتون گرفتار ڈسکہ کی خاتون روبینہ زوجہ کاشف نے ریسکیو 15 پر کال چلائی کہ اس کا خاوند کاشف قرآن پاک کی بے حرمتی کر رہا ہے پولیس نے وقوعہ پر جا کر دیکھا تو کوئی تصدیق نہ ہوئی پولیس نے جھوٹی کال چلانے پر خاتون کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

کرسچین کمیونٹی نے چرچز میں عبادات بلاخوف ادا کیں، ڈی پی او

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او منصور امان کی ہدایت پر چرچوں کی سیکورٹی سخت کرسچین کمیونٹی نے اپنی عبادات بلاخوف و خطر ادا کیں پولیس ترجمان کے مطابق جڑانوالہ واقعہ کے پیش نظر ڈی۔ پی۔او اوکاڑہ منصور امان نے چرچز کی سیکورٹی کے سخت احکامات جاری کئے جس پر ہر سرکل کے ڈی۔ایس۔ پیز نے اپنے اپنے سرکلز میں موجود مسیحی عبادت گاہوں پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے چرچز کے باہر پولیس کے چاک و چوبند اہلکاروں نے سیکورٹی کے فرائض سرانجام دئے مختلف چرچز کے باہر واک تھرو گیٹ نصب کئے گیا اور کرسچن کمیونٹی کو بلاخوف وخطر عبادت کرنے کا ماحول مہیا کیا ڈی پی او منصور امان نے چرچز کے اردگرد سیکورٹی کے لئے کئے گئے انتظامات کو چیک کیا ڈی پی او نے چرچز کے پادریوں سے ملاقات بھی کی اور انہیں ہر ممکنہ سیکورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہم سب پاکستانی ہیں۔اور پولیس کی ذمہ داری ھے کہ پاکستان میں بسنے والوں کے تحفظ کو یقینی بنائے جس پر پادریوں نے ڈی۔پی۔او کا شکریہ ادا کیا۔

اے ایس آئی کو شہید کرنیوالے اشتہاری کو فرار کرانے پر تین خواتین کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اے ایس آئی کو شہید کرنیوالے اشتہاری کو فرار کروانے پر تین خواتین کیخلاف مقدمہ درج پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ اے ایس آئی شہزاد احمد چیمہ کو شہید کرنیوالا اشتہاری ملزم اجمل شہزاد سکھر نہر میں پروین، شمیم اور لائبہ کے پاس موجود ہے پولیس نے اشتہاری ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو ان تینوں خواتین پولیس آگئی کا شور مچادیا جس سے اشتہاری ملزم پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی، 4 ملزم گرفتار

ملزموں سے آلہ قتل، رائفل اور پسٹل برآمد، الگ الگ مقدمات درج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ صدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل اور ڈکیتی کی سنگین وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا ۔دو ملزمان اسلم اور اشرف نے فائرنگ کر کے 22 سالہ امتیاز کو قتل کیا تھا جن سے آلہ قتل رائفل اور پسٹل برآمد کر لیا گیا۔قتل کا واقعہ تھانہ صدر کے علاقہ چک نمبر 126 ج ب نیکو کارہ میں پیش آیا اور ملزمان کیخلاف قتل اور اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوا تھا ۔ ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب دو ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ نقدی، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ پسٹل برآمد کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں، عمران حیدر، محمد اسلم، محمد اشرف اور محمد عمران شامل ہیں ۔ گرفتار ملزمان کیخلاف برآمدگی زیر استعمال اسلحہ کے الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے اور مزید اہم انکشافات متوقع ہیں۔

آپریشنل و تفتیشی افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے میکانزم ترتیب

آپریشنل آفیسرز کو اشتہاری ملزمان کی گرفتاری، تفتیشی کو مقدمات کی تفتیش کرنے کے اہداف دے دیئے

جھنگ (بیورورپورٹ) ڈی پی او نے آپریشنل و تفتیشی افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے میکانزم ترتیب دے دیا، آپریشنل آفیسرز کو اشتہاری ملزمان کی گرفتاری جبکہ تفتیشی افسران کو مقدمات کی تفتیش یکسو کرنے کے اہداف دے دیئے، اطمینان بخش کارکردگی پر انعامات دینے، ناقص کارکردگی پر محکمانہ احتسابی کارروائی کا فیصلہ، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او ملک طارق محبوب نے پولیس کارکردگی میں اضافے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں ضلع بھر کے پولیس افسران نے شرکت کی، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او ملک طارق محبوب نے کہا کہ پولیس کی کارکردگی میں اضافے کے لئے ضروری ہے کہ آپریشنل پولیس افسران اور تفتیشی پولیس افسران کو اہداف دیئے جائیں، جن کے حصول کے لئے مکمل مانیٹرنگ کی جائے، ڈی پی او نے کہا کہ جھنگ پولیس کو عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے جدید سائنسی ٹیکنالوجی تک رسائی دے دی گئی۔

گجرات: 4رکنی ڈکیت گینگ کے مجرموں کو گرفتار کرنیوالے اہلکار کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں، دوسری طرف پولیس اہلکار پریس کانفرنس کررہے ہیں

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

نہیں تو ہمیں بلوں پر صدر کے اعتراض کا کیسے پتا چلے گا؟، وزارت قانون کی پریس ریلیز کے بعد ابہام ختم ہوگیا ہے،ہم معاملے میں ایوان صدر کا کوئی ریکارڈ قبضے میں نہیں لیں گے، اگر صدرمملکت کا اسٹاف ان کے اپنے اختیار میں نہیں تو یہ ان کا معاملہ ہے میں اس بارے میں مزید کچھ نہیں کہہ سکتا،نگراں حکومت کا سیاست سے کوئی لینا دینا نہیں اور ہمارا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں، ہم سیاسی گفتگو سے گریز کریں گے۔ان خیالات کا اظہار نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی اور نگران وفاقی وزیر قانون احمد عرفان اسلم نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ نگران وزیراطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ صدرمملکت عارف علوی نے اپنے ذاتی اکاؤنٹ سے پارلیمان کی طرف سے بھیجے گئے دو بلوں سے متعلق ٹوئٹ کیا۔مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ کسی قسم کا کوئی بھونچال نہیں آیا، صورتحال سب واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضروری ہے کہ قانونی نکات کی وضاحت کی جائے۔نگران وزیر قانون نے کہا کہ نگران حکومت کا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں ہوتا، ہمارا مینڈیٹ محدود ہے،صدرمملکت وفاق کے سربراہ ہیں، ان کی تعظیم ہم سب کے دلوں میں ہے۔وزیر قانون نے کہا کہ صدرمملکت کا ٹوئٹ دو قوانین سے متعلق ہے، صدر مملکت نے پاکستان آرمی (ترمیمی) بل اور آفیشل سیکریٹ (ترمیمی) بل 2023ء سے متعلق ٹوئٹ کئے، پاکستان آرمی بل (ترمیمی) بل 27 جولائی 2023ء کو سینیٹ سے پاس ہوا، ایوان صدر کو یہ بل 2 اگست کو موصول ہوا، آفیشل سیکرٹ (ترمیمی) بل یکم اگست کو قومی اسمبلی نے منظور کر کے سینیٹ کو بھجوایا۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ نے اس بل پر کچھ آبزرویشنز لگا کر قومی اسمبلی کو بھیجا، قومی اسمبلی نے اس بل کو 7 اگست کو منظور کیا۔نگران وزیر قانون نے کہا کہ صدرمملکت کو پاکستان آرمی (ترمیمی) بل 2023ء 2 اگست کو اور آفیشل سیکرٹ (ترمیمی) بل 2023ء ایوان صدر کو 8 اگست کو موصول ہوا، جب کوئی بل صدر کو بھیجا جاتا ہے تو صدر کے پاس دو اختیارات ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلا اختیار صدر اس بل کی منظوری دے دیں، دوسرا اختیار یہ ہے کہ صدر کی اگر کوئی آبزرویشنز ہیں تو تحریری انداز میں بھجوائی جائیں۔انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 75 کے تحت کوئی تیسرا اختیار نہیں، یہ دونوں اختیارات استعمال کرنے کے لئے 10 دن کا وقت آئین میں تعین کیا گیا ہے، صدرمملکت کے پاس 10 دن کا وقت تھا، صدرمملکت نے ماضی قریب اور ماضی بعید میں بہت سے قوانین میں اختیارات کو استعمال کیا۔نگران وزیر قانون عرفان اسلم نے کہا کہ صدر نے بہت سے قوانین میں آبزرویشنز دیں اور بل واپس بھی بھجوائے، آج سے پہلے ایسی کوئی صورتحال ہمارے سامنے نہیں آئی کہ ایوان صدر سے بغیر دستخطوں کے کوئی چیز واپس گئی ہو۔ نگران وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزارت قانون کی پریس ریلیز کے بعد ابہام ختم ہوگیا ہے، صدرمملکت کے اس آئینی عہدے پر رہنے کی خواہش یا منشا کا علم نہیں۔ نگران وزیر اطلاعات نے کہا کہ صدر مملکت ریاست کے سربراہ ہیں اور ان کی بہت تعظیم ہے۔نگران وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوئی توقع نہ کرے کہ ہم صدر کی تعظیم کے خلاف کوئی بات کریں گے، دوران صدارت صدر مملکت کے خلاف کسی قسم کی کوئی تفتیش نہیں ہوسکتی، صدر کو یہ آئینی تحفظ حاصل ہے۔ نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ کوئی قانونی وآئینی ابہام پیدا کرنے کی کوشش کرے تو نگران حکومت آئین کے اندر رہتے ہوئے جواب دے گی، ابہام دور کرنے کے لئے نگران حکومت کی کوشش کو سیاسی رنگ نہیں دیا جاسکتا۔مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ ملک میں قوانین اور ان کا نفاذ کرنے کے لئے ادارے موجود ہیں، شہریوں کے حقوق کی فراہمی اور آئین وقانون کی بالادستی کے لئے پورا نظام موجود ہے، مفروضوں پر نہیں بلکہ حقائق پر بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ صدر کے ٹوئٹ سے پیدا ہونے والی صورتحال کی وضاحت ہوچکی ہے، وزارت قانون کا پریس ریلیز بھی جاری ہوا، وزیر قانون نے بھی اس حوالے سے تفصیل سے آگاہ کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم قطعاً ایسا کوئی عمل نہیں کریں گے جو آئین و قانون کے خلاف ہو، ایسا قطعاً نہیں چاہیں گے کہ ایوان صدر جا کر ریکارڈ قبضے میں لیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے حکومتی نظام میں کوئی خلا نہیں

بقیہ بقیہ جات 2

انتظامی بورڈ کے چیئرمین بھی ہیں۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق معزز مہمان کے ہمراہ ڈپٹی وزراء حج عمرہ، سیاحت، عالمی تعاون، سعودی ایئرلائن کے صدر، سعودی ایوی ایشن کے نمائندے وفد میں شامل ہیں۔ وفد میں سعودی سول ایویشن اتھارٹی کے چیئرمین، سعودی ایئرلائن کے صدر، سعودی ٹورزم اتھارٹی کے CEO، سیکرٹری عمرہ، سیکرٹری حج، سیکرٹری انٹرنیشنل تعاون وزارت حج، ضیوف الرحمن پروگرام کے چیف ایگزیکٹو، سعودی مرکزی۔بینک کے ڈائریکٹر برائے انسداد منی لانڈرنگ وٹیررفنانسنگ شامل ہیں

بقیہ بقیہ جات 3

شمالی وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے کے بارے میں جان کر دل دہل گیا ہے جس میں 11 بے گناہ مزدوروں کی جانیں گئیں۔تشدد کے احمقانہ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

سے فوری رجوع کا فیصلہ کیا ہے۔آفیشل سیکریٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ میں ترامیم کے مسوّدوں پر صدرِمملکت کے دستخطوں کے معاملہ پر ترجمان تحریک انصاف کی طرف سے جاری بیان میں آئین وقانون، شہریوں کے بنیادی حقوق اور جمہوریت و پارلیمان کی بقا وسلامتی کیلئے خوف و خدشات سے اوپر اٹھ کر موٌقف اختیار کرنے پر صدرِمملکت سے اظہارِتشکر اور قومی وعدالتی سطح پر صدرِمملکت کے موٌقف کی بھرپور تائید وحمایت کا اعلان کیا گیا ہے۔ترجمان پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ اہم ترین قانونی مسودہ جات کی توثیق کے عمل پر صدرِمملکت کا موٌقف ہرلحاظ سے غیر معمولی اور سنجیدہ ترین اقدامات کا متقاضی۔صدرِمملکت نے اپنی ٹوئیٹ کے ذریعے ریاستی وحکومتی ڈھانچے میں گہرائی تک سرایت کئے گئے مرض کی نشاندہی کی ہے۔پچھلے 16 ماہ کے دوران پاکستان میں آئین سے انحراف، قانون کی پامالی، جمہوریت سے فرار اور ریاست کو شخصیات کے تابع کرنے کی رسومِ بد کو تقویت پہنچائی گئی۔ پارلیمان اور الیکشن کمیشن سمیت پوری ریاستی مشینری کو آئین کی تابعداری سے ہٹا کر غیر مرئی قوتوں کے اشاروں پر چلا دیا گیا، ترجمان تحریک انصاف کا کہنا ہے آئین کے اہم ترین حصوں پر عملدرآمد کو یکسر منسوخ کر کے ملک کو جنگل کے قانون کی گرفت میں دیگر میڈیا و عدالتوں کو نادیدہ قوتوں کے شکنجے میں جکڑ لیا گیا۔پنجاب وپختونخوا میں غیر قانونی نگران حکومتوں کی موجودگی اور دونوں صوبوں کے 17 کروڑ پاکستانیوں کو ووٹ کے حق سے محروم کئے جانے میں بھی یہی سوچ کارفرما ہے۔چیئرمین تحریک انصاف کی ایک متنازع عدالتی فیصلے کے ذریعے تیز ترین گرفتاری اور جماعت کو کچلنے کیلئے ہزاروں قائدین و کارکنان کیخلاف ننگی فسطائیت اسی سلسل ناتمام کا حصہ ہے۔ مجرموں کو این آر او ٹو کے ذریعے دی جانے والی عام معافی اور نیب قانون میں ترمیم کے ذریعے نظام احتساب کی تباہی کے پیچھے بھی انہی ہاتھوں کے نشان ہیں۔صدرِمملکت وفاق کی علامت، پارلیمان کا حصہ اور افواجِ پاکستان کے سپریم کمانڈر ہیں

بقیہ بقیہ جات 5

نے اپنے آبائی علاقے کان مہترزئی ضلع قلعہ سیف میں منعقدہ ایک عوامی اجتماع سے ٹیلیفونک خطاب کیا، انہوں نے کہا جلد اپنے آبائی گاؤں کان مہترزئی کا دورہ کر کے شہریوں کو درپیش مسائل کا ذاتی طور پر جائزہ لوں گا اور ان کو حل کرنے کی کوشش کروں گا۔نگران وزیراعظم نے کہا علاقے کی تمام سیاسی قیادت، قبائلی عمائدین، علماء کرام، سول سوسائٹی اور وکلاء کی جانب سے نگران وزیراعظم نامزدگی پر مبارکباد کے لیے شکر گزار ہوں، نگران وزیراعظم نے کہا پروگرام کے منتظمین کا بھی خصوصی طور پر مشکور ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 6

نے کہا ہے کہ امن وامان کے مسائل انتہائی اہم ہیں، الیکشن کیلئے اعتماد کی بہتر فضا بنائی جائے گی۔ پتا نہیں صدر کیوں 27 گھنٹے تک بے خبر رہے، معاملہ عدالت میں بھی جاسکتا ہے۔جسٹس (ر) مقبول باقر نگران وزیراعلیٰ سندھ نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر اگر سچ کہہ رہے ہیں تو یہ انتہائی سنگین مسئلہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 7

آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہیں کیے کیونکہ میں ان قوانین سے متفق نہیں ہوں۔انہوں نے لکھا کہ میں نے اپنے عملے سے کہا تھا کہ وہ دستخط کے بغیر بلوں کو مقررہ وقت کے اندر واپس بھیج دیں تاکہ انہیں غیر موثر بنایا جاسکے۔ڈاکٹر عارف علوی نے لکھا کہ میں نے عملے سے کئی بار تصدیق کی کہ آیا وہ (دستخط کے بغیر) واپس بھجوائے جاچکے ہیں اور مجھے یقین دلایا گیا کہ وہ واپس بھجوائے جاچکے ہیں، تاہم مجھے اب پتا چلا کہ میرا عملہ میری مرضی اور حکم کے خلاف گیا۔انہوں نے لکھا کہ اللہ سب جانتا ہے، وہ ان شا اللہ معاف کردے گا لیکن میں ان لوگوں سے معافی مانگتا ہوں جو اس سے متاثر ہوں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز یہ خبر سامنے آئی تھی کہ صدرمملکت ڈاکٹر عارف علوی نے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل پر دستخط کر دیئے ہیں جس سے دونوں مجوزہ بل قانون کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں بلوں کو سینیٹ اور قومی اسمبلی نے منظور کیا تھا اور چند ہفتے قبل حزب اختلاف کے اراکین اسمبلی کی شدید تنقید کے باوجود منظوری کے لیے صدر کو بھیج دیا گیا تھا۔سیکرٹ ایکٹ کا سیکشن 6 (اے) انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اہلکاروں، مخبروں یا ذرائع کی شناخت کے غیر مجاز انکشاف کو جرم قرار دیتا ہے، اس جرم کی سزا 3 سال تک قید اور ایک کروڑ روپے تک جرمانہ ہوگی۔ آرمی ایکٹ کے مطابق اگر کوئی شخص سرکاری حیثیت میں حاصل شدہ معلومات افشا کرے گا، جو پاکستان یا مسلح افواج کی سلامتی اور مفاد کے لیے نقصان دہ ہو یا ہوسکتی ہو، اسے 5 سال قید بامشقت کی سزا ہوگی۔ ایکٹ میں شامل ترامیم آرمی چیف کو مزید اختیارات دیتی ہیں اور سابق فوجیوں کو سیاست میں شامل ہونے یا ایسے منصوبے شروع کرنے سے روکتی ہے جو فوج کے مفادات سے متصادم ہو سکتے ہوں، اس میں فوج کو بدنام کرنے پر قید کی سزا بھی تجویز کی گئی۔ آرمی ایکٹ کے مطابق کوئی بھی فوجی اہلکار ریٹائرمنٹ، استعفے یا ملازمت سے برطرفی کے 2 برس بعد تک کسی سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا۔ یاد رہے کہ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا یہ بیان عمران خان کے خلاف آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت 15 اگست کو درج کی گئی ایف آئی آر کے سلسلے میں سابق وزیر خارجہ اور پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو گرفتار کیے جانے کے ایک روز بعد سامنے آیا ۔ یہ مقدمہ ایک امریکی نیوز ویب سائٹ دی انٹرسیپٹ کی جانب سے حال ہی میں اس سائفر کے مبینہ متن کے شائع ہونے کے بعد درج کیا گیا تھا جس کے بارے میں دعویٰ کیا گیا کہ یہ اسی سائفر کا متن ہے جو مبینہ طور پر عمران خان کے پاس سے کھو گیا۔ توشہ خانہ کیس میں اٹک جیل میں قید عمران خان سے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے چند روز قبل سائفر کیس کے حوالے سے پوچھ گچھ کی تھی، سابق وزیراعظم کا دعویٰ ہے کہ انہیں گزشتہ سال امریکی سازش کے تحت عہدے سے ہٹایا گیا تھا اور اس سائفر کے ذریعے اُن کو اقتدار سے ہٹانے کے لیے امریکا کی جانب سے دھمکی دی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 8

پاس دو اختیارات ہوتے ہیں، یا تو بل کی منظوری دیں یا مخصوص تحفظات کے ساتھ معاملہ پارلیمنٹ کو واپس بھیج دیں، آرٹیکل 75 کوئی تیسرا آپشن فراہم نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ اس فوری نوعیت کے معاملے میں کسی بھی اختیار پر عمل نہیں کیا گیا بلکہ صدر مملکت نے جان بوجھ کر منظوری میں تاخیر کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوں کو تحفظات یا منظوری کے بغیر واپس کرنے کا اختیار آئین میں نہیں دیا گیا، ایسا اقدام آئین کی روح کے منافی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

۔ذرائع ایوان صدر کے مطابق صدر اس معاملے کو سپریم کورٹ لے جانے پر مشاورت کر رہے ہیں۔عارف علوی مستعفی ہونے پر بھی غور کر رہے ہیں ۔صدر کے عہدے کہ آئینی مدت نو ستمبر کو مکمل ہورہی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر کی طرف سے جلد بڑا فیصلہ متوقع ہے۔بعض قریبی ساتھیوں نے مدت سے پہلے مستعفی نہ ہونے کا مشورہ دیا ہے

بقیہ بقیہ جات 10

عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ملاقات میں سینیٹر عمر اراباب کاسی نے وزیراعظم کو ہنہ اوڑک میں حالیہ بارشوں سے پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال پر بھی آگاہ کیا۔سپیرہ راغہ تا لورالائی روڈ پر ٹریفک حادثات سے بچاؤ کیلئے اسکی ازسرنو بحالی کی ضرورت سے آگاہ کیا۔نگران وزیراعظم نے سینیٹر عمر اراباب کاسی کو علاقے کے تمام مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ بقیہ جات 11

جاری کر دیا گیا۔نوٹیفکیشن پر 18 اگست کی تاریخ درج ہے۔گزٹ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ صدر کی جانب سے بل کی توثیق ہوگئی

بقیہ بقیہ جات 12

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی تمام صوبائی وزراء کے ہمراہ آج جڑانوالہ کے علاقے عیسیٰ نگر پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی اور صوبائی وزراء ایک ہی کوچ میں بیٹھ کر اے سی چرچ پہنچے اور مسیحی برادری کی دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت مسیحی برادری سے اظہارِ یکجہتی کیلئے چرچ کے اندر ہی صوبائی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ چرچ میں تمام صوبائی وزراء، مشیران، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، متعلقہ سیکرٹریز اور اعلیٰ حکام موجود تھے۔ چیف سیکرٹری نے صوبائی کابینہ کا یک نکاتی ایجنڈا پیش کیا۔صوبائی کابینہ نے متفقہ طور پر جڑانوالہ واقعہ میں نذر آتش کیے جانے والے گھروں کے مالکان کیلئے 20 لاکھ روپے فی گھر مالی امداد کی منظوری دی۔محسن نقوی نے کہا کہ واقعہ میں نذر آتش ہونے والے ہر گھر کے مالک کو 20 لاکھ روپے کی امدادی رقم کے چیک 48 گھنٹے تک متاثرین کو دے دیئے جائیں گے۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ جڑانوالہ کے دو گرجا گھروں کی تعمیر وبحالی مکمل کرلی گئی ہے جبکہ دیگر گرجا گھروں کی مسیحی برادری کی مرضی کے مطابق جلد تعمیر وبحالی کی جائے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہاں آنے کا مقصد آپ کے دکھ میں برابر میں شریک ہونا ہے۔متاثرہ لوگوں کو انصاف دلانے کا وعدہ پورا کریں گے۔ چرچ میں پاکستان کی سالمیت، استحکام، ترقی اور عوام کی خوشحالی اور ملک وقوم کے اتحاد و یکجہتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ہر پاکستانی کا ہے، مسلم، مسیحی، سکھ، ہندو سب ایک ہیں۔ ہر مظلوم کے ساتھ ہیں، ظالم کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق ایسوسی ایشن ایونجلیکل چرچز (اے ای سی) گرجا گھر سمیت ایک اور چرچ کی تعمیر و مرمت مکمل کرلی گئی ہے اور تزئین وآرائش کے بعد دونوں چرچوں کو عبادت کیلئے کھول دیا گیا ہے۔صوبائی وزراء، سینٹر کامران مائیکل، خلیل طاہر سندھو، بشپ آزاد مارشل، چرچ کے پادری سلیم عارف، مسیحی برادری کی سرکردہ شخصیات، کمشنر فیصل آباد، آر پی او، سی پی او ڈپٹی کمشنر بھی اس موقع پر موجود تھے۔وزیراعلیٰ محسن نقوی نے جڑانوالہ چرچ میں مسیحی برادری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا وعدہ ہے انصاف ضرور ملے گا، پوری ٹیم انصاف دلوانے کیلئے کام کررہی ہے۔دو چرچ سو فیصد بحال کر دیئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے کل کام شروع کیا تھا اور آج یہ کام مکمل ہوگیا ہے۔ بے شک مجھے دس دفعہ آنا پڑے جتنے چرچ ہیں سارے کے سارے چرچ بحال کیے جائیں گے۔ ہمارا آپ کے ساتھ انصاف کا وعدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام بھی ہمیں رواداری سکھاتا ہے۔آج تمام اخبارات میں نبی کریمؐ کی طرف سے مسیحی برادری کو لکھا گیا خط شائع کیا گیا ہے۔ نبی کریمؐ کا مسیحی برادری کو لکھا گیا خط ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔ نبی کریمؐ کے مسیحی برادری کو لکھے گئے خط کی روشنی میں ہم نے مسیحی برادری کا تاقیامت خیال رکھنا ہے۔ جو نبی کریمؐ کا حکم ہے وہی ہمارے لئے سب سے بڑا حکم ہے۔ ہم نے چرچ کے اندر ہی کابینہ کا اجلاس منعقد کیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے صوبائی وزراء کے ہمراہ دانش سکول جڑانوالہ میں متاثرہ مسیحی خاندانوں کیلئے قائم ریلیف کیمپ کا دورہ کیا۔وزیراعلیٰ محسن نقوی نے متاثرہ مسیحی خاندانوں سے ملاقات کی اور انہیں دلاسہ دیا اور انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔وزیراعلیٰ محسن نقوی نے مسیحی خاندانوں سے گفتگو کی اور ان کے مسائل سنے۔محسن نقوی نے کہا کہ متاثرین کے نقصانات کا جلد ازالہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

اوورز پراجیکٹ کی تمام پائلیں اور پائل کیپس مکمل، وزیراعلیٰ نے پراجیکٹ کے بارے میں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اگلے ماہ کے وسط میں منصوبے کو ہر صورت مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے گورنمنٹ انڈس ہسپتال کاہنہ کا تفصیلی دورہ کیا۔کئی وارڈز میں اے سی بند، صفائی کے ناقص انتظامات، بیڈ شیٹس پر خون کے دھبے، واش رومز کی ابتر حالت، پانی کی کلج، ڈاکٹرز غائب، عملے کے ناروا سلوک سے مریض نالاں، عملہ وارڈز میں داخل مریضوں کے ریکارڈ کے بارے میں غلط بیانی کرتا رہا۔مریضوں اور تیمارداروں نے ہسپتال عملے کے نامناسب رویے اور چیک اپ میں بلاجواز تاخیر کے بارے شکایات کے انبار لگا دیئے۔

بقیہ بقیہ جات 14

جینا مرنا پاکستان کے ساتھ ہے جلد پاکستان میں آپنی عوام کے درمیان موجود ہوں گا انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ ن جیت کر حکومت بنائے گی سابق سلیکٹیڈ کٹھ پتلی کپتان اور اناڑی ٹولے نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ھے جس کا خمیازہ آنے والی نسلیں بھی بھگتیں گی۔ مہنگائی کا جو جن بے قابو ہے یہ پی ٹی آئی حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ہے مجھے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت حکومت سے نکال کر ملک ایک احواس باختہ شخص عمران احمد نیازی کے سپرد کیا منصوبہ سازوں کے چہرے قوم کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں ان خیالات کا اظہار سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف نے شیخوپورہ کے حلقہ پی پی 142 سے ن لیگ کے متوقع امیدوار خان جہانزیب خان اور ان کے والد حاجی محمد اورنگزیب خان ایڈووکیٹ سے لندن میں ملاقات کے دوران کیا انہوں نے کہا حاجی اورنگزیب خان سے کہا کہ میں آپ سے کیا ہوا وعدہ وفا کروں گا جیسے ہمیشہ آپ نے میرے ساتھ وفا کیں وہ 1990 کا الیکشن ہو یا 1993 کا یا 1999 کا مارشل لاء آپ ہمیشہ چٹان کی طرح میرے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہے آپ جیسے پرانے رفقاء پاکستان مسلم لیگ ن کا اثاثہ ہیں اور میرے دست بازو ہیں جنہوں نے ہر مشکل وقت میں پاکستان مسلم لیگ ن کا ساتھ دیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

ڈیولپمنٹ (پلڈاٹ) کے سربراہ احمد بلال محبوب نے کہا ہے کہ صدر مملکت عارف علوی واضح کریں کہ کیا ایوان صدر کے عملے نے جعلی دستخط کیے ہیں؟۔نجی ٹی وی سے گفتگو میں احمد بلال محبوب نے کہا کہ صدر علوی واضح کریں کہ عملے نے جعلی دستخط کیے یا بل مقررہ وقت میں واپس نہیں بھیجے؟ انہوں نے کہا کہ صدر عارف علوی کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ انہوں نے ایوان صدر کے عملے کو بل واپس بھیجنے کی ہدایت کس تاریخ کو کی تھی؟ احمد بلال محبوب نے کہا کہ صدر یہ بھی بتائیں کہ انہوں نے زبانی ہدایت دی تھی یا فائل پر تحریری ریمارکس دیے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 16

بدقسمتی سے وہاں (جوڈیشل کمیشن میں جوڈیشل تقرریوں کے عمل میں) بھی پسند ناپسند چلتی ہے، کوئی چیمبر پسندیدہ ہو جاتا ہے تو اسی چیمبر سے بندے آنا شروع ہوجاتے ہیں، اس سے بہت پیچھے چلے جائیں تو ماضی میں ججوں کے بیٹے ہی سارے جج بنتے رہے۔انہوں نے 2011 میں 19ویں ترمیم کی منظوری کو پارلیمنٹ کے ساتھ ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ترمیم کی منظوری کے لیے ہم پر بہت دباؤ تھا اور دھمکی دی گئی تھی کہ اگر 19ویں ترمیم منظور نہ کی گئی تو حکومت کی تمام سابقہ ترامیم اڑا دی جائیں گی۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ پارلیمان کا حق ہے اور حق حاصل ہونا چاہیے، ہمیں اس پر چند ترمیم کرنی چاہیے اور ہماری پارلیمانی کمیٹی کو زیادہ طاقتور ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ جب نئے ججوں کی تقرری ہوتی تھی تو ہم نے ان کے انٹرویو لینے کا سلسلہ شروع کیا تھا، ہم ان کا ریکارڈ دیکھتے تھے تاہم میں سمجھتا ہوں کہ ان کو زیادہ اختیار ہونا چاہیے کہ وہ کسی کو روک سکیں اور دوبارہ غور کا کہہ سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا ہے۔ اپنے بیان میں حمزہ شہباز نے کہا کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کے درجات بلند کرے اور زخمیوں کو جلد صحتیابی دے ۔حمزہ شہباز نے کہا کہ زخمیوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات میسر ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کی تحقیقات ہونی چاہئیں کہ ڈیزل سے لوڈ پک اپ موٹروے پر کیسے چڑھی۔ ہم سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

کے بیان پر سیاستدانوں نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر مملکت عارف علوی کھل کر بات کریں، اخلاقیات کا تقاضا ہے صدر مستعفی ہوں۔صدر مملکت کے بیان پر مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ صدر علوی کھل کر بات کریں، اگر بلوں سے اختلاف تھا تو انہوں نے کیوں اپنے اعتراضات درج نہ کیے؟ ہاں یا ناں کے بغیر بل واپس بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟ ۔عرفان صدیقی نے کہا کہ میڈیا پر خبریں آنے کے باوجود وہ 2 دن کیوں چپ رہے؟ صدر مملکت بولے بھی تو معاملہ اور الجھا دیا، اگر ان کا اسٹاف بھی ان کے بس میں نہیں تو مستعفی ہو کر گھر چلے جائیں۔سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ بات ناقابل یقین ہے، اخلاقیات کا تقاضا ہے کہ صدر مستعفی ہوں۔انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق زبانی حکم کو حکم تصور نہیں کیا جاتا، اگر 10 روز میں صدر اعتراضات کے ساتھ بل واپس نہیں بھیجتے تو یہ منظور تصور کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صدر موٌثر انداز میں دفتری کام کرنے میں ناکام رہے، اللہ ہماری مدد کرے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جس صدر کو نہیں پتہ کہ ایوان صدر میں کیا ہو رہا ہے وہ عہدے پر رہنے کا اہل ہی نہیں، صدر بیان دینے، معافی مانگنے کے بجائے بتائیں ان افسروں کیخلاف کیا کارروائی کی۔سابق وفاقی وزیر شیری رحمان نے صدر مملکت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کیا وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ان کی ناک کے نیچے بلز پر کوئی اور دستخط کرتا ہے؟ صدر کی وضاحت ان کے صدارتی منصب سنبھالنے کی اہلیت پر سوالیہ نشان ہے، اگر ایسا ہی ہے تو صدر کو اس عہدے سے فوری طور پر مستعفی ہونا چاہیے، اگر آپ کا عملہ آپ کے کہنے میں نہیں تو آپ صدارتی منصب چھوڑ دیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت میں وہ صدر ہاؤس کو آرڈیننس فیکٹری کے طور پر چلاتے رہے، کیا اس وقت بھی آرڈیننسز پر کوئی اور دستخط کر کے واپس کیا کرتا تھا؟ صدر عارف علوی اپنے وضاحتی بیان کے بعد صدارت کے آئینی عہدے پر رہنے کے اہل نہیں رہے۔ جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے ایکس پر جاری پیغام میں لکھا کہ یہ تو ایک نیا پنڈورا باکس کھل گیا ہے، اگر صورت حال واقعی ایسی ہی ہے جیسا کہ صدر نے لکھا ہے تو یہ ریاست پاکستان، پارلیمنٹ اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ 24 کروڑ پاکستانیوں کی توہین ہے۔سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا کہ معاملات ایک دفعہ پھر عدالتوں میں جائیں گے، ملک کے اعلیٰ ترین منصب کے اس حال سے پاکستان کے حالات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، اللہ پاکستان پر رحم فرمائے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے اس پیشرفت کو انتہائی افسوسناک اور پورے نظام کے خاتمے کے مترادف قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی وکلا برادری کو اب آئین کی بالادستی کے لیے اٹھ کھڑا ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کے ہمراہ تھے۔نگران وفاقی وزیر نے تحصیل ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کی اور زخمیوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثہ پر دلی دکھ اور تکلیف ہوئی متاثرہ خاندانوں کے غم میں شریک ہیں۔ دوسری جانب موٹروے پولیس اور ریسکیو 1122 کے حکام نے انہیں حادثہ بارے بریفنگ بھی دی۔

بقیہ بقیہ جات 20

جو باہمی مشورت سے ایسے واقعات کی روک تھام کے لئے اقدامات کرنے کے حوالے سے اپنی تجاویز دے جن پر عملدرآمد کے لیے مناسب قانون سازی کی جائے، متاثرہ چرچز اور گھروں کی مرمت اور متاثرین کی بحالی کو جلد ممکن بنایا جائے، کسی مذہبی توہین کے واقعہ میں اگر الزام غلط ثابت ہو تو اس شخص پر بھی اسی قانون کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ بقیہ جات 21

دیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے صوبے شن جیانگ کے پارٹی سیکرٹری ماشنگ رے سے ملاقات میں کیا۔ملاقات میں باہمی تعلقات اور سی پیک پہ تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیکرٹری ماشنگ رے نے سابق وفاقی وزیر احسن اقبال کی سی پیک کے لئے خدمات پہ پرزور خراج تحسین پیش کیا۔ ماشنگ رے نے کہا آپ پاکستان کے مدبر، آزمودہ اور نہایت تعلیم یافتہ سیاستدان ہیں۔ آپ دنیا کی بہترین مینجمنٹ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل ہیں۔سی پیک کے لئے آپ کی خدمات تاریخی ہیں۔چین کے صدر شی جن پنگ پاکستان سے دوستی کو نہایت اہم سمجھتے ہیں ۔چین کے نائب وزیراعظم ہولی فنگ کی سی پیک کی دس سالہ تقریبات میں شرکت اس کا مظہر ہے۔ ماشنگ رے کا کہنا تھا شن جیانگ سی پیک کی اہم گزرگاہ ہے، ہمیں تجارتی روابط بڑھانے ہیں۔اس موقع پر احسن اقبال کا کہنا تھا سی پیک سڑک کا نام نہیں، یہ تجارت، ثقافت، ٹیکنالوجی، خوشحالی اور علاقائی تعاون کی راہداری ہے۔شن جیانگ اور گلگت بلتستان سی پیک کے گیٹ وے ہیں۔شن جیانگ اور گلگت بلتستان کے درمیان تجارت کا فروغ سی پیک کی اہم ترجیح ہے

بقیہ بقیہ جات 22

کے چیئرمین عمران خان کی رہائش گاہ کے قریب مشکوک شخص کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق زمان پارک میں تعینات پولیس اہلکاروں نے مشکوک جانتے ہوئے ملزم کو روک کر تلاشی لی۔ پولیس نے بتایا کہ تلاشی کے دوران مشکوک شخص سے 9 ایم ایم پستول اور 10 گولیاں برآمد ہوئیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

مریم نواز نے کہا ہے کہ بس حادثے کی وجوہات کا تعین ضروری ہے۔ مریم نواز نے فیصل آباد موٹر وے پر پنڈی بھٹیاں کے قریب پک اپ وین اور مسافر کوچ کے تصادم کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں مریم نواز نے کہا کہ واقعہ پر انتہائی دکھ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

گے،نگران حکومت دیگر کاموں پر توجہ کی بجائے آئینی تقاضا پورا کرتے ہوئے الیکشن کے انعقاد کے لیے الیکشن کمیشن سے تعاون کرے، پی ڈی ایم اور پیپلز پارٹی نے ڈیجیٹل مردم شماری کی آخری دنوں میں منظوری دے کر الیکشن کو موخر یا ملتوی کروانے کی سازش کی، پیپلز پارٹی اب الیکشن کے لیے بیانات دے رہی ہے، سازش میں برابر کی شریک تھی،صدر مملکت کے آفیشل سیکرٹس ترمیمی بل اور پاکستان آرمی ترمیمی بل پر موقف کے بعد نیا پنڈورا بکس کھل گیا ہے، ادارے مذاق بن گئے، ملک کی جگ ہنسائی ہورہی ہے، سپریم کورٹ کی ذمہ داری ہے کہ ابہام دور، آئینی بحران ختم کرے۔ منصورہ میں سیکرٹری جنرل امیر العظیم اور سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے جڑانوالہ میں قرآن کریم کی بے حرمتی اور ردعمل میں گرجا گھروں اور عیسائیوں کی پراپرٹیز جلانے کی مذمت کی اور اعلیٰ سطحی کمیشن کے ذریعے تمام واقعہ کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آج (پیر) کو متاثرہ علاقہ کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کے ہسپتال میں کم سن بچی رضوانہ موت کے منہ سے واپس آئی ہے، اس پر بری طرح تشدد ہوا، ابھی قوم اس کرب سے نہیں نکلی تھی کہ سندھ میں ایک جاگیردار کے گھر فاطمہ کو تشدد سے شہید کردیا گیا، اس کے بعد جڑانوالہ کا افسوسناک واقعہ ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

ایل پی جی مافیا کے گٹھ جوڑ نے ملک میں ایل پی جی گیس کی سپلائی کیلئے اجارہ داری قائم کر دی، ملک میں ایل پی جی کی مصنوعی قلت پیدا کر کے من مانی قیمت وصول کی تیاریاں کرلی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

کی تشکیل یقینی بنائے اور حلقہ بندیوں پر اعتراضات کی سماعت اسلام آباد کی بجائے صوبوں کی سطح پر کی جائے۔ فافن کی جانب سے انتخابی حلقہ بندیوں سے متعلق تجاویز میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ کے تحت حلقہ بندیوں کے دوران استثنائی صورتوں میں الیکشن کمیشن پر ضلعی حدود کی پابندی کرنا لازم نہیں ہوگا تاکہ کسی اسمبلی کے حلقوں کے درمیان آبادی کا فرق 10 فیصد سے زیادہ بڑھنے نہ پائے اور مساوی آبادی پر مبنی حلقہ بندیاں یقینی بنانے کے لیے ایسے اقدامات سے انتخابی عمل کو منصفانہ بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہے، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ ظفروال کے قریب نالہ ڈیک سکروڑ کے مقام سے بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد ہوئی ہے جسے سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے موقع پر پہنچ کر مائن کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

اظہار انہوں نے آج یہاں ضلع بہاول پور کے دریائی علاقہ ماڑی قاسم شاہ اور موچی والا بند کے دورہ کے موقع پر عمائدین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

کے عین مطابق صوبے میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے حقوق کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا اور ان کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 30

کے آرٹیکل 50، کے تحت صدر پارلیمنٹ کا حصہ ہے، صدر کے بیان کی سینیٹ کمیٹی آف ہول کے ذریعے تحقیقات کروائی جائے، جہاں پورا ایوان بطور کمیٹی بیٹھتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

سائفر کیس میں گرفتار کر لیا گیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر کے وکیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے موکل کو سائفر کیس میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔دوسری جانب پولیس اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے اسد عمر کی گرفتاری کی تصدیق کرنے سے انکار کر دیا ہے۔علاوہ ازیں اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سفارتی سائفر سے متعلق آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 کے تحت درج مقدمے میں گرفتار پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کا ایک روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔شاہ محمود قریشی کو اسلام آباد کی مقامی عدالت میں پیش کیا گیا، انہیں عقبی دروازے سے عدالت میں لایا گیا، دوران سماعت ایف آئی اے نے سائفر کیس میں شاہ محمود قریشی کےجسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 32

مزاری نے دعویٰ کیا کہ خواتین پولیس اور سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد ان کی بیٹی کو لے گئے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر شیریں مزاری نے اپنے بیان میں کہا کہ اہلکار ہمارے سیکورٹی کیمرے اور ایمان کا لیپ ٹاپ اور فون بھی لے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہمراہ لندن روانہ ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سابق وزیراعظم شہباز شریف لندن دورے کے دوران اپنے بڑے بھائی اور پارٹی قائد نواز شریف سے اہم ترین ملاقات کریں گے۔ شہباز شریف کی نواز شریف سے ون آن ون ملاقات کے علاوہ پارٹی کے دیگر اہم رہنماؤں کے ہمراہ بھی ملاقاتیں ہوں گی۔لندن میں موجود سابق وفاقی وزراء بھی نواز شریف اور شہباز شریف کی ملاقات میں شریک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 34

سمیت دیگر کے خلاف آفیشل سیکریٹ ایکٹ کا مقدمہ درج کر کے ملوث عناصر کو آفیشل سیکریٹ ایکٹ کے تحت سخت سزائیں دینے کا فیصلہ بھی کرلیا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے وفاقی وزارت داخلہ کے سیکرٹری یوسف نسیم کھوکھر کی مدعیت میں سائفر گمشدگی کا مقدمہ سنگین آفیشل سیکریٹ ایکٹ 1923 کی دفعہ 5،9 پی پی سی سیکشن 34 کے تحت درج کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 35

انہوں نے آئندہ عام انتخابات اور نئی مردم شماری سے متعلق اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل نے اتفاق رائے سے مردم شماری کی منظوری دی اور کونسل میں پیپلز پارٹی کی نمائندگی بھی تھی۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ اس مردم شماری پر پوری قوم کو اعتماد ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

نے کہا ہے کہ امن امان کی بحالی اور سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو موثر حکمت عملی اپنانا ہوگی خاص طور سے پولیس کو روایتی پولیسنگ سے ہٹ کر جدت کے ساتھ سمارٹ پولیسنگ کی جانب جانا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہسپتال منتقل کر دیے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کانگو وائرس کے متاثرہ 2 مریض ہسپتال لائے گئے جن میں 1 خاتون شامل ہیں دونوں مریضوں کے خون کے ٹیسٹ کی رپورٹ میں تصدیق ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

جھلس کر جاں بحق ہو گئے ہیں، حادثے میں 18 افراد جھلس کر جاں بحق ہیں جبکہ 15 افراد زخمی ہو گئے ہیں جن ہیں طبی امداد کیلئے اسپتال روانہ کر دیا گیا ہے، زخمیوں میں سے بیشتر کی حالت نازک بتائی جارہی ہے آئی جی موٹروے نے پنڈی بھٹیاں کے قریب موٹروے ایم ٹو پر ہولناک بس حادثہ پر ایکشن لیتے ہوئے غفلت اور لاپرواہی پر 9 اہلکاروں کو معطل کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نیئر بخاری نے کہا کہ انتہا پسندوں نے گھناؤنا جرم کیا، اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جلایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسند ذہنیت نے جبر کیا، پیپلز پارٹی مزمت کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

میں موجود عملہ روزانہ کی بنیاد پر کئے جانے والے ٹیسٹ کی تفصیلات فراہم نہ کر سکا۔

بقیہ بقیہ جات 41

ایس پی بٹالہ کالونی سرکل تعینات کر دیا، اچھی شہرت کے حامل مایہ ناز پولیس آفیسر حاجی ناصر عباس 2000ء میں تھانہ بٹالہ کالونی میں بطور ایس ایچ او سمیت ضلع بھر میں کلیدی عہدوں پر اپنے فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

مشاہدات بارے بریفنگ دیں۔ آئی جی پنجاب نے سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کو اسٹیٹ آف دی آرٹ تھانہ مزنگ لاہور کا وزٹ کروایا، زیر تربیت افسران نے فرنٹ ڈیسک، پولیس اسٹیشن ریکارڈ مینجمنٹ سمیت آپریشنز اور انویسٹی گیشن شعبوں کی عملی ورکنگ دیکھی۔ سندھ پولیس کے ڈی ایس پیز نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ راجہ رفعت مختار اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ہمایوں بشیر تارڑ کو سندھ کی روایتی اجرک اور ثقافتی ٹوپیاں پہنائیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے زیر تربیت ڈی ایس پیز کو پروفیشنل کیریئر میں کامیابی کے لئے ہدایات دیں، انہوں نے کہا کہ نوجوان افسران کی جانب سے پیش کی گئی پریزینٹیشن انکے گہرے مشاہدے اور فیلڈ ڈیوٹی کے چیلنجز کی عکاس ہیں، آئی جی پنجاب نے نوجوان پولیس افسران کو باقی ماندہ ٹریننگ مزید محنت و دلجمعی سے مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم کے قلع قمع کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کریں۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت کی کہ معاشرے سے انسداد جرائم کے ساتھ ساتھ شہریوں کو پبلک سروس ڈیلیوری کی باآسانی فراہمی کو اپنا نصب العین بنائیں

بقیہ بقیہ جات 43

کرنے کے الزام میں گرفتار 116 ملزمان کا پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ دے دیا۔تفصیل کے مطابق گزشتہ روز سٹی جڑانوالہ پولیس نے جڑانوالہ واقعہ میں ملوث گرفتار ہونیوالے 116 ملزمان کو انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے ڈیوٹی جج کی عدالت میں پیش کر کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی، جس پر ڈیوٹی جج نے مذکورہ ملزمان کا پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

یہ ثابت کیا کہ دنیا مسلمانوں کیساتھ انصاف نہیں کر رہی۔ انتہائی دائیں بازو کے ایک ڈچ کارکن نے جمعے کے روز دی ہیگ میں ترک سفارت خانے کے باہر مظاہرے میں قرآن پاک کے ایک نسخے کو روند ڈالا جس سے درجنوں مخالف مظاہرین مشتعل ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کو حقائق مسخ کرنے، لاش بغیر پوسٹ مارٹم دفنانے پر نامزد کیا جائے گا۔ڈی آئی جی جاوید جسکانی نے کہا کہ حویلی سے تمام بچوں کو فوری ریسکیو کر کے ان کے گھروں کو بھجوانے کے احکامات جاری کر دیے ہیں جبکہ حویلی میں پولیس کیمپ قائم کر کے تمام مردوں کے ڈی این اے سیمپل لیے جائیں گے

بقیہ بقیہ جات 46

پنجاب اسمبلی سید علی عمران رضوی اور پاکستان ریلویز کے سینئر آفیسر سید علی رضوان رضوی کے والد ،سابق صوبائی وزیر سید اختر حسین رضوی اور سابق ایڈیشنل سیکرٹری پنجاب اسمبلی سید تجمل حسین رضوی کے بھائی اور ڈی آئی جی پولیس (آپریشنز)لاہور سید علی ناصر رضوی کے تایا تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مومن پورہ قبرستان نزد لکشمی چوک لاہور میں ادا کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 47

گریڈ 21 کے ایڈیشنل سیکرٹری برائے وزارت صنعت و پیداوار مومن آغا کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری انچارج وزارت پٹرولیم تعینات کر دیا گیا ہے' مومن آغا ایک انتہائی قابل اور محنتی آفیسر کی شہرت رکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

کی علامت جماعت ہے، اس کی آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں میں جڑیں ہیں، ان شا اللہ آئندہ عام انتخابات میں پنجاب میں بھی بھرپور کامیابی حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کا فیصلہ ہے کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں مضبوط امیدوار میدان میں اتارے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں 270 افراد کو ممبر شپ دینے کے معاملے پر بھی شکوک وشبہات کا اظہار کیا گیا ہے۔ آن لائن کو موصول آڈٹ دستاویزات کے مطابق اسلام آباد کلب انتظامیہ نے ممبر شپ کے خواہشمند سرکاری و ریٹائرڈ افسران ، پارلیمینٹیرنز اور نجی شخصیات سے داخلہ فیس کی مد میں 8 کروڑ 37 لاکھ روپے سے زائد وصول کئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

ضلع بھر کے ترقیاتی منصوبوں پیش کئے جس پر میاں شہباز شریف نے فیسبلٹی رپورٹ طلب کر لی، مصطفی آباد رورل ہیلتھ سنٹر کو اپ گریڈ کروانے اور میٹرو بس سروس کو مصطفی آباد تک منظور کروانا ملک احمد سعید کا مصطفی آباد سے محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے، ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کے صدر چوہدری اصغر علی نے اپنے ایک بیان میں کیا، انہوں نے مزید کہا کہ ملک برادران نے مصطفی آباد کے علاوہ ضلع بھر کے لئے ترقیاتی منصوبوں کو میاں شہباز شریف کے سامنے پیش کیا ہے جس میں ضلع قصور میں ٹیکنیکل یونیورسٹی کا قیام ، دانش اسکول کا قیام، رورل ہیلتھ سنٹر مصطفی آباد آپ گریڈ، لاہور تا مصطفی آباد میٹرو بس سروس، مصطفی آباد 50 کلومیٹر روڈز، کھڈیاں پارک ، کھڈیاں میں سو بیڈ پر مشتمل ہسپتال ، کھمھ متا جونیکی ڈرین قابل ذکر ہیں، کھڈیاں جلسہ میں شہباز شریف کو پیش کئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 51

ہوئے کہا ہے کہ شوال میں غریب مزدوروں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا بربریت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شوال میں ہونے والی بربریت میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ایئرپورٹ اور راستے بھر جگہ جگہ کارکنان نے جلوس پر گل پاشی کی ، ایک بڑے جلوس کی صورت میں چوہدری سرور کا قافلہ مزار قائد روانہ ہوا۔ جلوس میں سینکڑوں گاڑیاں، موٹر سائیکل، بسیں اور ویگنیں شامل تھیں۔مزار قائد پہنچ کر مسلم لیگی راہنماؤں نے حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ بقیہ جات 53

ٹرانسپورٹ عام عوام کے لیے بڑے ریلیف کا باعث ہے۔ اورنج لائن میٹرو ٹرین میں روزانہ کی بنیاد پر ایک لاکھ سے زائد لوگ سفر کرتے ہیں۔ لوگوں کو ہرممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ عوام کو فراہم کی جانے والی سفری سہولیات کے حوالے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ صوبائی وزیر ابراہیم مراد نے انارکلی میٹرو سٹیشن پر آٹومیٹک ٹکٹ مشین خراب ہونے کا نوٹس لیا اور افسران کی سخت سرزنش کی۔ ابراہیم مراد نے سٹیشن پر موجود ایک معذور شخص کی شکایات سنیں اور ازالے کا فوری حکم بھی دیا۔صوبائی وزیر نے ٹکٹوں کے حصول کے لئے قطاروں میں لگے عام عوام سے بھی مسائل بارے دریافت کیا اور خود اورنج لائن میٹرو ٹرین پر انارکلی میٹرو اسٹیشن سے ریلوے میٹرو اسٹیشن تک کا سفر بھی کیا۔ صوبائی وزیر ابراہیم مراد نے لوری اڈہ لاہور کا دورہ بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 54

وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر بہترین طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں بس کمپنی مالکان کی جانب سے گاڑیوں کی فیٹنس کا بلکل خیال نہیں رکھا جاتا۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ہمیں ایسا لائحہ عمل بنانے کی ضرورت ہے جس کے تحت کسی بھی ان فٹ بس یا ویگن کو پنجاب و دیگر صوبوں کی حدود میں داخل ہوتے وقت روکا جائے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں روزمرہ کی بنیاد پر گاڑیوں کی فیٹنس چیک کرنے والے میکینک حضرات بھی زیادہ تر قابل نہیں ہوتے۔ لمبے رُوٹ پر سفر کرنے والی تمام گاڑیوں کی فیٹنس 100 فیصد ہونی چاہیے۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ آج موٹروے پر ہونے والے 18 قیمتی جانوں کے نقصان پر بہت افسوس ہوا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ صبح قریب 4 بجے شہزادہ کمپنی کی بس 33 سواریوں کے ہمراہ کراچی سے اسلام آباد جارہی تھی کہ شورٹ سرکٹ کے باعث بس میں آگ لگ گئی جس کے باعث بس ویگن سے جاٹکرائی جس میں ڈیزل و پیٹرول لے جایا جارہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہو۔ ایک انٹرویو میں فردوس عاشق نے بتایا کہ شعیب ملک کی شادی پر انہوں نے سونے کا تاج کرکٹر کو تحفے میں دیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ شعیب نے جس کلب کے ساتھ کرکٹ کا آغاز کیا وہ میرے عزیز کا تھا، انہوں نے ہی شعیب کو شعیب ملک بنایا، کرکٹر کے پاس کٹ نہیں ہوا کرتی تھی، میرے عزیز نے اسے کٹ دی پھر اسے کلب لائے، ٹریننگ اور کوچنگ سب انہوں نے کروائی۔

بقیہ بقیہ جات 56

رپورٹ کے مطابق پی ڈی ایم کے دورِ حکومت میں روپے کی قدر ڈالر کے مقابلے میں 58 فیصد کم ہوگئی، 11 اگست 2022 کو ڈالر 182 روپے 93 پیسے کا تھا جو کہ رواں برس 9 اگست کو 289 روپے کا ہوگیا، اس روز شہباز شریف بطور وزیراعظم اپنے عہدے سے سبکدوش ہوگئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 57

اضافے کا خواب چکنا چور ہوگیا۔ بھارتی وزارت دفاع کے ماتحت ادارے کا تیار کردہ ڈرون آزمائشی پرواز کے دوران ہی ایک کھیت میں گر کر تباہ ہوگیا۔ خوش قسمتی سے حادثے کے وقت کھیت میں کوئی کسان موجود نہیں تھا۔

بقیہ بقیہ جات 58

کی روایتی غفلت کا بھی شاخسانہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا اس موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی چودھری بلال ورک نے کہا کہ انتظامیہ عوام کے جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے

بقیہ بقیہ جات 59

میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں سیکرٹری توانائی اور ایم ڈی این ٹی ڈی سی اسلام آباد تا داسو ڈبل سرکٹ ٹرانسمشن لائن کی تعمیر پر بریفنگ دیں گے جبکہ ایم ڈی پیپاک توانائی کے شعبوں میں جاری منصوبوں پر بریفنگ دیں گے

بقیہ بقیہ جات 60

حل کرنے کیلئے فکر مند ہوتی ہیں اور ان کی مکمل طور پر کوشش ہوتی ہے کہ عوام کے مسائل آسانی سے حل کئے جائیں اس ضمن میں جدید ترین ٹیکنالوجی اور میکانزم کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

جلدی لیتے ہیں لیکن جنہوں نے ہمیں 65 اور 71 کی جنگوں میں دھکیلا جن لوگوں نے پاکستان کو توڑا 90 ہزار قیدی بھی ہم سیاستدان چھڑا کر آتے ہیں اس پر بولتے ہوئے صحافی ڈرتے ہیں انگلیاں صرف سیاستدانوں پر اٹھائی جاتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جیکب آباد کی تحصیل ٹھل میں پیپلز پارٹی کے رہنما سابق رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر سہراب سرکی سے بھائی کی وفات پر تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

پختونخوا و گلگت بلتستان کے مابین سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور سیاحتی شعبہ کی ترقی کیلئے خیبر پختونخوا کے شمالی علاقہ جات سے گلگت بلتستان تک سیاحوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے مشترکہ اقدامات اٹھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

پر چلا جائے تو کوئی حکومت گردشی قرضہ کنٹرول نہیں کرسکتی۔ انہوں نے کہا کہ 16 مہینے میں شہباز شریف بطور وزیراعظم نواز شریف کو نہیں لا سکے اب خود بھی ان کے پاس لندن چلے گئے ہیں، دبئی اور لندن میں ہونے والی ساری سیاسی بیٹھکیں بے نتیجہ ثابت ہوئی ہیں اور سارے ٹھنڈے ٹھار ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جڑانوالہ واقعہ نے ساری دنیا کے میڈیا میں پاکستان کو رسوا کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

جانب سے باہمی جرگہ کے ذریعے واقعہ دبانے کی کوشش پولیس نے ناکام بنادی، مقدمہ درج ایک درندہ گرفتار دوسرے کی گرفتاری کے لیے پولیس کے چھاپے جاری، عوامی حلقوں میں شدید غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی ملزمان سمیت جرگہ داروں کو بھی گرفتار کرنے اور مقدمہ میں دہشت گردی کا دفعہ شامل کرنے کا مطالبہ۔

بقیہ بقیہ جات 65

لنک 11 ارب روپے کے منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے جسے 90 روز میں مکمل کیا جائے گا۔ گوجرانوالہ تا شیخوپورہ دورویہ روڈ کی تکمیل سے اب اسلام آباد موٹروے سے گوجرانوالہ لنک ہو چکا ہے۔ یونیورسٹی آف گوجرانوالہ کی بھی منظوری دی جاچکی ہے اور اس سال ایک ارب روپے مختص کئے جائیں گے۔ حافظ آباد روڈ، وزیر آباد سمبڑیال روڈ، پسرور روڈ سمیت دیگر اہم شاہراؤں کی تعمیر کا کام بھی تیزی سے جاری ہے۔ گوجرانوالہ شہر کے وسط سے گزرنے والی جی ٹی روڈ کو سگنل فری روڈ بنانے کیلئے منصوبے کی بھی منظوری جلد متوقع ہے جس سے شہر میں ٹریفک کا نظام بہتر ہوگا اور شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا گا۔ وزیر آباد میں 2 مخیر حضرات کے تعاون سے 20 کروڑ روپے سے ڈی پی ایس اسکول کا سنگ بنیاد 14 اگست کے روز رکھ دیا گیا ہے جس سے ضلع وزیر آباد کے طلبہ کو اعلیٰ معیار کی تعلیمی سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 66

اور تقریبا 24 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ڈپٹی کمشنر کے مطابق راولپنڈی میں 2500 سے زائد مقامات سے بڑی تعداد میں ڈینگی لاروا برآمد ہوا ہے۔ ہاٹ اسپاٹ ایریاز میں چک جلال الدین، دھاماں سیداں، اڈیالہ روڈ اور راولپنڈی کینٹ کے کئی علاقے شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ڈینگی سے متاثرہ علاقوں میں اسپرے اور فوگنگ کا عمل جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

کرکے ان کے قبضے سے 9.1 کلو گرام میتھم فیٹامائن، نشہ آور منشیات شبو کی بھاری مقدار ضبط کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 68

آف پولیس (ایس ایس پی) روحیل کھوسو کے مطابق ڈی این اے کیلئے حویلی کے 4 ملازموں کے خون کے نمونے لے لیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حویلی میں مالکان، نوکروں اور آنے جانے والے دیگر مردوں کی لسٹ تیار کرلی گئی ہے اور سب کے ڈی این اے کرائے جائیں گے۔ ایس ایس پی کے مطابق پولیس کو تفتیش کے دوران کسی قسم کی مزاحمت کا سامنا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حویلی میں کام کرنے والی بچیاں محصور ہیں اور باہر نکلنا چاہتی ہیں

بقیہ بقیہ جات 69

انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ نے کیا، تقریب میں قونصل جنرل آف اومان، قونصل جنرل آف سری لنکا و دیگر نے بھی شرکت کی۔ گورنر سندھ نے تقریب میں شریک تھیلیسیمیا میں مبتلا کمسن بچی کو گلدستہ پیش کیا۔ گورنر سندھ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوسروں کے لئے سوچنے والے سے اچھا کوئی انسان نہیں ہوتا۔ تقریب کے انعقاد پر پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 70

حکم پر ایم ایس شاہ بھٹائی کی سربراہی میں 4 رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 71

محنت کش ظفر اقبال اپنی اہلیہ کے ہمراہ گھر سے باہر گیا ہوا تھا کہ اسی دوران اس کی بہن نے علی رحمان کو گلا دبا کر ابدی نیند سلادیا، تھانہ سٹی ایس ایچ او اور اے ایس آئی خضر حیات پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوع پر پہنچ کر ڈیڈ باڈی کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال عارفوالا منتقل کر دیا۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 72

کردیا۔ پولیس کے مطابق حسنین کے اغواء کا مقدمہ گزشتہ روز تھانہ سندر میں درج ہوا تھا۔ مقتول حسنین کے جسم پر تشدد کے نشانات موجود ہیں۔ پولیس کے مطابق حسنین ڈوب کر جاں بحق ہوا یا اسے قتل کیا گیا تحقیقات جاری ہیں۔ پوسٹمارٹم اور تفتیش کے بعد حقائق معلوم ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 73

لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 74

والد مبینہ طور پر پاکستان پہنچ کر روپوش ہوگیا ہے لڑکی کے والد پاکستان میں مقیم اپنے رشتے داروں سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، تاہم ملک عرفان کی تلاش جاری ہے۔ ملک عرفان کے بھائی ملک عمران نے کہا کہ ملک عرفان بیٹی کی موت کے بعد پاکستان آ گیا تھا۔ سارہ شریف کو قتل نہیں کیا گیا بلکہ سارہ سیڑھیوں سے گر کر جاں بحق ہوئی تھی۔ لاش ملنے سے ایک روز قبل سارہ کو جاننے والے 3 افراد پاکستان منتقل ہو گئے تھے۔ پولیس پاکستان جانے والے ان تین افراد میں سے سارہ شریف کے قتل پر معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 75

ہونے کا خدشہ ہے۔لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے 36 کشتیاں فراہم کی جاچکی ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران قریشی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1420 شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاچکا ہے، مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے بھرپور تعاون کیا جارہا ہے ،سیلابی پانی سے 30448 ایکڑ اراضی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 76

حکومت کے دوران ڈالر اور پیٹرولیم مصنوعات کی بے قابو اڑان کی وجہ سے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کو شدید مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ پی آئی اے کو پرزے خریدنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پی آئی اے کے طیارے گراؤنڈ ہوتے گئے مگر ان کی مرمت کے لیے پرزوں کی خریداری نہ ہوسکی اور مرمت کی غرض سے پہلے سے گراؤنڈ کئے گئے طیارے بھی اڑنے کے قابل نہ بنائے جاسکے ۔سرکاری دستاویزات کے مطابق پی آئی اے کے تین بوئنگ 777 طیارے گراؤنڈ ہیں جن میں سے دو طیارے سال 2020 میں گراؤنڈ کئے گئے اس کے بعد ایک طیارہ سال 2021 میں گراؤنڈ کردیا گیا۔اس طرح A320 کے 5 طیارے گراؤنڈ ہیں جن میں سے دو سال 2021 میں اور 3 طیارے 2023 میں گراؤنڈ کردیئے گئے ۔ATR کے 3 طیارے گراؤنڈ ہیں جن میں سے ایک طیارہ 2020 میں ایک طیارہ 2022 اور ایک طیارہ 2023 میں گراؤنڈ کردیا گیا تھا۔یہ تمام طیارے پرزوں کی خریداری کے لیے پیسے نہ ہونے کی وجہ سے گراؤنڈ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 77

درج کیا اور ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے حوالے انوسٹی گیشن ونگ کیا گیا ہے

بقیہ بقیہ جات 78

برطرف کیا جانا چاہئے تھا۔ جڑانوالہ میں حکومتی امدادی کارروائیاں برائے نام ہیں۔ حکومت نے چرچ اور گھروں کی بحالی میں تاخیر کی تو قوم آگے آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں مسیحی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کیا۔ سربراہ ایم ڈبلیو ایم کا کہنا تھا کہ سانحہ جڑانوالہ سے وطن عزیز کے جسم پر گہرا زخم لگایا گیا۔ سانحہ جڑانوالہ نے قوم کا سر شرم سے جھکا دیا ہے۔ قوم مسیحی برادری کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ عوام کے جان و مال کی حفاظت ریاست اور حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ ملک کا ہر شہری پاکستانی اور برابر کے حقوق رکھتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 79

ہیلتھ کونسل کے بجٹ کو ہسپتال کی بہتری کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی کی شکایات پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران ہسپتال میں بیڈز کی کمی کو فی الفور پورا کرنے سمیت ادویات کی دستیابی و فراہمی جبکہ واش رومز کی حالت کو مزید بہتر بنانے کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 80

کے مطابق فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار سمیت 3 افراد زخمی ہوئے، لاشوں اور زخمیوں کو تعلقہ ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ اس واقعے سے متعلق ایس ایس پی امجد شیخ نے کہا کہ فائرنگ کے بعد حملہ آور فرار ہوگئے جن کی تلاش جاری ہے۔ ایس ایس پی کے مطابق واقعہ مہر اور معرفانی قبائل میں پرانی دشمنی پر پیش آیا۔

بقیہ بقیہ جات 81

بن کر داد سمیٹنے میں مصروف ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ایک ویڈیو شیئر کی گئی جس میں ایک بلی کو بلب سیٹ کرتا دیکھا جاسکتا ہے، بلی فریج پر چڑھ کر چھت کیساتھ لگے بلب کو جلانے کی کوشش کر رہی ہے، بلب کے نہ جلنے پر بلی اسے بار بار چھیڑ کر چیک کرتی ہے۔ بلی کی اس حرکت پر جہاں وہاں موجود نوجوان اپنی ہنسی پر قابو نہیں رکھ سکا وہیں سوشل میڈیا صارفین بھی اپنی ہنسی نہیں روک پا رہے۔

بقیہ بقیہ جات 82

ایف شرائط پر عملدرآمد سے عوام کی قوت خرید، سرمایہ کاری اور برآمدات میں مزید کمی آئے گی' غربت میں اضافہ ہوگا۔ پیٹرولیم مصنوعات، بجلی اور گیس کی قیمتیں بڑھانے سے بجٹ خسارہ پورا نہیں ہوگا بلکہ ملک وقوم مزید تنزلی کی طرف بڑھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بجلی پیٹرول کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے کے خلاف شہر بھر میں ہونے والے احتجاجی مظاہروں کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈوکیٹ نے کہا کہ ملک میں حقیقی اپوزیشن اور عوامی نمائندہ پارٹی کا کردار صرف جماعت اسلامی ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی کے طوفان نے غریب کی کمر توڑ کر رکھی ہے، پیٹرول کے حالیہ اضافے سے صنعتیں بند ہوں گی' پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیا خورونوش کی قیمتیں مزید بڑھیں گی' ایسے حالات میں اگر بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں اسی طرح بڑھتی رہیں تو اس کے نتائج نہ صرف کم اور متوسط آمدنی والے طبقے بلکہ کاروباری طبقے کے لیے بھی سنگین ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 83

سول لائن ایس ایچ او۔ وسیم خان۔ اے۔ ایس آئی اعجاز۔اور اے ایس آئی ندیم ڈی آئی جی آپریشن سید ناصر علی رضوی کو اپنی کارکردگی دکھانے کے لئے روزانہ مختلف ہوٹلوں کے خلاف جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات درج کئے جا رہے ہیں ہوٹلوں میں دوران چھاپہ قیمتی اشیا بھی چوری کئے جانے کا انکشاف۔۔ دوران احتجاج مالکان نے بتایا کہ اے ایس آئی۔ اعجاز کئی سالوں سے تھانہ سول لائن میں تعینات ہے اور تبدیل ہونے کے چند روز بعد دوبارہ تعینات ہوجاتا ہے ان کا کہنا ہے کہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کو جوڑا ثابت کر کہ 71۔اے۔اور۔ 71۔بی کے مقدمات درج کر لئے جاتے ہیں کئی مالکان نے ہائی کورٹ میں پولیس کے خلاف ریڈ کر دی ہے دوسری جانب۔ ہوٹل مالکان نے وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور۔ سی سی پی او لاہور۔ بلال صدیق کمیانہ۔ اور ڈی آئی جی آپریشن سید ناصر علی رضوی سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے ان کرپٹ سول لائنز کے اہلکاروں کے خلاف فوری کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 84

لائنز حسن رضا نے آپریشن کا کہا ہے۔ ان کے کہنے پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 85

دیتے ہوئے بتایا کہ مجھے حساس ادارے کی جانب سے 7 کے قریب ہوٹلوں کے خلاف آپریشن کا کہا گیا ہے۔ اگر جو اہلکار چوری کرتا ہے اس کے خلاف درخواست دیں ہم کاروائی کریں گے۔۔ میرے اہلکار خود ہی چھاپے مارتے ہیں ۔میں چیک کرتا ہوں۔

آئی جی پنجاب کے احکامات، صوبہ بھر کے 35 ڈی ایس پیز کے تقرر و تبادلے

آئی جی پنجاب سے سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کی سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات، آئی جی نے ڈی ایس پیز کو اسٹیٹ آف دی آرٹ تھانہ مزنگ لاہور کا وزٹ کروایا

سندھ پولیس کے ڈی ایس پیز نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ راجہ رفعت مختار اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ہمایوں بشیر تارڑ کو سندھ کی روایتی اجرک اور ثقافتی ٹوپیاں پہنائیں

فیصل آباد (آن لائن) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فیصل آباد ریجن کے 9 ڈی ایس پیز سمیت صوبہ بھر کے 35 ڈی ایس پیز کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کر دیے۔ تبدیل ہونے والوں میں ڈی ایس پی انوسٹی گیشن ون حاجی ناصر عباس کو ڈی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

لاہور (خبرنگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی، سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز نے آئی جی پنجاب اور سینئر پولیس افسران کو اپنی تربیت و فیلڈ اٹیچمنٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سندھ پولیس کے زیرتربیت ڈی ایس پیز سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ کا لاری اڈہ کا دورہ، مسافر پھٹ پڑے، ناقص انتظامات پر اظہار برہمی

انارکلی میٹرو سٹیشن پر آٹو میٹک ٹکٹ مشین خراب ہونے کا نوٹس، افسران کی سخت سرزنش کی، بس حادثے کے ذمہ داران کو مکمل تحقیقات کے بعد کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا

لوگوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، عوام کو فراہم کی جانے والی سفری سہولیات کے حوالے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ، لائیو سٹاک، مائن و معدنیات پنجاب ابراہیم مراد نے اورنج لائن میٹرو ٹرین کے انارکلی سٹیشن کا دورہ کیا اور تمام انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ابراہیم مراد کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں پبلک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد نے ایم 4 موٹروے پر ہونے والے بس حادثے کا نوٹس لے لیا۔ بس حادثے کے ذمہ داران کو مکمل تحقیقات کے بعد کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا۔ حادثے میں زخمی ہونے والے 12 افراد کو نگران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

لاہور: صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ابراہیم مراد لاری اڈا لاہور کے موقع پر حالات کا جائزہ لے رہے ہیں

کرسچین کالونی میں گھروں اور گرجا گھروں کو نذر آتش کرنے کے الزام میں گرفتار 116 ملزمان کا پانچ روزہ ریمانڈ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی کی عدالت کے ڈیوٹی جج راجہ شاہد ضمیر نے سانحہ جڑانوالہ کرسچین کالونی میں گھروں اور گرجا گھروں کو نذر آتش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

سندھ کے عوام نے محبت کا حق ادا کر دیا، مایوس نہیں کریں گے، چوہدری سرور

آج ثابت ہو گیا پاکستان مسلم لیگ ق سندھ کی بڑی سیاسی قوت ہے، غلام مصطفی ملک

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی چیف آرگنائزر چوہدری سرور اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفی ملک کے کراچی پہنچنے پر صوبائی صدر طارق حسن، کنور ارشد، سید فیضان انیس، خرم شاہد میو ایڈووکیٹ، محمد رئیس، حنیف وارثی و دیگر رہنماؤں نے کراچی ایئرپورٹ پر استقبال کیا اور کارکنان جلوس کی صورت میں مرکزی قیادت کو مزار قائد لے کر گئے، مسلم لیگی راہنماء چوہدری انصر، انیلہ چوہدری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

شادی کے بعد شعیب کے سسرال پہنچتے ہی میں نے اسے کہا پھر بڑا برا پھنسے ہو، فردوس عاشق

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سابق وفاقی وزیر اور استحکام پاکستان پارٹی کی ترجمان فردوس عاشق اعوان نے قومی کرکٹ ٹیم کے اسٹار آل راؤنڈر شعیب ملک کی شادی سے متعلق بتایا ہے کہ شادی کے بعد شعیب کے سسرال پہنچتے ہی میں نے اسے کہا پھر بڑا برا پھنسے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

شوال میں غیر مزدوروں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا بربیت ہے، بلاول

عوام کی جان و مال کے تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے، جنوبی وزیرستان میں روڈ پر نصب بم دھماکہ کی مذمت

پاکستان میں امن خراب کرنے کی سازشیں کامیاب نہیں ہونگی، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جنوبی وزیرستان میں روڈ پر نصب بم دھماکہ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

پشاور: گورنر خیبرپختونخواہ حاجی غلام علی سے گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تقرر و تبادلے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تقرر و تبادلے کئے گئے ہیں' ایڈمنسٹریٹو سروس کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

سابق سیشن جج سید اعجاز حسین رضوی انتقال کر گئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) سابق سیشن جج سید اعجاز حسین رضوی انتقال کر گئے۔ مرحوم سید اعجاز حسین رضوی سیکرٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

عالمی عدالت انصاف کے شہر میں قرآن پاک کی بے حرمتی کا مکروہ فعل

واقعے نے ثابت کیا کہ عالمی عدالت دنیا مسلمانوں کیساتھ انصاف نہیں کر رہی، رپورٹ

دی ہیگ (نیوز ڈیسک) عالمی عدالت انصاف ایک ایسی عدالت ہے جو دنیا کے پیچیدہ ترین مقدمات کے حل کے لیے پناہ گاہ سمجھی جاتی ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق اس وسیع دنیا میں انصاف کی ایک شکل انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس ہے۔ یہ عدالت ہالینڈ کے شہر دی ہیگ میں واقع ہے جہاں حال میں ایک سر پھرے ڈچ انتہا پسند مسلمانوں کی مقدس کتاب قرآن پاک کو چاک کیا۔ اس واقعے نے عدالت انصاف کے قریب نفرت کا اظہار کر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

رانی پور ملازمہ ہلاکت کیس میں نیا موڑ، بچی سے جنسی زیادتی کا بھی خدشہ

حویلی میں پولیس کیمپ قائم کرکے تمام مردوں کے ڈی این اے سیمپل لیے جائیں گے، جاوید جسکانی

خیرپور (نیوز ڈیسک) رانی پور میں پیر اسد شاہ کی حویلی میں کام کرنے والی کمسن ملازمہ کی تشدد سے ہلاکت کی تحقیقات کے دوران پولیس نے بچی کے ساتھ جنسی زیادتی کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ ڈی آئی جی سکھر جاوید جسکانی نے بتایا کہ میڈیکل بورڈ نے فاطمہ پر جسمانی تشدد کی تصدیق کی ہے اور بچی کے ساتھ جنسی زیادتی کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ جاوید جسکانی کے مطابق تفتیش میں شامل سابق ایس ایچ او رانی پور، ہیڈ محرر، ڈاکٹر اور کمپاؤڈر کا بھی ریمانڈ لینے کا فیصلہ کیا ہے، ملزمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

بھارت کا ڈرون ٹیکنالوجی میں مہارت کا خواب چکنا چور؛ ٹرائل بری طرح ناکام

بھارتی فوج نے ڈرون ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرنے کے بلند و بانگ دعوے کیے تھے، رپورٹ

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بھارتی ریاست کرناٹک میں جنگی استعمال کے لیے تیار کردہ بغیر پائلٹ والا ڈرون ٹرائل کے دوران ایک کھیت میں گر کر تباہ ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ ڈرون ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن نے مقامی سطح پر تیار کیا تھا۔ بھارتی فوج نے ڈرون ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کرنے کے بلند و بانگ دعوے بھی کیے تھے۔ تاہم بھارت کا ڈرون ٹیکنالوجی میں مہارت اور اس کے جنگی استعمال سے فوجی استعداد میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

پی ڈی ایم کے دورِ حکومت میں گاڑیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ریکارڈ

کراچی (نیوز ڈیسک) گاڑیوں کی طلب میں کمی کے پیش نظر صارفین کی دلچسپی پر منفی اثر ڈالنے والے مختلف مسائل پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کی مسلسل سرزنش کے باوجود اسمبلرز نے گزشتہ 16 ماہ کے دوران گاڑیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا۔ میڈیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

سانحہ جڑانوالہ کے ملزمان کو نشانِ عبرت بنایا جائے، چودھری بلال ورک

افسوسناک واقعے کی سپریم کورٹ کے ججز سے صاف شفاف تحقیقات کروائی جائیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ق) کے رہنما و سابق تحصیل ناظم چودھری بلال ورک نے کہا ہے کہ قرآن کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے مگر مذہب کی آڑ میں نقص امن کو خراب کرنا اسلام کا پیغام نہیں قرآن مجید شہید کرنے اور مسیحی املاک کو نقصان پہنچانے والے تمام افراد کو قانون کی گرفت میں لانا ہوگا اور سانحہ جڑانوالہ کے افسوسناک واقعے کی سپریم کورٹ کے ججز سے صاف شفاف تحقیقات کروائی جائیں اور ملزمان کو نشانِ عبرت بنایا جائے جبکہ واقعہ انتظامیہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

توانائی منصوبوں میں کرپشن اور تاخیر سینیٹ قائمہ کمیٹی توانائی کا اجلاس کل ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) توانائی کے منصوبوں میں کرپشن اور تاخیر، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس کل بروز منگل چیئرمین سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی سربراہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پیپلز پارٹی وفاق کی علامت جماعت، پنجاب میں بھی کامیابی حاصل کرینگے، فریال تالپور

آصف زرداری جلد لاہور آ کر عام انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے

جمیل منج کی فریال تالپور سے ملاقات، سیاسی صورتحال، پارٹی امور بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے پارٹی کی سینئر مرکزی رہنما فریال تالپور سے زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں مجموعی سیاسی صورتحال اور پارٹی امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ آئندہ عام انتخابات میں مشاورت سے مضبوط امیدوار میدان میں اتارے جائیں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

ن لیگ نے ہمیشہ ملک کی خدمت کی: چوہدری اصغر علی

ملک کیلئے کچھ کر گزرنے کے جذبے نے بھنور میں پھنسی کشتی کو کنارے لگایا

مصطفی آباد/للیانی (نامہ نگار) ن لیگ نے ہمیشہ مشکل حالات کے باوجود ملک کی خدمت کی، تحریک انصاف نے ملک کو ڈیفالٹ کے دھانے پر لا کھڑا کیا تھا، میاں شہباز شریف نے دن رات محنت، لگن اور ملک کے لئے کچھ کر گزرنے کے جذبے نے بھنور میں پھنسی کشتی کو کنارے لگایا، آنے والا دور مسلم لیگ ن کا دور اقتدار ہوگا، مسلم لیگ ن کا دور اقتدار ترقی و خوشحالی کا دور اقتدار ہوگا، کھڈیاں جلسہ کی کامیابی پر ملک برادران نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

فعالیت کی عدم موجودگی ملک کے تمام اداروں کا مشترکہ مسئلہ ہے، سینیٹر عبدالقادر

مختلف ایپس متعارف کروا کر ہم عوام کے مسائل کو بہتر انداز سے حل کر سکتے ہیں

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و رسورسز اور سیاسی و اقتصادی امور کے ماہر سینیٹر عبدالقادر نے کہا ہے کہ ریاست کا نظام احسن طریقے سے چلانے کے لئے اس کے تمام اداروں کو متحرک کردار ادا کرنا چاہئے فعالیت کی عدم موجودگی ملک کے تمام اداروں کا مشترکہ مسئلہ نظر آتا ہے ریاست عوام کی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے مختلف اداروں کا قیام عمل میں لاتی ہے تاکہ عوام کے مسائل کے حل میں حائل رکاوٹوں کو ختم کیا جاسکے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر عبدالقادر نے کہا کہ دنیا بھر میں حکومتیں عوام کے مسائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

کسی صحافی نے 40 سال کے مارشل لاء کی کبھی بات کی؟ سید خورشید شاہ

سیاستدانوں سے حساب مانگنے والے مارشل لاؤں کے 40 سال کا حساب کیوں نہیں مانگتے؟

جیکب آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید خورشید شاہ نے کہا ہے کہ سیاستدانوں سے 35 سال کا حساب مانگنے والے مارشل لاؤں کے 40 سال کا حساب کیوں نہیں مانگتے؟ کسی صحافی نے 40 سال کے مارشل لاء کی کبھی بات کی ہے؟ سیاستدانوں سے 35 سال کا حساب مانگا جاتا ہے جس میں ایٹم بم اور 73 کا آئین ملا، اسٹیل مل، پورٹس ملے، سوشل کام ہوئے، این ایف سی ایوارڈ سمیت صوبوں کو اختیارات اور خودمختاری دی گئی، صوبوں کے نام تبدیل کر کے قوموں کے نام سے رکھے گئے سیاستدانوں کا نام تو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

اسلام آباد: پیپلز پارٹی کی سینئر مرکزی رہنما فریال تالپور سے ملاقات کے موقع پر رانا جمیل منج گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد کلب ممبرشپ، سرکاری و ریٹائرڈ افسران، پارلیمنٹیرینز اور نجی شخصیات سے کروڑوں روپے وصول کئے جانے کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد کلب ممبرشپ، سرکاری و ریٹائرڈ افسران، پارلیمنٹیرینز اور نجی شخصیات سے کروڑوں روپے وصول کئے جانے کا انکشاف ہوا ہے، کلب ممبرشپ کیلئے دی جانے والی درخواستیں 1 ہزار سے تجاوز کر گئی ہیں، مینجمنٹ کمیٹی کی غیر موجودگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

نگران وزیراعلیٰ بلوچستان اپنے پہلے سرکاری دورہ پر سبی پہنچ گئے

الیکشن کمیشن کی گائیڈ لائن کے مطابق فرائض سرانجام دونگا، میر علی مردان خان ڈومکی

کوئٹہ/سبی (نیوز ڈیسک) نگران وزیراعلی بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی اپنے پہلے سرکاری دورہ پر سبی پہنچ گئے انکی ہدایت پر وی وی آئی پی موومنٹ کے دوران ٹریفک اور دکانوں کو بند نہیں کیا گیا سرکٹ ہاؤس سبی پہنچنے پر پرجوش والہانہ استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور اور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا، نگران وزیراعلیٰ کے اعزاز میں سرکٹ ہاؤس میں استقبالیہ تقریب بھی منعقد کی گئی جس میں عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی، نگران وزیراعلی کی جانب سے شرکاء کو کھل کر اپنے خیالات بیان کرنے کا موقع دیا گیا۔ شہریوں نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کے مشکور ہیں۔

گورنر گلگت بلتستان کی گورنر ہاؤس پشاور آمد، حاجی غلام علی سے ملاقات، دھماکے پر دلی رنج و غم کا اظہار، دلی ہمدردی کا اظہار

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ خیبرپختونخوا کے دورہ پر گورنر ہاؤس پشاور پہنچے اور گورنر خیبرپختونخوا حاجی غلام علی سے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور و دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں دونوں گورنرز کا خیبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

جیکب آباد: پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما خورشید شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

الیکشن کا معاملہ آئین سے زیادہ اقتصادی اور سیاسی بن گیا، شیخ رشید

16 مہینے میں شہباز شریف بطور وزیراعظم نواز شریف کو نہیں لاسکے خود بھی انکے پاس لندن چلے گئے

دبئی اور لندن میں ہونے والی ساری سیاسی بیٹھکیں بے نتیجہ ثابت ہوئی ہیں اور سارے ٹھنڈے ٹھار ہو گئے ہیں

لاہور (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ الیکشن کا معاملہ آئینی سے زیادہ اقتصادی اور سیاسی بن گیا ہے، اقتصادی اور معاشی حالات سنگین اور گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، مسئلہ عوام کو تکلیف دینا نہیں ریلیف دینا ہے، غریب کا چولہا نہیں چل رہا اور عوام کی مشکلات کم ہوتی نظر نہیں آ رہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر (ایکس) پر اپنے پیغام میں شیخ رشید نے کہا کہ اگر ایک مہینے میں ہی 37 روپے پٹرول کی قیمت بڑھ جائے، چینی اور آٹے کی فی کلو قیمت ایک ہو جائے اور بجلی کا بنیادی یونٹ 55 روپے فی یونٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پی آئی اے کے 11 ہوائی جہاز گراؤنڈ، 3 بوئنگ 777 بھی شامل

پی آئی اے کی خراب مالی حالت کی وجہ سے پرزے نہیں خریدے جاسکے جس سے طیارے مستقل گراؤنڈ ہونا شروع ہو گئے

پی ڈی ایم اتحادی حکومت کے دوران ڈالر اور پیٹرولیم مصنوعات کی بے قابو اڑان کی وجہ سے ایئر لائن کو شدید مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کے 11 ہوائی جہاز گراؤنڈ ہو چکے ہیں، گراؤنڈ جہازوں میں سے 3 بوئنگ 777 بھی شامل ہیں، جہاز مرمت کے لیے کھڑے کئے گئے مگر پی آئی اے کی خراب مالی حالت کی وجہ سے پرزے نہیں خریدے جاسکے جس سے طیارے مستقل گراؤنڈ ہونا شروع ہو گئے۔ اس خبر رساں ادارے کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق پی ڈی ایم اتحادی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

اوکاڑہ: دریائے ستلج میں سیلابی پانی یں گھرے متاثرین کو ریسکیو کیا جارہا ہے

دریائے ستلج میں سلیمانکی کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب، سطح میں مسلسل اضافہ

ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید نے انتظامی افسران کو فیلڈ میں رہنے کے احکامات دیئے

لاہور (آن لائن) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق دریائے ستلج میں سلیمانکی کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے اور پانی کی سطح میں مسلسل تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سلیمانکی کے مقام سے 1 لاکھ 22 ہزار کیوسک پانی کا ریلہ گزر رہا ہے، سلیمانکی کے مقام پر سیلاب سے ضلع اوکاڑہ کے 56 موضع جات متاثر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

سارہ شریف قتل کیس: برطانوی پولیس کا 3 افراد کی گرفتاری کیلئے پاکستان سے رابطہ

لاش ملنے سے ایک روز قبل سارہ کو جاننے والے 3 افراد پاکستان منتقل ہو گئے تھے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم برطانیہ کے علاقے ووکنگ میں 10 سال کی بچی سارہ شریف کے قتل کے حوالے سے برطانوی پولیس نے کیس میں مطلوب 3 افراد کی حوالگی کے لیے پاکستانی حکومت سے رابطہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق برطانوی پولیس نے جاں بحق ہونے والی بچی کے والد سمیت 3 افراد کی تلاش شروع کر رکھی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ لڑکی کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

کوٹ لکھپت اور کیمپ جیل میں دو قیدی انتقال کر گئے

دونوں قیدیوں کو طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا، جانبر نہ ہو سکے

لاہور (کرائم رپورٹر) کوٹ لکھپت اور کیمپ جیل میں دو قیدی انتقال کر گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق کوٹ لکھپت جیل کا 55 سالہ قیدی دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ جاں بحق ہونے والا قیدی قتل کے مقدمہ میں قید تھا۔ کیمپ جیل کے قیدی 47 سالہ جمعہ خان کو طبیعت خراب ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہو سکا۔ پولیس کارروائی کے بعد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

حیدرآباد، خسرہ مہم کے دوران ویکسین لگنے کے بعد بچی کا انتقال

ڈی ایچ او کے حکم پر ایم ایس شاہ بھٹائی کی سربراہی میں 4 رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل

حیدرآباد (نیوز ڈیسک) حیدرآباد میں خسرہ مہم کے دوران مبینہ طور پر ویکسین لگنے کے بعد بچی انتقال کر گئی۔ بچی کے اہلِ خانہ نے بتایا کہ 18 اگست کو ماہ نور کو خسرہ سے بچاؤ کی ویکسین لگائی گئی تھی۔ اہلِ خانہ نے بتایا کہ بچی بخار میں مبتلا تھی، حالت خراب ہونے پر بھٹائی ہسپتال داخل کیا گیا جہاں وہ دم توڑ گئی۔ معاملے کی تحقیق کرنے کے لیے ڈی ایچ او کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

احمد یار، پھوپھی نے کمسن بھتیجے کو گلا دبا کر موت کی نیند سلا دیا

احمد یار (نیوز ڈیسک) پھوپھی نے کمسن بھتیجے کو گلا دبا کر موت کی نیند سلا دیا۔ تفصیلات کے مطابق محلہ مظفرآباد کے رہائشی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

لاہور: سندر کے علاقہ میں نہر سے 8 سالہ بچے کی لاش برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) سندر کے علاقہ میں نہر سے 8 سالہ بچے کی لاش برآمد ہوئی ہے، پولیس نے تحقیقات کا آغاز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

تھانہ مناواں! دو رکنی (پانو) ڈکیت گینگ گرفتار، موبائل فونز ہزاروں روپے نقدی و ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمہ درج

لاہور (خبرنگار) ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی کی ہدایت اور ایس پی کینٹ اویس شفیق کی سربراہی میں ایس ایچ او مناواں انسپکٹر عاطف ذوالفقار اور انکی ٹیم عاصم اے ایس آئی نے ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے شہریوں سے وارادت میں چھینے گئے مختلف موبائل فونز ہزاروں روپے نقدی و ناجائز اسلحہ برآمد کر کے مقدمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

صدر کی اگر رٹ باقی نہیں رہی تو استعفیٰ ہی ان کیلئے باعزت راستہ ہوگا: حافظ حسین

عارف علوی کا تردیدی بیان ٹھوس نہیں بلکہ ٹھس لگتا ہے، دستخط اگر صدر کے نہیں تو پھر کس کے ہیں

پیپلز پارٹی انتخابات کے بروقت انعقاد کے لیے تحریک چلا کر کفارہ ادا کرنا چاہتی ہے

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل پر صدر کے دستخط اور ڈاکٹر عارف علوی کے تردیدی بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ عارف علوی کی اگر رٹ باقی نہیں تو استعفیٰ ہی ان کے لیے باعزت راستہ رہ جاتا ہے، صدر عارف علوی کا تردیدی بیان ٹھوس نہیں بلکہ ٹھس لگتا ہے اگر دستخط صدر کے نہیں تو کس کے ہیں اس کی تحقیقات ہونا چاہئے اور اس تمام معاملے کی فرانزک رپورٹ کے سامنے لائی جائے، ڈاکٹر عارف علوی کہیں فاروق لغاری تو نہیں بن رہے۔

شہریوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات، عبداللہ خرم نیازی

ہیلتھ کونسل کے بجٹ کو ہسپتال کی بہتری کیلئے استعمال کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر جھنگ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی کی زیر صدارت ہیلتھ کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت کے افسران سمیت ہیلتھ کونسل کے ممبران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں دیگر انتظامی امور سمیت علاج معالجہ طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالہ سے مسائل زیر بحث لائے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں م جنریٹر کو تبدیل کروانے سمیت نئے مزید پنکھے لگانے اور ایئر کنڈیشنز کی مرمت کی منظوری دی۔ جبکہ ایمبولینس کی پارکنگ کیلئے جگہ کا بھی تعین کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ شہریوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات ہیں، اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

سانحہ جڑانوالہ سے عالمی سطح پر ملک کی جگ ہنسائی ہوئی ہے، علامہ ناصر عباس

اسلام آباد (آن لائن) سربراہ ایم ڈبلیو ایم علامہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ سانحہ جڑانوالہ سے عالمی سطح پر ملک کی جگ ہنسائی ہوئی ہے۔ واقعہ پر آئی جی پنجاب کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

شکارپور میں ہوٹل پر فائرنگ پولیس اہلکار سمیت 2 افراد جاں بحق

شکارپور (نیوز ڈیسک) شکارپور کے علاقے گڑھی یاسین کے قریب ہوٹل پر بیٹھے افراد پر ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 80)

دو روز میں کراچی میں ہمارے دو کارکنان کو شہید کر دیا، سعید غنی

حکومت سے مطالبہ ہے ان سانحات کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے

اس کے پس پشت عوامل کو بھی بے نقاب کیا جائے، میڈیا سے بات چیت

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے صدر و سابق صوبائی وزیر سینیٹر سعید غنی نے گزشتہ دو روز میں کراچی میں ہمارے دو کارکنان کو شہید کر دیا گیا ہے۔ پرامن سیاسی کارکنوں پر اس طرح حملے ہونے بہت سے سوالات اٹھاتا ہے۔ حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ نہ صرف ان سانحات کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے بلکہ اس کے پس پشت عوامل کو بھی بے نقاب کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز بلدیہ ٹاؤن عابدہ آباد کے علاقے میں پیپلز پارٹی یوسی 31 کے سینئر نائب صدر شوکت حماد بلوچ کی نماز جنازہ میں شرکت اور بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ نماز جنازہ میں پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر لیاقت آسکانی، سابق رکن قومی اسمبلی عبدالقادر مندوخیل، محمد آصف خان، پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ کی مختلف یوسیز کے چیئرمین و وائس چیئرمین، پی ایس کے صدور و دیگر عہدیداروں کے علاوہ کارکنوں اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بلب ٹھیک کرتی مانو بلی کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

دبئی (نیوز ڈیسک) بلی اپنی پھرتی اور چالاکی کی وجہ سے شیر کی خالہ کا خطاب تو پہلے حاصل کر چکی ہے؛ مگر اب سوشل میڈیا پر زیر گردش ویڈیو میں ایک مانو بلی الیکٹریشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 81)

پٹرول کے بعد بجلی کی قیمت میں اضافہ کی تیاری قابل مذمت ہے، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کیلئے عوام پر مہنگائی کے کوڑے برسا رہی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پیٹرول کی بعد بجلی کی قیمت میں اضافہ کی تیاری قابل مذمت ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ملکی معیشت کیلئے تباہ کن ہے۔ حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں اور مہنگائی سے ایسے لگ رہا ہے جیسے وہ ملک سے غریب عوام خاتمہ چاہتی ہے۔ پہلے ہی کمر توڑ مہنگائی، بیروزگاری اور یوٹیلیٹی بلز کے ہاتھوں غریبوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ لوگ دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان ہیں۔ ایسے میں حکومت نے پیٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے مہنگائی کے ایک نئے طوفان کو عوام پر مسلط کر دیا ہے۔ حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کیلئے عوام پر مہنگائی کے کوڑے برسا رہی ہے۔ آئی ایم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 82)

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ظلم ہے
ظالمانہ مہنگائی ختم کرو
احتجاجی مظاہرہ
احتجاجی مظاہرہ
زون 146

لاہور: پیٹرول کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے کیخلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ سے کالمسٹ فورم گوجرانوالہ کے وفد کی ملاقات

یونیورسٹی آف گوجرانوالہ کی بھی منظوری دی جا چکی، اس سال ایک ارب روپے مختص کئے جائیں گے

گوجرانوالہ میں متعدد میگا پراجیکٹس کی منظوری دے دی گئی، ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل سے کالمسٹ فورم گوجرانوالہ کے وفد کی ملاقات، وفد میں صدر کالمسٹ فورم گوجرانوالہ ارشاداللہ سندھو، پیر اشرف شاکر، مہر محمد امین ایڈووکیٹ، ڈی ایس پی ریٹائرڈ غلام عباس، ناصر مہر، ایم جے وٹو فاروق ساگر، ایڈووکیٹ سلیمان کھوکھر، منظور الٰہی مغل، سفارش علی باجوہ، افضال انقلابی، ڈاکٹر شیر محمد، علی انصاری، فاروق عارف و دیگر شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے وفد کو بتایا کہ گوجرانوالہ میں متعدد میگا پراجیکٹس کی منظوری دے دی گئی ہے، گوجرانوالہ سے سیالکوٹ موٹروے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

دو درندوں نے جنگل میں لکڑیاں لانے کے لیے جانے والی نابالغ دو بچیوں کو جنسی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا

چناری (آن لائن) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کی یونین کونسل کھلانہ میں انسانی شکل میں چھپے ہوئے دو درندوں نے جنگل میں لکڑیاں لانے کے لیے جانے والی نابالغ دو بچیوں کو جنسی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا۔ جنسی ہوس کے بعد برہنہ کر کے گھر بھیج دیا، مقامی کھر پنچوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کالمسٹ فورم گوجرانوالہ کے نمائندوں سے مختلف امور پر گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی میں ڈینگی وائرس کے مزید پانچ مریض سامنے آگئے

ضلع بھر میں مجموعی طور پر ڈینگی مریضوں کی تعداد 93 ہوگئی، محکمہ صحت کی رپورٹ

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی وائرس کے 5 نئے مریض رپورٹ ہوئے ہیں۔ محکمہ صحت کے مطابق ضلع بھر میں مجموعی طور پر ڈینگی مریضوں کی تعداد 93 ہوگئی ہے۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کا کہنا ہے کہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کئی مقدمات درج کیے جا چکے ہیں، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 338 عمارتیں سیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

ظلم کے خلاف خاموشی بھی جرم ہے، ہمیں اپنے حق کے لئے آواز اٹھانی ہے، گورنر سندھ کامران ٹیسوری

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام ہیلپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

رانی پور: اسد شاہ کی حویلی میں محصور تمام بچیوں کو نکال کر گھر بھیجیں گے، پولیس

رانی پور (نیوز ڈیسک) رانی پور میں تشدد سے کمسن ملازمہ کی ہلاکت کے بعد پولیس کی بھاری نفری پیر اسد شاہ کی حویلی کے باہر تعینات کر دی گئی۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

سعودی عرب، چار پاکستانیوں سمیت پانچ منشیات فروش گرفتار

سکیورٹی پٹرولنگ نے مختلف علاقوں میں چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران گرفتاریاں کیں، حکام

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی عرب میں انسداد منشیات حکام نے مملکت کے مختلف خطوں میں منشیات کی تشہیر کرنے میں ملوث پانچ سماج دشمن عناصر کو حراست میں لینے کے بعد ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جنرل ڈائریکٹوریٹ آف نارکوٹکس کنٹرول نے ریاض میں چار پاکستانی باشندوں کو گرفتار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

قریباً بجلی کے بغیر پرواز کرنے والا معلق ڈرون تیار



سیئول (نیوز ڈیسک) جنوبی کوریا کے سائنسدانوں نے ایک مائیکرو ڈرون بنایا ہے جو روایتی ڈرون سے 150 درجے کم توانائی استعمال کرتا ہے، ہوا سے بجلی بناتا ہے اور یوں طویل عرصے معلق رہ سکتا ہے۔ تمام خوبیوں کے باوجود ڈرون کی بجلی تیزی سے خرچ ہوتی ہے اور یوں انہیں طویل عرصے تک پرواز کے قابل نہیں بنایا جاسکتا۔ اس کمی کے تحت کوریا ایڈوانسڈ انسٹی ٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے تجرباتی ہوائی سرنگ (ونڈ ٹنل) میں اس کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ ڈرون نے ہوا سے ہی بجلی بنائی اور بہت دیر تک فضا میں برقرار رہا۔

دنیا کا چھوٹا ترین چمچ تیار کرنے کا نیا عالمی ریکارڈ قائم



پٹنہ (نیوز ڈیسک) بھارتی ریاست بہار سے تعلق رکھنے والے ششی کانت پرجاپتی نے دنیا کا سب سے چھوٹا لکڑی کا چمچ بنانے کا گینز ورلڈ ریکارڈ بنا لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 25 سالہ ششی کانت کے بنائے ہوئے چمچ کی پیمائش 6.1 ملی میٹر (06.0 انچ) ہے جس نے 2 ملی میٹر (07.0 انچ) کے پچھلے ریکارڈ کو توڑ دیا۔ گینز نے بتایا کہ اس سے قبل 2022 میں ایک اور بھارتی شہری نورتن پرجاپتی مورتیکر نے چھوٹے چمچ بنانے کا ریکارڈ قائم کیا تھا۔ مقابلے کے لیے اہل ہونے کے لیے چمچ معیاری لکڑی کے بڑے چمچے کی نقل ہونا لازمی تھا یعنی اس میں واضح طور پر چمچ کے سرے پر چھوٹا کٹورا اور ہینڈل ہونا ضروری تھا۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور